کشایش نامہ

(۳۳۱ سالہ قدیم قلمی نسخہ)

کشایش نامہ

(۳۳۱ سالہ قدیم قلمی نسخہ)

مصنف

خواجہ راج کرن کایستھ

ترجمہ و تلخیص

پروفیسر طلحہ رضوی برق

وزیٹنگ پروفیسر، شعبۂ اردو، دہلی یونی ورسٹی

ترتیب و تہذیب

پروفیسر ارتضیٰ کریم

شعبۂ اردو، دہلی یونی ورسٹی، دہلی

کتاب : کشایش نامہ
مصنف : خواجہ راج کرن کایستھ
ترجمہ : پروفیسر طلحہ رضوی برق
ترتیب : پروفیسر ارتضیٰ کریم
اشاعت : 2011
تعداد : 500
قیمت : -/200 روپے
کمپوزنگ : عبدالماجد
پیش کش : شعبۂ اردو، دہلی یونی ورسٹی، دہلی
مطبع :

تقسیم کار

موڈرن پبلشنگ ہاؤس، 9-اے گولا مارکیٹ، دریا گنج، دہلی-2

KUSHAISH NAMA

Translated by : Prof. Talha Rizvi Barque
visiting professor,Department of Urdu University of Delhi

Edited by

IRTEZA KARIM
Prof.& Head,
Department of Urdu
University of Delhi
Delhi- 110007

ISBN-81-

Rs.200/-

DISTRIBUTOR

MODERN PUBLISHING HOUSE
Modern Publishing House, Delhi-2

ترتیب

اس کتاب کی اشاعت میں کسی

ادارے کا مالی تعاون شامل نہیں ہے۔

اعتذار

انسان بچپن سے ہی جن و پری کی کہانیاں سن سن کر قصوں، حکایتوں اور داستانوں سے ایک انس و میلان پیدا کرلیتا ہے۔ کسی زبان میں قصہ گوئی، حکایت بیانی اور داستان سرائی کی اہمیت مسلم ہے۔ یہ واقعاتی بھی ہوتی ہیں اور تخیلی بھی۔ قصص القرآن یعنی واقعۂ سلیمان و بلقیس، یوسف و زلیخا، موسیٰ و خضر اور سب سے بڑھ کے آدم وحوا کی سرگذشت پر تو ہمارا ایمان ہی ہے۔ دیگر تخیلی و تصوراتی رَشحاتِ قلم مثلاً الف لیلیٰ، حکایات لقمان، داستان امیر حمزہ، کلیلہ ودمنہ، فسانۂ عجائب، عیارِ دانش، رامائن، قصہ حاتم طائی یا چہار درویش وغیرہ نے بھی ذہن سازی اور درستگیِ اخلاق میں بڑا اہم رول ادا کیا ہے۔

دماغ تابع ہے حواسِ خمسہ کا لہٰذا یہ سارے قصے کہانیاں اور داستانیں ہمارے محسوسات، مشاہدات اور افکار و خیال کے وہ خوبصورت تانے بانے ہیں جن میں انسانی معاشرے کا ہر گوشہ منعکس ہے۔ ہماری خواہشیں، آرزوئیں، تمنائیں نت نئے رنگ سے انگڑائیاں لیتی ہیں ع

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے۔

یہ تخلیقات ذہنی ننانوے فیصد تعمیری ہوتی ہیں کہ یہی انسانی فطرت کا تقاضہ ہے، انفرادی نقطۂ نظر سے بھی اور اجتماعی زاویۂ نگاہ سے بھی۔

پیش نظر کتاب 'کشایش نامہ' فارسی زبان میں فکر وخیال کا ایک ایسا بے نظیر مرقع ہے جسے اُس کے افادی پہلوؤں کے پیش نظر زبان وادب کا ایک اعلیٰ شاہکار کہا جاسکتا ہے۔ تین سو سال قبل عہد شاہ جہانی میں جو فارسی زبان وادب کا عہد زریں تھا خواجہ راج کرن کایستھ نے یہ کتاب تصنیف کی، مگر آج تک مصنف وتصنیف دونوں گوشۂ گمنامی میں رہے۔ اللہ کی رحمت ہو پروفیسر خواجہ احمد فاروقی اولین صدر شعبۂ اردو، دہلی یونی ورسٹی پر جنھوں نے بڑے عزم اور حوصلہ سے شعبے کا آغاز کیا، اُسے سنوارا اور قریہ قریہ گھوم کے ایسے مخطوطات جمع کیے جو آج بھی شعبۂ اردو کا قیمتی اثاثہ ہیں۔

قیام شعبۂ اردو کے پچاسویں سال پر جشن زریں کا شاندار تاریخی انعقاد ہوا۔ اس جشن اساسی کے موقع سے شعبۂ اردو نے کئی کمیاب اور نایاب کتابیں زیور طبع سے آراستہ وپیراستہ منظر عام پر لائیں۔ 'دہلی اردو اخبار'، 'سیر دہلی' اور 'کشایش نامہ' اس کی خوبصورت مثالیں ہیں۔ یہ کتاب بہر لحاظ اہم اور گرانقدر ہے پچاس برسوں سے یہ شعبہ کی آہنی الماری میں گرد وغبار سے اٹی پڑی تھی۔ جس نے بھی دیکھا بھاری پتھر سمجھ کر دیکھا، چوما اور رکھ دیا۔

فروری 2010 میں دہلی یونی ورسٹی نے پروفیسر طلحہ رضوی برق سابق صدر شعبۂ اردو و فارسی، ویر کنور سنگھ یونی ورسٹی، آرہ (بہار) کو اس شعبۂ اردو میں مہمان پروفیسر کی حیثیت سے بحال کیا۔ موصوف علم وادب کی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔ اس شعبہ میں ان کی تشریف آوری یوں مبارک ثابت ہوئی کہ انھیں بحیثیت 'ایمنٹ پرشین اسکالر' 2010 کا نیشنل ایوارڈ صدر جمہوریہ ہند کی طرف سے عطا کیا گیا۔ یہ ہم سب کے لیے باعث مسرت ہے۔

برق صاحب نے کشایش نامہ کے قلمی نسخہ کا دیدہ ریزی کے ساتھ مطالعہ کیا، اسے خط شکستہ سے نستعلیق میں منتقل کیا اور اس کا سلیس ترجمہ اور تلخیص بھی پیش کر دیا۔ اس کے لیے شعبۂ اردو، ان کا شکر گزار ہے۔

اس کتاب کی ادبی ولسانی اہمیت، اخلاقی افادیت اور صوفیانہ قدروں پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے ایک تفصیلی تعارفی مقدمہ بھی سپرد قلم کیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ صاحبان علم ودانش اسے قدر کی نگاہوں سے دیکھیں گے۔

ارتضیٰ کریم

صدر اور پروفیسر، شعبۂ اردو

دہلی یونی ورسٹی، دہلی

مقدمہ

گوہر پاک بباید کہ شود قابلِ فیض
ورنہ ہر سنگ و گلی لولؤ و مرجان نشود

کسی آدمی کی شخصیت کا بہتر اندازہ اس کے بول چال اور زبان و بیان سے ہی لگایا جاتا ہے۔ سعدی کہتے ہیں ؎

چوں مرد سخن نگفتہ باشد عیب و ہنرش نہفتہ باشد

ایک زمانہ تھا کہ حرف شناسی و ناظرہ خوانی کے بعد گلستان، بوستان اور سکندر نامہ و سہ نثر ظہوری تک کی تعلیم کسی شخص کے فہم و شعور کا معیار، تہذیب و شائستگی کی علامت اور اس کے لقد کرمنا بنی آدم کا مصداق ہونے پر دلیل تھی۔ آج زمانہ بہت آگے نکل چکا ہے۔ سائنسی انکشافات و اختراعات نے دنیا ہی بدل کر رکھ دی ہے۔ تاہم انسان اپنی فطرت و جبلت سے الگ نہیں ہو سکا ہے اور نہ یہ ممکن ہے۔ عقل و خرد کی مضبوط گرفت بھی اسے جادوئے جمال و طلسم خیال کی بوالعجبیوں سے محفوظ نہ رکھ سکی۔ علم و آگہی کی مستی اور فکر و شعور کا سرور اسے جہانِ آب و گل سے ماورا عالم

بیخودی کی اس رنگین فضا میں پہنچا دیتا ہے۔ جہاں وہ لفظوں کے ہوا محل بنانے لگتا ہے۔ رعنائی خیال شعری جامہ پہننے لگتی ہے اور برنائی جمال نثر پارے تراشتی ہے۔ خامہ انگشت بدنداں کہ اسے کیا لکھے؟

بہر حال ہم ان نابغانِ وقت کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں جن کے سحر طراز قلم نے ہمارے لیے ایسے حسین و دلکش نقوش چھوڑے، جن کا جواب نہیں۔ ہندوستان میں شاہانِ مغلیہ نے علم و فن کی جو سرپرستی کی، ادیبوں اور شاعروں کی جو قدرشناسی اور عزت افزائی فرمائی اس کا شہرہ سُن کر ایرانی نثر نگاروں اور شاعروں نے بھی ہندوستان کا رخ کیا اور اس خطّہ ارضی کو متاع شعر وادب میں ایران کا ہم پلہ کر دیا۔ سرزمین ہند کے فارسی دانوں نے بھی اپنی جودت طبع سے نزاکتِ فکر و خیال وطرحدارئ حسن و جمال کے ایسے ایسے شہپارے پیش کیے جن کی مثال نہیں۔ عہد شاہجہانی اس نقطۂ نظر سے عروج کی اس منزل میں تھا کہ فیوض علمی و برکاتِ قلمی سے بہرہ اندوز کچھ نابغان ہند، برہمن زادہ و رمز آشنائے روم و تبریز لالہ زادگان چمنستانِ نگارش و نازشِ قلمدان علم و دانش یعنی منشیان کایستھ شاہ جہان آباد (دہلی) و اطراف نے بھی اپنی طراوشِ قلم سے سجع نگاری و مقفیٰ عبارت آرائی کے ایسے نادرفن پارے پیش کئے جو رشک رشحاتِ ظہیرؔ و ظہوریؔ ہیں۔

فی الوقت میری مراد ایک ہندی نژاد صاحب قلم خواجہ راج کرن کایستھ ہمعصر ظہیرالدین تفرشی و ملا ظہوری ترشیزی سے ہے۔ جن کی تصنیف لطیف "رسالۂ کشائش نامہ" (فارسی) آج سے تین سو کتیس سال قبل معرضِ وجود میں آئی مگر مُرورِ ایام نے اسے منظرِ عام پر آنے نہ دیا۔ کشائش نامہ" کے پیش نظر قلمی نسخہ کے آخر میں راج کرن لکھتے ہیں:

"با تمام پیوست نسخۂ کشائش نامہ بعون اللہ تبارک تعالیٰ، حالا تاریخ چند کہ عزیزانِ ارجمند در سالِ اتمامش گفتہ آید۔ عزیز بزرگ منش، والا دانش نند لعل منشی می گوید،

قطعہ:

خواجہ راج کرن خوش فرجام	نامۂ نغز را چو داد انجام
سال اتمام آن بگفت خرد	"نامۂ من بخیر باد انجام"

۱۱۰۰ھ

ایضاً

راجکرن چو از کرم خالق العباد　　تصنیف کرد نامۂ رنگین خوش سواد
تاریخ اتمام پرسیدم از خرد　　ہاتف ز غیب گفت ''شگفتہ گل مراد''

۱۱۰۰ھ

ایضاً

تصنیف نمود خواجۂ راج کرن　　صحفی کہ بطبع چون صبوحات بود
سالِ اتمام آن لطیفۂ خردم　　برگفت ''صحیفۂ فتوحات بود''

۱۱۰۰ھ

کافور خان سہسرامی می گوید:

کشایش نامۂ من آفتابیست　　کہ فیضِ او بخاص و عام کم نی
پی تاریخ او از عالمِ غیب　　سروش آمد بگوشم گفت ''غم نی''

۱۱۰۰ھ

منشی نندلعل نے ایک قطعہ تاریخ اور کہا ہے:

چو خواجہ راجکرن دانش آمود　　نگاریں نامۂ تصنیف بنمود
خرد می گفت تاریخِ تمامش　　''سرانجام کشایش نامہ بہبود''

۱۱۰۱ھ

مگر اس کے چوتھے مصرعہ سے تاریخ ۱۱۰۱ھ آتی ہے۔ بمقابلہ دیگر قطعات تاریخ اتمام کے اس میں ایک عدد بڑھنے کی بات سمجھ میں نہیں آتی۔ ایسا لگتا ہے کہ ''سرانجام'' میں الف وصل ہوا ہے اسی لیے اس کا ایک عدد منہا کر کے ۱۱۰۰ھ کر لیا ہو حالانکہ یہ اصول تاریخ گوئی کے خلاف ہے۔

پیش نظر قلمی نسخہ کشایش نامہ کے نسخہ اصلی کی نقل ہے۔ یہ نسخہ ۱۲۳۱ھ میں شخصے دل سکھ رام اگروالہ نے بخطِ شکستہ شفیعی، اپنے دوران طالب علمی جبکہ ان کی عمر چودہ پندرہ سال سے زیادہ نہ رہی ہوگی، نقل کیا ہے۔ ظاہر ہے اس کچی عمر میں سوا سو برس قدیم قلمی نسخہ کی نقل جا بجا سہو و غلط اور

فروگذاشتوں کی حامل ہے۔ ترقیمہ اس کا دل سکھ رام یوں لکھتے ہیں:

" نسخہ کشایش نامہ من تصنیف راجکرن کایستھ بخطِ خام بندۂ درگاہ اضعف العباد عبودیت دلسکھ رام ہنگام طفولیت کہ در مکتب خانہ تدریس علوم می نمود و در عہد صاحبان انگریز بتاریخ چہاردہم شعبان بروز چہار شنبہ ۱۳۲۱ھ وقتِ سہ پہری مطابق آساڑہ سدی پورنماشی سمت ۱۸۷۳ باتمام رسید ۔

هرکه خواند دعا طمع دارم زانکه من بندۂ گنهگارم
من نوشتم صرف کردم روزگار من نمانم این بماند یادگار

الٰہی ہر کہ ایں را بخواند و مارا یاد کند بزودترین اوقات اورا از علم بہرہ وافر دہاد، بحرمت النبی والامجاد والہٖ ۔" (کذا)

یہ رسالہ سات کشایش پر مشتمل ہے۔ حسب معمولِ قدیم صفحات پر نمبر شمار نہیں دیئے گئے ہیں بلکہ ہر ورق کے صفحۂ دوم کے نیچے حاشیے پر آیندہ ورق کے صفحۂ اول پر شروع ہونے والی عبارت کے دو تین الفاظ درج کرتے ہیں جن سے ربط و تسلسلِ تحریر معلوم ہو سکے۔ کتاب کے کل صفحات کا اندازہ بایں سبب مشکل ہے کہ کشایش ششم کے آخری چند ورق کے ساتھ کشایشِ ہفتم کے مکمل اوراق درمیان سے غائب ہیں۔

۱۱۰۰ھ میں جو جلوسِ عالم گیری کا ۳۳ واں سال تھا، دارالخلافت شاہ جہان آباد (دہلی) کے صوبہ سکندر آباد کا ایک ہندو نژاد غیر مسلم زبان فارسی شیریں میں، جو اس کی مادری زبان نہیں ہے، انشاو نگارش کا ایک ایسا عمدہ نفیس و دلنشین نمونہ پیش کرتا ہے جسے دیکھ کر اہل زبان ایران بھی دنگ رہ جائیں۔ راج کرن کایستھ کے حالات زندگی کی تفصیل سے تذکرے خالی ہیں۔ بس اتنا ہی جو خود مصنف نے کشایش نامہ کے آغاز میں لکھ دیا ہے کہ وہ چکلہ سکندر آباد میں رہتے تھے، ان کے والد کا نام بھوانی داس تھا۔ نواب صالح خان نے بھوانی داس کو پرگنہ بدایوں کا ناظم و مہتمم بحال کیا تھا۔ بھوانی داس نے اپنے بیٹے راج کرن کو بھی وہیں بلالیا۔ ان سے بڑے بھائی صاحب رام اور ان سے چھوٹے بھائی جسن کرن والد کے ساتھ وہاں پہلے سے ہی تھے۔ وہاں انہیں

ملازمت مل گئی۔ دونوں بڑے اور چھوٹے بھائی دہلی کو روانہ ہوئے اور راجکرن والد کی معیت میں شہر بریلی میں بہ عہدۂ سردفتری محرّران مامور ہوئے۔ مصنف راجکرن کایستھ کے ہی الفاظ میں ملاحظہ ہو:

''این نیاز مند مخلوقات از چندے اوقات خود بہر قابوے کہ دست داد در چکلۂ سکندر آباد صوبہٖ دارالخلافت شاہ جہان آباد بسر می برد و عمر مستعار خود را بسر منزل موعود می رسانند در خلال این حال کہ قبلہ اقبال مربی مفضال خداوند غمخوار والد بزرگوار یعنی بھوانی داس فدای حالی سلمہ اللہ البقا بخدمتِ انتظام مہماتِ پرگنہ بدایون از سمت صاحبزادۂ گرامی بدست سامی مرتبت نواب صالح خاں امتیاز یافتند از بس جوش دریائے الفت و تموج بحر شفقت این اضعف ترین نوع انسانی مرا طلبِ حضور فرمودند........... براہ سعادت از سر قدم ساختہ در رسیدم دیدم کہ برادر بزرگ مخدوم سترگ ،تفقدِ تمام بھائی صاحب رام و برادرِ صغیر بدانش کبیر........... یار برخوردار سعادت مقرن بھائی جَسکرن .... در باب فراق من سایہ پرور بے تاب است، بہر حال شرف از سعادت ملازمت دریافتہ............ اتفاقاً برادر صغیر و کبیر کام سج (کذا) روانہ بسمتِ دارالخلافہ شاہ جہان آباد شدند و قرعۂ قسمت نیاز مند بر منصبۂ ہمراہیٔ قبلہ گاہی در بلدۂ بریلی افتادۂست بر منتخب حال انتخاب ماندم و چون فردِ سرِ دفتر افسردہ وست محرّران چند گردیدم...........''

یہ طے ہے کہ رسالۂ کشائش نامہ ۱۱۰۰ھ میں تمام ہوا۔ خواجہ راج کرن نے اسے کب اور کن حالات میں لکھنا شروع کیا تھا اس کا اشارہ ضرور موجود ہے جیسا کہ وہ خود رقم طراز ہیں:

''...........چوں فردِ سرِ دفترِ افسردہ وسستِ محررانِ چند گردیدم، چنانچہ صائب می گوید۔

بینوایاں را بلاہا در قفاست
وائے بر فردے سر دفتر بود

چون معلوم کردم کہ طبع نوآموزِ من تاب کشمکشِ زمانۂ انصاف سوز و جہالت افروز نیارد دل تنگ می آید لاچار از بی تسلّی دل دیوانہ حکایتے چند احوال گذشتگان کہ در زمانِ پیشین غریقِ دریائے آفات فلکی شدہ بفضل حضرت مُسبّب الاسباب بہ ساحل مراد رسیدہ اند بدست آوردہ پای بندی از شغل تصنیف بر پائے ایں طایر نو گرفتار کہ اضطرار می داشت بگذاشت تا از طپش تش کند و عقالے از تلفیف بر زانوے ایں شتر بے مہار کہ مضطربانہ می جست فرابست تا از حبس باز رسید، بنا بر ضرور رجوع بہ ہمتِ زاہد سیہ پوش خامہ کہ چلہ کش حجرۂ مجرد است آوردیم چنانچہ بہ یمن دعوات آن سیار عالم روشنای شروع در ترتیب این رسالہ آمد، علیم کریم از کرم عمیم بحد اتمام رسانید............قطعہ

کشایش نامہ را ہر کس کہ خواند

نماید سینہ را از فہم خود حک

کہ تاریخ تمامش گفت ہاتف

"دہد حقا کشایش ہائے بے شک"

۱۱۰۰ھ

اس رسالے میں مختصر و طویل سات قصّے اور حکایتیں بیان ہوئی ہیں، بڑی عبرت انگیز، نتیجہ خیز اور سبق آموز۔ صبر و تحمل، جد و جہد، حلم و بردباری، توکل و قناعت، شکر و رضا کی تعلیمات میں عالمانہ و حکیمانہ نکات کے ساتھ ساتھ اخلاقی قدروں کے تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے صوفیانہ انداز اور ناصحانہ لب و لہجہ اختیار کیا گیا ہے۔ قصہ گوئی اور داستان نویسی میں دلچسپی قایم رکھنے کے لیے تحیر و تجسس کا عنصر لازمی ہے۔ مصنف نے بڑی فنکاری اور زباندانی کے ساتھ اول تا آخر اس کا التزام رکھا ہے۔

چند عناوین کشایش سے ہی بیان کردہ قصص و حکایت کے مقصد و ہدف کا علم ہوتا ہے اور انداز نگارش، طرز تحریر و اسلوب و ادا کی دلفریبیوں کا پتہ چلتا ہے۔ مثلاً

"کشایش دوم از حالتِ آن بادشاہ زادۂ بلند ارادہ باشد کہ شکستگیٔ حالش روکش زلفِ

بتاں و پیچشِ احوالش ہیچ انداز کاکلِ لعبتانست۔''

''کشایش سوم از حالت آن سلطان زادۂ سترگ ارادہ باشد کہ در فراز ونشیب حجرۂ دوازدہ گاہی در قبض و گاہی در بسط گذرانیدہ، پس از اشکال دوازدہ سال احوال اصلی رسیدہ۔''

یہی حال دیگر کشایش کا بھی ہے۔ کہیں رائے زادۂ ہندی کے اشکال کا قصہ ہے کہیں پسرے زناردار کی کشمکش وعقدہ کشائی تقدیر کا اور کہیں کسی زنِ خوشرو و پاکیزہ خو کی مشکلاتِ زندگی کی آزمایشی گھڑیوں کا۔ آخر ہر قصہ وواقعہ میں یاوری قسمت ودست اندازیٔ قدرت وتوجہ خاص قادر قیوم سے نتائج مرتب کئے گئے ہیں۔ صرف کشایش اول ہی مختصر اور محض دو صفحات پر ہے۔ آخری جملہ یوں ہے:

''اے دل دیوانہ در کشایش زمانہ دامن تفضل آن دوست یگانہ کہ در آمرزش بہانہ جواست از دست مدہ کہ آخر ہر مشکل کشایش است چنانچہ مولوی رومی فرماید ؎

در پسِ ہر گریہ آخر خندہ ایست
مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست

کشایش نامہ کے انداز تحریر واسلوب وادا سے نمایاں ہے کہ یہ طرز نگارش ''شبنم شاداب'' و ''مینا بازار'' سے متاثر ومستعار ہے۔ ''شبنم شاداب'' ظہیر الدین ظہیر تفریشی کی تصنیف ہے اور مینا بازار ملا نورالدین محمد ظہوری ترشیزی کی۔ اگرچہ موضوعات ہر سہ کتب ایک دوسرے سے قطعاً مختلف ہیں۔

اس سے قبل کہ میں کشایش نامہ کی خصوصیات پر روشنی ڈالوں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ خواجہ راجکرن کے ہم زمانہ ان ایرانی فنکاروں کے شہپارے شبنم شاداب و مینا بازار کا تعارف کرادوں۔ ہندوستان کے سلاطین مغلیہ کی طرح ایران میں شاہانِ صفویہ بھی اپنی حسن پسندی، علم دوستی، ادیبوں اور شاعروں کی قدر افزائی نیز محلات و باغات کی تعمیر میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔ شاہ عباس صفوی کی تخت نشینی ۹۹۵ھ میں ہوئی۔ اس اقبال مند بادشاہ نے بہت کم عرصہ

میں نئے نئے شہر آباد کئے اور خوشنما باغات تعمیر کئے۔ شاہ عباس اعظم کے نام پر کئی شہروں کا تذکرہ ملتا ہے مگر تاریخ عالم آرائے عباسی کے مصنف سکندر بیگ ترکمان نے نواحِ اصفہانِ نصف جہاں میں جس ''باغ عباس آباد'' کا ذکر کیا ہے۔ ظہیر تفریشی کی تصنیف لطیف ''شبنم شاداب'' دراصل اسی باغ کی تعریف میں زبان و بیان کا اعجاز ہے۔ ''شبنم شاداب'' صرف ۲۵ صفحات پر محتوی صفت حوض، صفت فوارہ وحباب، صفت باغ، تلازم انعقاد محفل شادی، تلازم در بار بہ اجلاس خسرونو بہار بہ سریر تختۂ گلزار اور ایک ساقی نامہ پر مشتمل ہے۔ چند اقتباسات ملاحظہ ہوں۔ اس '' بہشت بہجت طوبیٰ طراوت'' کے لیے لکھتا ہے۔

'' تا صیاد آفتاب دام عالم گیر پرتو بر دوش گرد ہند سواد امکان برآمدہ، بہ این نقش و نگار طاؤس در شبکۂ شعاع نیفگندہ، و تا بوالعجب متخیلۂ پردۂ خیال بازی اندیشہ در پیش چراغ ضمیر کشیدہ بہ این آرایش و آئین باغچہ سلیمانی بہ نظر تماشائیان حواس در نیامدہ؟ نسیم حدیث نظیرش بر گل نسترن گوشی ورزیدہ و سنبل رقم عدیلش پیش نرگس چشمی نہ دمیدہ۔'' ص۔ ۱۳

اس کے چند خوبصورت جملے صفت فوارہ وحباب میں بھی ملاحظہ ہوں:

'' چہ فوارۂ شیرین خیمہ نشین است، گیسوی گوہر کش رشحہ برتن بلوریں افشاندہ، و پرویز حباب از دور با چشم نمناک بہ تماشا ایستادہ حباب ہا بہ رنگ فاختہ با سرورانِ فوارہ در نظر بازی، و شمع و پروانہ از غیرت گرمی این ہنگامہ در اشک ریزی و جان گدازی۔ آب کدام؟ جوش سیماب است کہ از چاہِ فوارہ بہ جذب طلای آفتاب جستن نمودہ، و نیزۂ غازیان است کہ نارنج خورشید بہ نوک سنان ربودہ۔'' ص۔ ۱۲

ابوالفضل نے آئین اکبری میں اور محمد حسین آزاد نے '' آب حیات'' میں لکھا ہے کہ قلعۂ آگرہ میں اکبر بادشاہ کی جدت پسند طبیعت نے ہر ماہ ایک زنانہ بازار آراستہ کرنے کی طرح ڈالی۔ اس بازار میں خواتین حرم و دیگر پردہ نشین مستورات بھی آتیں اور خرید و فروخت عام طور پر کی جاتی۔'' قبلۂ عالم ان ایام کو خوش روز اور یوم نشاط کے نام سے یاد کرتے۔'' ظہوری ترشیزی

نے اپنی کتاب ''مینا بازار'' میں اسی زنانہ بازار کا ذکر اور گیارہ فصول میں اس کی تصویر کشی کی ہے مثلاً تمہید در وصفِ زنانہ بازار، دکان جوہری، دکان گلفروشی، دکان حلوائی دکان عطار و سبزی فروش وغیرہ ظہوریؔ کی سہ نثر یعنی ''دیباچہ نورس'' گلزار ابراہیم'' اور ''خوان خلیل'' کی طرح ''مینا بازار'' بھی اپنی انشاء اور اوصافِ گوناگوں کے لحاظ سے منفرد ہے۔ چند جملے نمونۃً ملاحظہ فرمالیں:

''عصمتیانِ روپوشِ حیا پرور و خلوتیانِ عفت کوشِ پاک نظر را مژدہ باد کہ وقتِ گرمی بازارِ نشاط است وبسطِ بساطِ انبساط، یعنی زنانہ بازارے ملا یک نظر فریب، دل نشینِ تمام زیب، ترتیب یافتہ کہ از کمالِ دلبستگی جز صیتِ حسنِ صفا پرور، دیگرے از اوبیرون نشتافتہ۔'' ص۔ ۲۵

''تا نگارِ گلفروش، دکان گلفروشی چیدہ، بہار از جوشِ غم برنگِ خزاں حنا شکستہ رنگ گردیدہ، گل چہرہ اش در گلشن رعنائی بوجہی نیکوست کہ خونِ صد ہزار بہار بگردن اوست، شادابی گلچہرہ اش از مغز زہد خشک یبوست، حسن و شگفتگیش برطرف سازِ چینِ پیشانی بخل گرفتۂ طبع و ناشگفتہ جبیں۔ باستعارۂ نازکیٔ خویش، خارخشن، برگلِ نازک بدن طعنہ زن،'' ص ۳۵

''مینا بازار'' کل ۳۶ صفحات پر سجع و مقفٰی نگاری کا ایک خوبصورت و شاداب نمونہ ہے فنکار بے مثال و قلم آرائے ہندی خواجہ راجکرن کایستھ نے اپنی نادر روزگار کتاب ''کشایش نامہ'' میں کہیں پر بھی اشارۃً و کنایۃً ہی سہی ''شبنم شاداب'' یا ''مینا بازار'' کا ذکر نہیں کیا ہے اور نہ کہیں ظہیرؔ و ظہوریؔ کا نام لیا ہے۔ مگر یہ دونوں کتابیں بھی اسی عہد میں کچھ سال آگے پیچھے معرضِ تحریر میں آئی ہیں۔

محمد نعیم الرحمٰن استاد عربی و فارسی جامعہ الٰہ آباد نے بہ تصحیح و اعتنای شبنم شاداب کو ۱۹۳۵ء میں شایع کیا۔ اس میں لکھتے ہیں:

''ظہیر، عباس اعظم کی وفات یعنی ۱۰۳۸ھ (۱۶۲۸ئ) کے بعد تک زندہ رہا...... یہ نہایت عجیب و غریب بات ہے کہ تفرشی کی یہ کتاب ایران میں اس قدر گمنام بلکہ بے نشان ہے مگر ہندوستان میں اسے جو درجۂ قبولی حاصل ہوا۔ اس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ یہ قدیم زمانے

سے آج تک ہمارے ہاں فارسی تعلیم کے نصاب میں داخل ہے۔ اگر یہ قیاس بیجا نہیں کہ یہ پیدا ہوتے ہی ہندوستان پہنچ گئی تھی تو ہمارے ملک میں اس کا اقتدار تین سو برس سے قائم ہے۔'' ص۔د

۱۹۳۵ سے آج ۲۰۱۰ تک کے ۷۵ سال اور جوڑ لیجئے تو ایک اندازہ سے شبنم شاداب گیارہویں صدی کے آخر میں لکھی جا چکی تھی اور پیدا ہوتے ہی ہندوستان پہنچ گئی تھی تو بہت ممکن ہے راج کرن مصنف کشایش نامہ کی نظروں سے گزر چکی ہو۔

اسی طرح ''مینا بازار'' مصنفۂ ملا ظہوریؔ ترشیزی کو ڈاکٹر محمد احمد صدیقی، استاد عربی و فارسی، الٰہ آباد یونی ورسٹی نے بہ ترتیب و تصحیح و تقدمہ و تحشیہ ۱۹۵۴ء میں شایع کیا تھا فرماتے ہیں:

''اس کتاب بھر میں کسی جگہ بھی ایک لفظ، ایک اشارہ بھی ایسا نہیں ملتا کہ جس سے مصنف کا نام یا زمانۂ تصنیف معلوم ہو سکے۔'' ص۔۸

لیکن تحقیق و تفتیش کی جگر کاویوں کے بعد جو نتیجہ اخذ کیا گیا اس پر اتفاق رائے یہی ہے کہ مینا بازار کا مصنف ظہوریؔ ہی ہے۔

ظہوریؔ ۴۴ سال کی عمر میں ۹۸۸ء میں ہندوستان آیا اور ڈاکٹر صدیقی کی تحقیق یہ ہے کہ وہ ۱۰۰۴ھ سے ۱۰۲۵ھ تک احمد آباد و بیجاپور میں رہا۔ فیضیؔ جس زمانے میں دکن آیا تو اس نے ملک قمی اور ظہوریؔ (سسر داماد) سے ملاقات کی۔ فیضیؔ نے ظہوری کو دلّی آنے کی ترغیب دی مگر ظہوریؔ دلّی نہیں گیا۔ ۱۰۲۵ھ میں ملک قمی کے انتقال کے دو ہی ماہ بعد اس کا داماد ظہوریؔ بھی دنیا سے چل بسا۔

سوال یہ اٹھتا ہے کہ جب ظہوریؔ شمالی ہند نہیں آیا تو اس نے اکبر آباد (آگرہ) کے قلعہ شاہی میں ''مینا بازار'' کی سیر کیسے کی۔ کیا سنی سنائی پر تخیل و تصور سے ہی یہ سارا نقشہ کھینچ دیا؟ یہیں سے یہ شک بھی تقویت پاتا ہے کہ واقعی ''مینا بازار'' میر مبارک اللہ واضح ملقب بہ ارادت خان کی ہی تصنیف تو نہیں۔ میر مبارک اللہ ۱۰۶۲ھ میں پیدا ہوئے تھے اور ۳۸ سال کی عمر میں بعہد عالمگیر ۱۱۰۰ھ میں ملازمان شاہی میں داخل ہوئے۔ اگر مینا بازار کو میر واضح کی تصنیف مان بھی لیا جائے تو سال تصنیف ۱۱۰۰ھ کے بعد کا ہوگا جبکہ رسالۂ کشایش نامہ ۱۱۰۰ھ میں تکمیل پا چکا

تھا۔ بہرحال محققین وناقدین نے مینا بازار کو ظہوری کی تصنیف قرار دے دیا ہے۔ اس طرح مذکورہ دونوں کتابیں یعنی شبنم شاداب اور مینا بازار گیارہویں صدی کے اواخر تک ضرور منظر عام پر آ چکی تھیں اور ایسا تھا تو کوئی وجہ نہیں کہ راج کرن جیسا فارسی داں اور علم دوست اس سے واقف نہ رہا ہو۔ یہ میں اس لئے کہ رہا ہوں کہ کشایش نامہ میں شبنم شاداب اور مینا بازار کی طرز نگارش و انداز و ادا کی تقلید نمایاں ہے۔ خواجہ راج کرن اور ان کے رسالہ سے متعلق اگر مزید معلومات حاصل ہو سکیں تو حتمی طور پر کچھ کہا جا سکے گا۔

محولہ بالا عبارتوں سے صفحۂ قرطاس پر لفظوں کی یہ مینا کاری، فکر و خیال کی یہ لطافت و نزاکت، تشبیہ و مجاز کی یہ حسن کاری و ندرتِ بیان ایرانی مصنفوں کی ہے۔ گرچہ مینا بازار ہندوستان میں لکھی گئی تاہم فارسی ان کی مادری زبان تھی، الفاظ و اظہار بیان پر ان کی قدرت کا کون انکاری ہوگا۔

مگر حیرت بالائے حیرت یہ ہے کہ اسی عہد میں یعنی ۱۱۰۰ھ میں جو جلوس عالمگیری کا ۳۳واں سال تھا سکندر آباد صوبہ شاہجہان آباد کا ایک ہندو نژاد غیر مسلم زبان فارسی شیریں میں جو یقیناً اس کی مادری زبان نہ تھی انشاء و نگارش کا ایک ایسا اعلیٰ عمدہ اور دلنشین نمونہ پیش کرتا ہے جسے دیکھ کے اہل زبان ایران دنگ اور ششدر رہ جائیں۔

آغاز کتاب میں ہی خواجہ راجکرن کا قلم جواہر رقم حمد و ثنائے باری میں یوں گہر ریز ہے۔

> قربان برقادر بیچوں کہ فضای افلاک را باین نقوش متلون منقش نمود و تصدّق بر خالق بے نموں کہ جیغۂ خاک را باین ہمہ مکنونات متنوع ایجاد فرمود۔ اگر مہرش شعشعۂ شمس مہر نماید ذرہ کار خورشید نماید و اگر قہرش شرق برق مہر تابد تا زال پنجۂ رستم برتابد و برکسی کہ چرخ امرش معکوس برگردد زمان و مکان از و برگردد با کسی کہ راست آید صد نعمتی از چپ و راست آید۔"

کشایش نامہ کی زبان قصہ طرازی و واقعہ نگاری والی افسانوی زبان ہے مگر اس کی گوناگون خوبیوں کی وجہ سے ہم اسے انشاء فارسی کا ایک غریب و نادر نمونہ کہیں گے۔ مصنف چونکہ ہندوستانی ہے لہٰذا اس میں کہیں کہیں ہندی الفاظ بھی سلمٰی و ستارہ کی طرح چمکتے دمکتے نظر آتے

ہیں۔ اوران سے ایک گنگا جمنی حسن پیدا ہوتا ہے۔ مصنف کشایش نامہ بذات خود شاعر تھا یا نہیں، کہنا مشکل ہے مگراس کا ذوق شعری وسخن فہمی نہایت بالیدہ ہے۔ جابجا مشہور فارسی اشعار سے لطف بیان میں اضافہ ہوتا ہے۔ صایبؔ تبریزی، ناصرؔ سرہندی، سعدیؔ، رومیؔ، اور نخشبیؔ اس کے پسندیدہ شاعر ہیں۔ راجکرن کے جملوں میں سجع وقوافی کا اہتمام والتزام ہے جس سے شگفتگی بیان و ندرت ادا پیدا کی گئی ہے خوشنما ترکیبوں سے جدت وجودت عیاں ہے، طوالیٔ اضافت دراضافت ہرچند کہ پیچیدگی پیدا کرتی ہے مگراس سے بھی مصنف کی صلاحیت وسلیقہ نمایاں ہے۔ ندرت تشبیہ و مجاز اور استعاراتی انداز بیان سے شوکت کلام میں اضافہ ہوتا ہے۔ ان باتوں کی تائید میں کشایش نامہ سے چند خوبصورت اقتباسات کافی ہوں گے۔

"گلگونۂ صباحت انگیز بر چہرۂ آں ملاحت آمیز کہ یک گنج حسن لطافت بودترتیب دادو از غازۂ شیرازۂ تازہ برنسخۂ خوبی وابست واز عطر گلاب برسلسلۂ زلفِ گرہ گیر، گرہ وا گسست واز سنگ سرمۂ بصری خنجر چشمانِ خویش رابےگمان برفسان رسانید واز خط غبار مشک بربیاض دندانش بہائے لعل خندانش ثبت گردانید۔"

کشایش چہارم میں رایزادہ کا قصہ بیان ہوا ہے کہ وہ قسمت کا مارا ایک جزیرہ میں پہنچتا ہے، دور سے ایک عمارت نظر آتی ہے وہ کسی طرح وہاں پہنچتا ہے۔ یہ مثل ایک شاہی محل کے ہے جس میں خوبصورت باغات ہیں، حوض وفوارہ ہے، آرایش وزیبایش بحد کمال ہے۔ خواجۂ راج کرن یہاں پراس باغ کے حوض اور فوارہ کی تعریف میں قلم فرسائی کرتے ہیں اور یہ شک زور پاتا ہے کہ ان کی نظر سے شبنم شاداب ضرور گزری ہے کہ اس میں بھی حوض وفوارہ کی بے مثال تعریف بیان کی گئی ہے۔ راج کرن لکھتے ہیں:

"آب از چشمہ ہایش چون غمزۂ شوخ چشمان از روزنۂ طاق گذاری فرمودو خانۂ سینۂ اوپیش ہرموجِ آب چوں صدرعاشقان از تیرِ نگاہِ معشوقان مشبک می شد، زینہ ہا از ہر چہار طرف بسعودیٔ طالع بہ بلند پایگی رسیدہ، لب برلب نہادہ، وماہیان بشوق دلی حلقہ بگوش شدہ زبان بستایش کشادہ خامہ ہرچند غواصی کند حوض دروصف حوض نمی تواند

کرد اگر بتواند کارش بدہ دہے کشد، آخر اسپ من شاہد طناز است کہ بر چار بالش لطافتِ مربع نشستہ ہمیشہ با آب می باشد۔کوثر در شیرینی، اثر از وگرفتہ وسلسبیل بر سبیل مغیلان، قطرہ غدوبت از ان بکام دل چکاندہ۔

فوارہ از دلِ آن تسنیمِ زلالِ فیض بخش از صورت الفاظ معنیٔ آبدار برآمدہ یا چون خطوطِ بصری ازلیٔ دوربین بیرون شافتہ، طرّہ اقبال آن چون گلہای نیازی، ریزشِ بصارت فرمودہ وقطرہ افشاریٔ او مانندِ نیسانِ بہاری بارشِ گوہر نمودہ............وترنجِ طلای بدن کہ بر روے فوارہ نشست وخاستِ مضطربانہ میداشت بسان باف رزان زرین قبا، دل نشینانِ خورشید لقا، در قعود وقیام دقیقۂ کامل نمودہ۔"

ہر چند کہ مصنف کشایش نامہ ہندی الاصل ہے اور فارسی اس کی مادری زبان نہیں تاہم مضمون آفرینی اور پرواز خیال ایسی کہ شاعری شرمائے۔قصہ گوئی و افسانہ طرازی میں غیر معمولی واقعات وسانحات تصوراتی وتخیلی غیر ممکنہ و بسیار مبالغہ آمیز، جملہ طرازی و مسجع نگاری، تشبیہات و استعارات کی بہتات، جملہ در جملہ زنجیری عبارت آرائی مصنف کی قوت متخیلہ، زور بیان اور مشاق صاحب قلم ہونے پر دال ہے۔علوم مروجہ عصری سے کماحقہ واقفیت، اصطلاحات فن حرب فن تعمیر، فن تحریر وتقریر انداز خورد ونوش، رسومات معاشرتی، پیرایۂ گفتگو، اداب عرض ومعروض حفظ مراتب وغیرہ کا علم ولحاظ مصنف کے دلکش انداز واسلوب سے آشکارا ہے۔

چند مخصوص الفاظ کا بکثرت استعمال انداز تحریر کی شناخت بن گئی ہے۔مثلاً لاچار، از بس، بالفعل با این ہمہ، بمنزلہ، بمجرد، ہماناوغیرہ، پھر ہندی الفاظ مثلاً بیرہ 'بنگلہ' چبوترہ وغیرہ۔

با این ہمہ خصایصِ تحریر مصنف کی منفرد انشاپردازی اور طرز نگارش کا قایل ہونا پڑے گا۔رعایت لفظی وحسن قوافی کی بہار ہے۔کثرت تراکیب غریب واستعمالِ الفاظ ادق ونامانوس بے محابہ ہیں مصنف ان کے استعمال میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتا۔اغراق واغلاق سے وہ تحریر میں زور بیان پیدا کرتا ہے۔اور یہی اس کی شان اور پہچان ہے۔مثلاً

"تصویر بر سقفِ منقش نمونۂ فلک زبرجدو بر سطح مفرش انموذجِ سپہر مخدر۔"

''نطع عبرالاصفای اندام چون آئینہ مصقول،صورتِ انواع معنی روشن کردہ۔''

''شہر یار بلا اصطبار''،''تماشای نسینہ کہ ایدون''۔''پر پرواز از طیور بدام میگرفت۔''

''اتفاق مبیت می افتد۔''

گلستان سعدی میں کبھی ایک جملہ نظر سے گذرا تھا اور اس کی تشریح آج بھی ذہن سے چپکی ہوئی ہے۔''شب را بہ بوستان با یکی از دوستان اتفاق مبیت افتاد۔''

مبیت ایک نامانوس لفظ ہے جس کے معنی لغت میں جای خوابیدن،شب گذاردن ہیں۔

پیش نظر قلمی نسخہ بانداز تسوید بخط شکستہ ناقل کی کمسنی، زمانہ طالب العلمی، ذہنی ناپختگی اور کمزور لیاقت و استعداد کی چغلی کھاتا ہے۔جابجا املا کی غلطی نظر آتی ہے۔جہاز کو جحاز۔تمثال کو تمسال،ثمر کو سمر،نشہ کو نشائی،مرغزار کو مرغذار خرم کو خورم،نذر کو نظر،قدر انداز کو قادر انداز، لامحالہ کو لامحال کہ تا کہ وغیرہ

المختصر خواجہ راجکرن کی دلچسپ ولطیف تصنیف''کشایش نامہ''کا یہ دوسو سال پرانا نقل شدہ قلمی نسخہ کسی طرح حوادث زمانہ سے محفوظ رہ کر آج شعبۂ اردو دہلی یونی ورسٹی کے نادرالوجود اثاثے میں شامل ہے۔

صدر شعبۂ اردو پروفیسر ڈاکٹر ارتضیٰ کریم کا حوصلۂ بلند قابل داد ہے کہ وہ املا کی درستگی، مقدمہ اور اردو ترجمے کے ساتھ اس متاع گران بہا کی اشاعت پر آمادہ ہیں۔

آفریں صد آفرین بر ہمتِ مردانۂ اوست

طلحہ رضوی برق

یکم رمضان المبارک ۱۴۳۱ھ
بمطابق ۱۲/اگست ۲۰۱۰ء

کشایش نامہ

(من تصنیف)

خواجہ راج کرن کایستھ

بخط خام

دل سکھ رام اگروالہ، ولد سادھو رام اگروالہ

ایں نقلِ نسخہ اصلی بتاریخ چہاردہم شعبان بروز چہارشنبہ ۱۲۳۱ھ

وقت سہ پہر مطابق آساڑھ سدی پورنماشی

سمبت ۱۸۷۳ با تمام رسید

باز نقل شد نسخہ ہذا با تقدمہ و ترجمہ بہ تلخیص

در زبان اردو

از

حرف آشنا طلحہ رضوی برقؔ

۲۰۱۰ء

ویزیٹنگ پروفیسر شعبۂ اردو

دہلی یونی ورسٹی، دہلی

کشایش اوّل از حالتِ آن دراج درّۃ التاج ریاضت است کہ ذکر سبحان بقدرت وردزبان ندرت بیان اومی باشد۔ عبرت افزای ذاکران، فکرت دہاے ماکران ذات و کی اومیتو اندشد۔

کشایش دوم از حالت آن بادشاہ زادہٗ بلند ارادہ باشد کہ شکستگیٗ حالش روکش زلفِ بتان وپیچش احوالش پیچ اندازکاکلِ لعبتانست۔

کشایش سوم از حالتِ آن سلطان زادہٗ سترگ ارادہ باشد کہ درفراز ونشیب حجرہٗ دوازدہ، گاہی درقبض وگاہی دربسط گذرانیدہ، پس از اِشکال دوازدہ احوال اصلی رسید۔

کشایش چھارم از حالتِ رایزادہ باشد کہ بہ یمنِ ارادہٗ بزرگ پس از احتمالِ چندیں اشکال صدرنشینِ چاربالش غرر واقبال شد۔

کشایش پنجم کشایشی است از حالت آن زناردار پسری کہ درآرزوی تماشای تقدیر عقدہ مشکلایش از چندیں کشمکش بتوجہ قادرِ قیوم روزی بکشایش آورد۔

کشایش ششم کشایشی است از حالتِ آں زنِ خوشرو وپاکیزہ خو باشد کہ از منصوبہ انبازان دغل باز چندی بازی اش برخ ماندہ عواقب بتوجہ رخ بادشاہ حقیقی روبکشایش آورد۔

کشایش ھفتم (اغلب کہ اوراق غایب وضایع شدہ) ندارد۔

یافتاح

اللہ اکبر

رب یسر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وتمم بالخیر

قربان بر قادر بیچون که فضای افلاک را با اینهمه نقوش متلّون منقش نمود و تصدق بر خالق بے نمون که جغهٔ خاک را باایں همه مکنوناتِ متنوع ایجاد فرمود اگر مهرش شعشهٔ شمس مهر نماید ذره کار خورشید نماید و اگر قهرش شرق برق مهر تابد تا زال پنجهٔ رستم بر تابد و بر کسے که چرخ امرش معکوس بر گردو زمان و مکان از و بر گردد با کسے که راست آید صد نعمتے از چپ و راست آید، غشتے از کشت ارادتش نصبه بازی گنجیفه گردید که هر فردیکه را بے تاج و شمشیر صاحب حکم تواند کرد و فردی از رخِ قدرتش بحقه بازی شطرنج رسید که بے اسپ و فیل پیادهٔ در مانده را فرزیں تواند ساخت بلا گمان شاهد پرده گزین بیچونی و گرد سران معشوق هودج نشین بے نمونی که چوں قطره از عرقِ رخسارِ عصمتش در ایاغِ جمالِ لیلیٰ چکیده مجنونِ شیفته رویش و فریفتهٔ مویش

گردیده و چون حسنِ مزه رسِ کامِ فصاحت شیریں را شیرین ساخته فرهاد بکردار در مذاقش جان باخته، تبسمی از لعل مبراتش نصیب صبح صادق شد تا خود رابدم در مقام تهلکه قهقه انداخت وتابشے از رخسارۂ مبراتش در سرِ آفتاب افتاد که درهوایش از قاف تاقاف درباخت و سخنی از زبان بے زبانش بگوش خموشان گلبن رسیده که درساعت جامه برتن دریدند ورشفیکے از آنها گل گردد، و ایمای از گوشۂ ابروے بے چونیش بچشم عندلیبانِ زمانه درآمد که از چون و چرا در چه چه افتاد و رمزے از غمزۂ اقبالش بارکانِ چمن حاصل کرد که رونق فزای کارخانۂ موجودات باایں همه انهار و گلزار وسبزه های جویبار و درخت های کوهسار اشخاص والانسان وابدان الحیوان گردید و گردشے از دیده جلالش اجل عاجل دریافت که عالمے راباایں همه لعبت های شیریں کار و دلبریان دلدار و طالبان اهل اسرار و عاشقان خونبار و شاهان صاحب اقبال و گدایانِ صاحب حال و آفرینش های گوناگون وخلق های بوقلمون درهم نوردِید وشوقے از نظاره قدبے نمویش سلسله تابِ رگ جان قمری گردید که باوجود سرو در چارسوی باغستان به ترانه کوکو مترنم می گردد و آوازی از فراز غبرتِ پرخارش سمع دراج درخورد که بکلمۂ سبحان قدرتش متکلم میشود وقادری هرکه از تقدیرش سرکشد پشه ناتوان دماغش از سرکشد وحافظے هرکه جانب جناب مظهر مطهرش نگاه دارد اگر ازپابلغزد فرشتگان بدو دستش نگاه دارند ولی نعمتے که هرگه برسفره نعمتش خورد خورد خداوند دولتی شد که هرگه ازخوان نعمایش بردبرد کریمی که چون صیت کرم اطهر دردهد نعمای غیرمترقبه از هر در و هر حاکمی که هرگه خود رابے اعانت او یکبار پرواز گیرد وحکمش که حاکم حکام است یکبار پرواز گیرد حکیمی که از سمِ قاتل مرده را ارزنده کند میتواند کرد و اگر ازآب حیات مماتِ ارزند نماید میتواندنمود صاحبے که شدّاد را بآن غریب معمار بهشت بازگرداند وعزازیل راباآن فریب از بهشت بازگرداند رحیمی که درونگاهش عجز واستغفار خوي ارزانی نماید عفو تقصیرات لامحاله ارزانی نماید حاصل که اسم الرحمن

والرحیم در شان او وامے است ونام اکرم لاکرمین درمبارک تمکین او گنجامے اگر کمترین هیچمدان راجکرن بقدر طاقتِ طبیعی انسانی بجاے ثنای برمالک الملک جسمی وروحانی نماید چه نماید وچه متصدّی امری بتواند شد چنانچه که باید اگر ازعهدش نه برآید ازپای خود نه درآید این مکانیست لامکان که هوایش شرربار و فضایش ناپیدا کنار اگربلند پروازان آهو نژادیاهو گویان که درهوایش چرخ علق نزد اماعلق زمان برزمین رسیدند وبعضے شاهبازانِ کرم گیر درپے شکار حمامه اسراریارنکوله اناالحق پر پرواز کشادند لیک خود اسیر پنجۀ عقاب تقدیر گردیدند ازیں اضعف ترین مخلوقات چه آید وچه کشاید:

پروانه خس و هوا شرربار
پروانه چسان کند در این کار

اگر کمربه ادای شکر نعمت های انواع از کریم المعروف و قدیم الاحسان بربندد چه بندد و اگر بالفرض بصدسعی و فنون وبهزار سحر و افسون شکری ازعطاهای او ادانماید چه نماید شکر این برشکر لازم می آید وبرهرشکریک شکر دیگر می افزاید:

نعمت او بیشتر از شکرماست
شکرهم بر شکر نعمت ها جداست

چون در اینجا عبارت حکم تسلسل نمی گیرد وتار پود تدبیر ماهم می پیچید لاعلاج ازیں اندیشه های بلند در گذشته ساعتے که برتصنیف وتلفیف این رساله رقت پیرا و این مقاله تسلی افزا که بنام کشایش نامه نامیده شد مبعث گردیده ادایش مینماید و ازیں بجای آن ندارد که خود را در مورخان در گیرد و یادر مصنفان بشمارد بلکه خلاصه بذاتش اینست که اگر صدایش بگوش طالبان عجوزه دنیا که مطلقه سلطان ابراهیم تارک التخت والدیهیم است برسد بمجرد ریزشِ خدنگ غمزه های چند در چندش ازپا نه در آید و در

تو گرفتاری کمند بند در بندش استقلال گره است ندید و ونداند که ایجاد انسان اشرف الموجودات است مقتضی بایں اراده نباشد که لباس صورت انسانی در بر کرد و در بدر گرددو اوقات عزیز خود را که نعمت عدیم البدل و معدوم المثال است محض در تحصیل حطام دنیوی و موادِ فانی است صرف نماید بلکه اقتضایش آنست که اخص اوقات خود را در یادِ الٰهی دلنواز و آن خداوند خودی گذار و آمر عطاپاش، خطاپوش و آں آمرزگار عجز پذیر عذر نیوش وآں کریم بے سوالان وآں غم خوار لادبانؒ وآں دستگیر درماندگان کوی ناکامی وآں کارساز بیچارگان عالم بے سرانجامی و آن حاکم ملک ناسوت و ملکوت وآں سلطان ولایت جبروت ولاهوت جل جلاله بسر برد که تلافی کشمکش هستی و نتیجه تصدیعات بدنی همی تواندبود، اگر تابِ صبر نیاآورده بقدر ضرور ازپئے کرایه مرکب عنصری وتحَفیظ سیمیای بشری اختیار تعلق نماید برلب ایں بحرزخار خونخوار که روزکارش نامند بسهم اصدار امواج کوه وارش از جانرود وسر بزانو نه گذارد تااز بالای سرش بگذرد وبرسموم سخت وشوم که از مهب این ملوم مظلوم کش کافرکیش نوازتا که جوشش فرونه نشیند پشت پازده به نشیند تاآسیبے ازونرسد ودر صددایں جیفه سنگساری نه نماید واگرازوبالے صاحب مالے حصه ازاں برداشته بعالم بالا برد درپئے اش بعفِ غفرنه افتد وباهواپیچیده بمطلب نارسیده مُشت پر گلهٔ قسمت نه زند وبرضعف رائے ونیستی تدبیر مبتلا و متاسف نگردد وقلق وضخرت را بردل راه ندهد چه دستور ایں بے دستور بریک دستور نیست که تدبیرش بریک تقدیر باشد چنانچه عزیزی تازه گومیگوید:

دریں دنیا بصد حسرت تواں عمرے بسر بردن

نباشد بند و بست آساں محال انتقالے را

ملک وضع پلنگ شکاری برائے تعلیم وتربیت طبیعت خود علم گیرد و ایں اندازه ازو یادگیرد که زیاده از دو سه حمله برشکار نخیزد اگر تقدیر باتدبیرش آمیزد از دست نریزد

و الاخاکِ بادیۂ تردد بر سر وقت نہ بیزد چنانچہ گفتہ اند:

کار دنیا کسے تمام نکرد
هرچه گیرند مختصر گیرند

التماس احقر الناس در خدمت مبتدیان عالم تفهیم و مجتهدان دبستان تعلیم و برادران هم نشست و عزیزان هم گشت که درعین گرفتاری لاف آزادی میزنند آنست که وقتی متوجه بطاقت طبع شوند در تحقیقاتِ مناظر اختیاری و فعل مختاری هزار گفتار فضلاء و عقلا باختلاف اقوال دریں حال وارد شده و فوج فوج طلاے از دریافت ایں حقه سربسته اسرار الٰهی باخود اضطراب دارند بقدر حوصلۂ بشری و طبیعت طبعی و دانش ذهنی و فضیلت کسبی داخل خریداران یوسف شده باشند اگرچه قفلی نباشد که محرمان راز ربانی کلیدایں را در صنادیق عبارت باحتیاط اشارت بگذاشته اند لیکن اغلب که اخفای اسرار الٰهی جمع فیض دانسته مقالید ایں قفل سنگین از سینه به سینه حواله میکرده باشند چون بعضی اوقات مطارحه مباحثه افتاد و ایں مناقشه به مجادله کشید بحدی که مطلب ازمیان گم شد و از طرفین دلایل اینقدر گذرانیدند که براے مدلول و مستدل جاے نمانده چنانچه ناصرعلی میگوید:

ز اختلافِ ایں و آن سررشته راگم کرده ام
شد پریشاں خواب من از کثرتِ تعبیرها

پس مصلحت وقت آنست که اگر میسر آید زنگ اشتباه اختلاف دلایل از ایں همه شیشه خود بصیقل صحبت درویشان روشن ضمیر بزداید و اگر نباید کلید ایں ابواب را از واللّٰه اعلم بالصواب نماید و دریوزه از همین بزرگان زمانه و عزیزان یگانه که هر آینه وردِ سحر میداشته باشند است که مصنف را علی الاطلاق متعهد و متکفل فن تلفیف و وضع تصنیف نیافته اگر در تمسیل ومناسبت وثلالت ومتانت در برداشت و فروگذاشت سهوی وخطای بوقت مطالعه بمشاهده در آید از قلم عفو و اصلاح دریغ نفرمایند آمده ام بر حقیقت

حال و آن اینست که این نیاز مند مخلوقات از چندے اوقاتِ خود بهر قابوے که دست داد در چکلهٔ سکندر آباد صوبه دار الخلافت شاه جهان آباد بسر می برد و عمر مستعار خود را بسرِ منزلِ موعود میرسانند در خلال این حال که قبله اقبال مربی مفضال خداوندغم خوار والدبزرگ واریعنی بهوانی داس فدای حالی سلمه الله البقا بخدمت انتظام مهمات پرگنه بدایون ازسمت صاحبزادهٔ گرامی بدستِ سامی مرتبت نواب صالح خاں امتیاز یافتند ازبس جوش دریاے الفت و تموج بحر شفقت این اضعف ترین نوع انسانی را طلب حضور فرمودند از آنجا که بیعت امر مربی طبیعت که ظهور وجود عنصری بر عرصهٔ ایجاد داشته بوجود باجود او باشد لازم آمده بسان ذره بسوے خورشید و مانند قطره بطرف بحر مایل شدم و براه سعادت از سر قدم ساخته دررسیدم دیدم که برادر بزرگ مخدوم سترگ تفقد تمام بهائی صاحب رام و برادر صغیر بدانش کبیر افلاطون طبیعت ارسطو فطرت ادا فهم معنی شناس حالت دریاے فصاحت اساس یار برخوردار سعادت مقرن بهائی جَنسکرن که سخن را بااو و اورا باسخن چون معنی را بالفظ و لفظ را بامعنی نسبتِ تمام است و تدبیر را باآں و آں را باتدبیر چون شیر را باشکر و شکر را باشیر مناسبت مالا کلام رخساره شاهد جدت فهم محتاج به حال جمال او و آغوش مستوره جودت طبع مشتاقِ کمال وصال از زلف معشوقهٔ خوشگوی بے شانه بردوش پریشان وصریر وقالبِ شعر فهمی بے جان گفتارش پیک پیکر تصویر کاکل شیرین بخش را تابے آرد و چشمه چشم فرهاد فهم را آبے ازاں درزیر ظل رافت ازشجر فیض مثمر می باشد اما سایه گستر درباب فراقِ من سایه پرور بے تاب است بهرحال شرف از سعادتِ ملازمت دریافته بوصال آں عزیزاں مسرور گردیدم تامدتِ دو سه سال باهر سه برادر اخص اوقات را بمنزله نقوش ثلاثه بودم تا گرفت عزل خدمت درمیان آمد و آں دفتر را گاو خورد یکمرتبه آں هنگامه طلسم ازهم شکست وآں تاروپود تدبیر درهم پیچیده اتفاقاً برادر صغیر و کبیر کام سج ترددروانه سمت دارالخلافه شاهجهان آباد شدند وقرعهٔ قسمت نیاز مند بر منصبه همراهی قبله گاهی

دربلدۂ بریلی افتاد چون بیتِ مطلع بر منتخب حال انتخاب ماندم وچون فرد سردفتر افسرده وسست محرران چند گردیدم چنانچه صایبؔ میگوید:

بینوایان را بلاها در قفاست
وای بر فردی که سردفتربود

چون معلوم کردم که طبع نوآموز من تاب کشمکش زمانه انصاف سوز جهالت افروز نیاورده تنگ می آید لاچار ازپئے تسلی دل دیوانه حکایتے چندازاحوال گذشتگان که در زمان پیشین غریق دریاے آفات فلکی شده بفضل حضرت مسبب الاسباب به ساحل مراد رسیده اند بدست آورده پای بندی ازشغل تصنیف برپاے این طایر نو گرفتار که اضطرار میداشت بگذاشت تاازطپش تش کند وعقالے ازتلفیف برزانوے این شترِبے مهار که مضطربانه می جست فرابست تاازحبس بازرسید بنا برضرورر رجوع بهمت زاهد سیه پوش خامه که چله کش حجرۂ مجرداست آوردیم چنانچه بیمن دعوات آن سیّارعالم روشنای شروع درترتیب این رساله آمد علیم کریم از کرم عمیم بحدّ اتمام رسانید وبفضل عمیم که درین کشایش نامه مشتمل برهفت کشایش است بگذارد وهر که مطالعه نماید درهفت اقلیم وهفت ملک هر مشکلے که پیش آید بکشایش مبدّل گردد تاباسم مسمی گردد:

کشایش نامه را هرکس که خواند
نماید سینه را از فهم خود حک
که تاریخش تمامش گفت هاتف
"دهد حقاکشایش هاے بے شک"
۱۱۰۰ھ

کشایشِ اوّل: از حالتِ آن درّاج درّه التاج ریاضت است که ذکر سبحان بقدرت ورد زبان ندرت بیانِ او می باشد۔

عبرت افزاے ذاکرِان، فکرت دهاے ماکران ذات، وکی او میتواند شد۔ اصلیت که درّاج باجماعت هم سرشت درمرغزارے که مرغزارتوان گفت بمعه عیال و اطفال میگذرانید ودرمکان مطبوع آشیانهٔ دل پذیر تعمیر ساخته برفرشِ زمردین عبرانشان، مستانِ صاحبِ هوش بازوجه هم طبایع وهم آغوش سیمبران هنران وطیران طیران گل گشت میکرد وشکرحق سبحان قدرتش بجای آورد ازانجاکه حاسدانِ شوم ومعاندانِ ناتوان بیں درکمین می باشند صیادی خانه بربادی کبودپاے سهپر ایجادی بردلقِ برقع چون مقلدانِ عالم درویشی رنگ نیله زده برای مغالطهٔ طایران بیچاره سِتره چند برخود تعمیر کرده بآواز شیریں که مرارت ممات دربطون درست، صفیر زد، آن ذاکر شاد دل آوازی از ابنای جنس خود گمان کرده سبحان بقدرتش گفت کاش که اگر ایں فرد صایبؔ بگوش او میرسدتاخطانمی خورد:

ازخسی پوشان فریب نرم گفتاری مخور
ایں صفیر ازجامهٔ صیاد می آید بروں

غرض که زبانش وبال جانش شده ازمکان خود بمعاند وحیم العافیت نشان داد آن ناخداترس خدافراموش ازچارسوے آشیانه ایں یگانه وقت راآتش درداد، اگر پرواز بکند برسیخ شاخ کباب شود وازفراش بازے تیزپروازے که ناخنش چون مژگان خونیں نگهان تیره وتیزتر گشته خوں ریز بود دررسید که اگر سربهوا بردارد اسیر پنجهٔ آن هم پنجهٔ قضا گردد وصید گیر تیرره بند کرده، مستعد برآن ایستاد که اگر پهلو زده صعود نماید طعمهٔ خدنگ نهنگ آهنگ بود، چون دراج لاعلاج شده دست مناجات بدرگاهِ حضرت مجیب الدعوات برخاست از آنجاکه چاره فزای بیچارگان ومسبب الاسباب اهل اضطراب ذات مبارک اوست یکایک بحکم تقدیر قطعه ابر درهوا بهم رسید باران

رحمتی می بارد و در یک لحظه آن آتش مشتعل خاموش میگردد، در این ضمن ماری قضا رفتاری که از احراق نار پر اضطرار از سوراخ بر آمده بود برپاے صیادِ بدنهاد می زند و از هستیش می پرواز د و تیرے که از شست او رهامیشود دست پران بار تیرپرواز میخورد وبجانش پرواز می دهد یک مرتبه که کشایش ازیں چندیں کشمکش بحال آن ذی بال صاحبِ قال میگردد سبحان بقدرتش گویان خودرا معلق بدرمی زند وخاک برسر مخالف ناپاک می ریزد۔ اے دلِ دیوانه در کشاکش زمانه دامن تفضل آن دوست یگانه که در آمرزش بهانه جو است از دست مده که آخر هر مشکل کشایش است چنانچه مولوی روم می فرماید بیت:

درپس هرگریه آخر خنده ایست
مرد آخر بیں مبارک بنده ایست

کشایش دوم از حالت آن بادشاه زاده بلند اراده باشد که شکستگی حالش رو کش زلف بتان وپیچش احوالش پیچ انداز کاکل لعبتانست وآن اینست که سلطان عرش آشیانی چهار شاهزاده وجود سلطنت را بمنزله چار اخشیج (خاک باد آب آتش) داشت هریکی به فن و فراست زمانه یگانه وبفکر و کیاست حکیم وقت بود روزی بادشاه عالی جاه درعین بلندی فشار دولت که خردربای والا خردان اشرف نگاه وهوش زدای عالی هوشان والا دستگاه است بهر چار فرزند دلبند فرمود که بقلاورزی طالع خود فایز به پایهٔ دولت شهزادگی شده اند یابدولت ما سه برادر که در فن زمانه سازی و نیرنگ پردازی یکه تاز عرصه خوش آمد بودند ازراه تملق بمعرض عرض رسانیدند که ماچه باشم و چه طالع ماخواهد بود چه وجود قطره نابود بدون جود بحر لامحدود معدوم و گرم بازاری ذره بے مقدار بجز کرم آفتاب عالمتاب معلوم:

اے از کرم تو کارما راست
از راستئ تو هرچه ماراست

مگر پسر چهارم که در هنر راست روی علم کامل داشت و در عالم راستبازی علم یکتای
می افراشت بموقف عرض گذاشت که هر چند واسطهٔ وجود عنصری باذات مبارک می
تواند بود لیکن طالع باخود دارم و چه این همه موجودات که آفرینش حضرت رزاق حقیقی
و متکفل رزق اوست طالع یکی را موقوف بطالع دیگری نگذاشته آخر الامر بقولے الحق
مرا واقع شده بر آبگینهٔ سینهٔ آن صاحب تاج نازک مزاج سخت تر از سنگ رسید دمی
محبت که سرمایهٔ الفت باشد فرو ریخت از آنجا که قهر قهرمان که حدیقه حضرت
قهار است یک آتش عالم سوز میباشد فی الفور حکم قاطع فرمود که شاهزاده را بمعه
منکوحه اش از ممالک محروسه اخراج دهند تا قدر طالع خود بشناسد لاچار این کامل
عیار معاد و ناقص قماش معاش بازوجه خود متردد بتیهٔ غربت و کربت گردید و نکبت
و ندامت دو اسپه استقبالش کرد هر که میگوید راست می گوید:

فریاد ز دست فلک سفله نواز
شهزاده بمحبت و گدازاده بناز
نرگس زبرهنگی سر افگنده به پیش
صد پیرهن حریر پوشیده پیاز

بحکمی که غدوبت کلام طوطی را در قفص کند و بلند پروازی کاغذ باز را برباد دهد
شاهزاده که بلاغت قال و بال جان او شده بود باآن بانوی مسکوبی دولت و اقبال بتمام
کلال و ملال چون گردباد سر بهوا برداشته می رفت و می گفت:

فریاد ز دست فلک باهمه چیز
کزوی همه اهل خوار و نااهل عزیز
گشتیم هلاک بهر یک جو انصاف
مردیم در آرزوی یک ذره تمیز

و بر اکثرے اشاره این عبارت که طبیعت زاده میرزا صایب است دست باپنجهٔ آهنی

درآغوش میداشت:

کاهش تن لازم روشن دلاں افتاده است
روغن از مغز است دایم شعلهٔ ادراک را

گاھے بہ‌تسلی‌این‌مضمون‌متسلی‌می‌شد:

خیال نازک آخر می فزوند چهرهٔ شهرت
مه نو میشود ماهِ تمام آهسته آهسته

علاوه برنشانیهای مسافرت مشاهده جمالی آن مخذره کاکلین خوي که چون کاکل خودپریشان خاطر بود گرانی می آورد که بارها سرکزین بے اندوده می گفت که اے شاهزادهٔ‌عقل‌سوز جهالت افروز نگر گوش بآواز آن خودی گزارخداآگاه ملاشاه نبودی که‌میگوید:

جاهل چو رسد بجهل رو باید کرد
برقع برخ سخن فرو باید کرد
با هیچ فهم لاف معنی چه زنی
طفلانه بطفل گفتگو باید کرد

بحکمے از ممالک محروسه اخراج یافته بودند بهرحال به لبِ دریای شور که شور آمیز قضیه انگیز بود رسیدند دیدند که جحازی سیمرغ پروازی که ازهوای عالم آب پر می زد وبقوت بازوی واماندهای کنار اضطرار را بساحلِ مراد میرساند پر پرواز کشاد مستعد پریدن است فی الفور این هردو پریشانانِ قسمت نیز برآن سوار می شوند بادگرفت درمیان دریا که از دست قبک انداز قضا تیرتباهی بران جحاز که یک مرغ تیز پرواز بودمی‌رسد اجزایش چون پرهای کبوتر که بضرب غلوله بهمریزند ازهم متفرق ومتلاشی شدند برتخته که اتفاق سواری آن بانوی شهریاری می افتد بساحل مراد رسانید یاد از احوال شاهزاده خواهد کرد قضا راتخته اں بی بی نیک بخت بساحلی در میخورد که از

عمرانان علامتے نداشت لاچار گریان گریان بادل بریان پس از طے مبلغی ازران در باغی که وارد می شود خوش گاه زاغ وزغن بود که شمشادش از عریانی بااین همه قدو قامت شرمنده وسروش ازبی برگی باوجود سرافرازی سرافگنده خاطر سنبلش چون زلفِ اوپریشان وروی گلشن همچون چهرۀ آن بریان بے آبی اش اگر تسوید نماید سخن بے آب میگردد و مرکب درمجرها کمیاب می شود و خشکی اش اگر املا کند لبهاے خامه تبخاله بهمرساند و حرفی زدن نمی تواند علبوار درآشیانهای عنادل بفراغ دل مراغیه سازد و بوم در کاشانهای قمری مرغوله نشاط مسرت بردار دیا بحکم نخلبند گلستان موجو است و به یمن قدم ان مستوره گزیده عصمت در ساعت آن باغ مرغدار زاغ محسود طایران بهشتی شد و درختانش ازبرگهاے سبز چون رخت نیک بختان بروز عید دربر کردند و نخلهاش از خلعت هاے زمردین چون حله فرشتگان علوی پوشیدند زبان طوطیان شیرین گفتار در ادای شکر حضرت واهب العطایا شکر شکن شده وقمریان ملایم رفتار در خیابان خیال بر گرد سرو قضا وقدر بلاگردان گردیدند باغبان خجسته فال خبر از خال ندرت اشتمال زود بجناب خلافت و جهانداری رسانیدند و شاه خورشید بارگاه بهوای تماشاء این گردش گردون که دولاب غیر مترقبه بود مسرور شد و باغ را چون طالع خود سرسبز یافت لیکن آن پری نژاد که به یُمن قدمش آن آبِ رفته باز در جو آمده چون پری زادگان متحیر و خموش نشسته است هرچند پرسید که ای صدجان گرامی فدای مویت ولے هزار بانوی عصمت قربانِ خویت عالی گوهر از صدفِ کیست و این همه غم و غصه ات ازبهر چیست درین سفر صعب چه میجوی و حرف از زبان چون نمی گوئی تاثیرش نه بخشید و حرف نطق از زبان نه برآورده اماشاه والا شکوه دانش پژده از صفحه پیشانی حال کسیر الاختلاف مطالعه نمود:

برشسته ام از گهر گر لباس پوشانی
بر آورم سر خود را همان به قربانی

چو غنچه که نشنید بیان حرف گل
بنشسته ام بدل جمع در پریشانی

لاچار براے آن خاتون خانه خاموشی عالی عمارت درهمان باغ پراز انواع نعمت و دولت مقرر گردید که تادر خلوت خانه خالی از خلل بیگانه بطور خود بشغلے که پیش نهاد خاطر اوست مشغول بوده از اقسمه واطعمه واشربه محتاجِ دیگری نباشد شاید که روزی دهن این حقه سربسته اسرار الٰهی بکشاید آمدیم بر حالت آن مهین پنجه والاشاهے که بریک تخته تباهی همدوش نهنگ وهم آغوشِ ماهی بے سروپا درآن بحر لاانتها افتاده بود بحکم قضاو قدر به مشکلے که:

کشتی شکستگاں را هر موج ناخدا است

تخته اش بمددتراحم وتراکم امواج برنگ کرابه متصل ویرانه رسید و از آنجا هر اتفاقی که دست داد پس از احتمال رنجی وتعبی دریک شهر وارد شد هر چند که برتافت جای بیت بجز خانهٔ گلفروش نیافت لامحاله آن مشتری قوس سلطنت یک انگشتری از حلیه قدیم باخود داشت بشرطیکه جای طعام وآرام آن باشد به زن گل فروش رعایت کرد از آنجا که زنان بجان و دل مشتری انگشتری می باشند آن مشتری بعلت عنایت انگشتری در چشمش بِه، ازماهِ چهاردهم نمود برتسلی و تواضع اش افزود از آب کرم و گرم جوشی ماندگی سفر از سر مفاصاد صوری ومعنوی اش برخاست واز حقیقت حال آن بلند اقبال که باوجود نکبت و وبال ستاره عزوجلال از مطلع پیشانی اش ساطع ولامع بود باز برسید چنانچه از درة التاج شهریاری که بسان دزاج گفتار زبانش و بال جانش آمده بود و در راست گومی سمت الراس در کوی نشست افتاد مفصّل تفصیل کرد واز احوال تباهی حجاز و تفرق آن سرمایه ناز و افتادن خود در سوز و گداز پیش آن دمساز مسافر نواز باز گفت، بهرحال آن مجمع رقت درباب او شفقت می فرمود، روزے بمدد طالع سلطان زاده بپای برج مسکوی خلافت عبود کرد و دختر شاه که ملاحت حسن و حسن بلاکیش

باهمد گر تفوق می جستند از غرفۀ همدوش غروش مشیت یزدانی بحال آں نتیجه خاندانی جهانبانی که باوجود بر نشاط جوهر ذاتی از نگاهے قهرمانی و رفتار خسروانے چوں رنگ ارغوانی در پسِ پرده مینابی پرده وا نمود نظاره فرمود فی الحال حسب الاشاره آں سرمایه ناز خواجه سرایانِ محرم راز چوں موکلان علوے از کاخ خسروی فرود آمده مکان مبیتش را در خانۀ گل فروش تحقیقی رسانیده بعرض رسانیدند کیف بانطق که آن زنِ گل فروش که خود رایکے از خادمان درگاه کیوان بارگاه می گرفت حاضر بود عرض نمود که بلا قربان شوم آن سرگردان عالم قسمت یکے از نتایج خاندان سلطنت باشد ازبس که علوهمت داشت در اظهار کلمه الحق تاب پاس مراتب نیاورد و قدر دروغ مصلحت آمیز نشناخته بخلافت مرضی پدر بزرگوار لب بپاسخ پرداخته است چنانچه آنرا بازنش اخراج ساخته اند و در راه‌ها بیکجا بودند و بر جحاز یکجا سواری فرمودند:

فلک آواره کندم بهرسو میدانے (کذا)

رشک می آیدش از صحبت جان پرورما

پس ازتباهی شدن حجاز قسمتی بایں ساحل آورد اما خبری ازاں بانوے مسلمان موی مبارک روی خود ندارد و اندریں ذکر سراپا فکر شده مانده است سبحان الله هر گاه باایں همه خرابی و اضطرابی تاب چهرۀ آفتاب تابِ او نمی تواند آورد وقتی که آن جوهر بے بها واسطه آنعقد سلک سلطنت گردد فروغ جنس بکدام لطافت باشد بمجرد مشاهده و مسامعه اں جمال واین احوال آن دُر ناسفته دراں روز وشب ناخورده و ناخفته ماند باوجودیکه شرم خاله پدر رخصت نمی داد___ از دست حیا خلاص کرده سپری شیرین چشم شرم گیں در خدمت مادر مهمان خود شان باظهار استدعای ازدواج باآں وارث تخت وتاج که بالفعل اخراج یافته در آنجا وارد شده بکشاد و استبداد از حد مبالغه برد لاچار مادرش که یکی از قهرمانان حالت رباب و قدردانان درد شناس بود بخدمت سلطان عالیشان عرض نمود که آخر بحکم شریعت بیضاء ملت اعلیٰ دختر را بعقد نکاح متعقد

ساختن از جمله واجبات است وان که باعث رضای او هم باشد:

در کار خیر حاجت هیچ استخاره نیست

چون بادشاه کیوانِ هشتگاه نیز رایے محل خاص خاص بر محل دید بحکمی که والدین طرفین خودش بود حکم کردند که هنگامه دختری و دامادی برپانمایند و مراسم عروسی وعبوسی سرانجام دهند فرش رنگین در بارگاه عرش مکین بآئین شهانه ممهد گردانند و آوازۀ شادی را آویزۀ گوش هر خاص و عام سازند چنانچه دختر رز از حجرۀ مینا بر منصبه کمیاب خیال افروز شد و از قلقل ابریق گردش دور به طمطراق تازه در برسنی افتاد فواره از بس مینای عالم آب چون صوفیان صافی نهاد در قیام وقعود گردید و خروش دیگر در نهادش جا گرفت رامشگران حور لقا قدم در رقص گذاشتند و خنیاگران زهره الحان نشید شهانه بر خواندند میناهای سر و باده حسن در پیاله لاله لبریز ساختند و طیور حدیقه از نظاره هائے نظر فریب آنها دل درباختند گل درپئے مشاهده خیال جهان افروز خود آئینه از شبنم در بر گذاشته و از هر غنج و دلال تخم تعشق در مزرعه دل عنادل فرو کاشته حمام بشوق باده مست عروس و نوشه گرم جوشی بکار می برد وپلنگ بامید قرین قران السعدین از بسکه می مالید در تهه توشک و ادقچه نمی گنجید بستگی در آن مجلس بجز بیرۀ برگ تنبول نداشت و شکستگی در آن محفل بدون طره جانان نمی آورد و در زمانه که زمانه یگانه و ایّام بکام بود آن یگانه زمانه را به سلک مناکحت منسلک گردانیده دوال شادی بر طبل نشاط زدند و شادیانه مبارک بادی بر نواختد روزهای چند روز را بتماشاء تصرف دولت و اقبال و بخشش های اسپ و افیال انعامهای تشریف به بندهای عقیدت گزین و بردن تشریف در باغهای جنت آئین به شب رسانید و شب را بصحبت مسرت انگیز آن شیرین نگاه شرم آمیز درمعاشرت و تقبیل در مباشرت و تغسیل بروز آورد از آنجا که زمانه کاسد است و زمانیان حاسد در دل شهرزادگان که خلف زسبد حدیقه وقت بودند از انتساب این نسبت غیر کفو پیچش سخت درباطن گرفت واز غیرت درخودتان می

گداختند بایکدگر مشورت ساختند که اگر بنوعزیزان را به اذن بادشاه عالی جاه که در انعقاد این عقد هیچ توقعات عبرت اندیش کار بفرمود ببهانۂ شکار برآں اسپ خونیں بدلجام که برسایۂ سوار هزار لکد میزند و آں سینه زور بدسرانجام که فلک کج خرام خرامَش ازاں آموخته سوار شوند که هماں مضمر خوں خوار دور ازدیارش برآرد وناسور درد درونی ام اندمال فرماید چوں از راه دغل آں تازه شعار را در یمن بلطف کشیده از خدمت حضرت ظل سبحانی براے سیروشکار دستور گرفتند و آں اسپ بدراه را برای سواری پیش شاهزاده که شهسوار عرصه سلطنت موروثی از قدیم بزرگان آباء واحدبود، آوردند لاعلاج آں وارث تخت و تاج در گوش توسنِ مدهوش گفت که اے بادپای عالی نژادواے صبا سیروالانهادهر چند کسی را باخیر منزل نمی بری بلکه در اول منزل به اول منزل میرسانی لیکن بنده دراصل از نسلِ شاه می باشد ازپیاده فرزیں نشده ام بل بازی ماباسپان تازی است وسواری افیال خاصه افعال ماست ازبراے خدا سخت دل مکن ورخ از من مگردان تا از منصوبه چین شاطران دغل باز مات نشوم بلکه اگر رُخ میشوم ممات میدانم کیف بالفرض که آں پدرام بدلجام پس از وقوف ایں مرام رام میشود وبسان غلامان غلام حلقه اطاعت در گوش کشیده همدست و حکم پرست میگردد گویا که درتوصیف او گفته اند:

سبک تکے که بریزد بہوی از نعلش
اگر ز قطره شبنم بود برد مسمار
عناں کشیده کند را کیش کمانداری
که ناگهاں ندهد تیرش از قفا آزار

بلکه درتعریفش وارد شده:

خوش خرامی که اگر گرم عنانش سازی
از ازل تابه ابد و ز ابد تا به ازل

قطره پاکش دم رفتن چکد از پیشانی
شبنم آساننشیند گه رجعت بکفل

بهر حال بلااتصال آن شاهزادهٔ بلند اقبال بهر طرف که اتفاق می افتد بجانوران صاحب جناح همراه کلنگ دورنگ چون رحال درپئے بے مایگان سیم وزر سردادند وبه درتد رهای ممات آهنگ ازقبیل کلاب وپلنگ درپئے آهوان شوخ وشنگ بسان خدنگ وتفنگ بگذاشتند امّا این بادشاه زاده ارجمند مشکل پسند اگرذوق شکار نیزه نمود وبسیار نخچیر از دست خودشکار فرمود و احتمال بار انتقال جز ثقیل دانسته ازراه تدبیر دم وگوش هر نخچیر بریده گرفت ازعقبش دیگر شاهزادگان نازک سرشت که موافق ضابطه شکار میفرمودند واز تیرشکار اندازی ونیزه بازی عاری بودند شکار کشته اورا پشته ها بسته آوردند و درجاے عظمت واجلال وا نمودند که اگراین عزیز مسافرهم تربیت یافته خاندان سلطانی می بود هر آئینه بقدر ماشکار می فرمود بقول لاکه کار دردوکرازبوزنه راست نیاید وسرکه خواستن راهم روباید شاید که این سرگردانِ بادیهٔ آفات سردار زاده باشد چون بادشاه والا تمیز برتجویز خود بدگمان طورشده حقیقت احوال ازان عزیز بازپرسید لاچار پرده از پیش روی شاهد حال واکشید وآن خریطه گوش ودم آهوان شکار کرده خودرا درحضور شهریار آورده آهوی آن شهزادگان آهو چشم از سر گرفت چنانچه گوش وچشم سلطان واشد وبنے غیرت از چهرهٔ وقت ناتوان بنیان چند معدوم گردید لیکن دید که دران مجلس مخالف بسان لسان که مضغه گوشت بیش نیست در عداوت چندین دندان که هریک استخوان پاره خونخواره می باشد گذراندن وهرزمان کلمهٔ معاذ الله بر زبان راندن ازعقل دور اندیش بغایت پسند است محلی هذا القیاس هرقانونے که اتفاق افتاد ازخدمت حضرت دستوری حاصل کرده بمعه منکوحه خود بامال ومنال وخیال وافیال وطویله توسنان تازی وقطارِ بقران بغدادی وغلامانِ غلمانی نهاد وکنیزان پری نژاد بسواری جحاز

(جهاز) روانه بسمت وطن شد، بقول آنکه:

سر نوشتِ چو بد افتاد ز تدبیر چه سود
کس بناخن نکشاید گره از پیشانی

دغل و فریب سے انھوں نے سیر و شکار کی اجازتِ شاہی حاصل کر لی۔ اس وحشی و بدراہ گھوڑے کو مسافر شاہزادے کی سواری کے لیے پیش کیا۔ اس وارثِ تاج و تخت گرامی نژاد نے گھوڑے کے قریب جا کر اس کے کان میں کہا کہ اے عالی نسب توسنِ باد پا اگرچہ آج تک تو نے کسی سوار کو خیریت سے منزل تک نہیں پہنچایا بلکہ پہلی ہی منزل کو اس کی آخری منزل کر دیا، لیکن یہ بندہ بھی شاہی نسل سے ہے، پیادے سے فرزیں نہیں بنا ہے۔ میں عربی گھوڑوں سے کھیلتا رہا ہوں

اور ہاتھیوں کی سواری میری عادت ہے۔ خدارا تو میرے لیے اپنا دل نرم کر اور میری طرف سے بدگمان نہ ہو اور میں ان بدنیت، فریب کار، شاطر شاہزادوں سے مات نہ ہوسکوں، بلکہ رُخ بن کے انھیں شکست دوں۔ غرض یہ کہ وہ بدراہ مگر اصیل گھوڑا اس کی باتوں سے رام ہوگیا اور غلاموں کے غلام کی طرح حلقہ بگوش، مطیع اور اس کا فرماں بردار رہا۔ شاید اسی کی تعریف میں کہا گیا ہے۔ قطعہ:

سبک تکے کہ بریزد بپوی از نعلش — اگر ز قطرۂ شبنم بود برد سمار

عناں کشیدہ کند راکبش کمانداری — کہ ناگہاں ندہد تیرش از قفا آزار

بہر حال اس اقبال مند شاہزادے نے اپنے نیزے سے کافی شکار کرلیے مگر ان شکاروں کے بوجھ اور انھیں ڈھونے کے احتمال سے اس نے ہر شکار کی صرف دم اور دونوں کان کاٹ کر رکھ لیے۔ دوسرے شاہزادگان جو نیزہ بازی و تیر اندازی کے فن سے کورے تھے، عقب سے ان مارے ہوئے شکاروں کو لے کر بادشاہ کے پاس آگئے اور اس کے سامنے رکھ کر شیخی بگھارنے لگے۔ بولے کہ اگر یہ مسافر شاہزادہ اور خاندان سلطانی سے ہوتا تو ہماری طرح شکار مار کر لاتا مگر اس کے ساتھ تو کچھ بھی نہیں۔ بادشاہِ والا کو بھی ان باتوں سے کچھ بدگمانی پیدا ہوگئی اور وہ مسافر شاہزادے سے سوال کر بیٹھے۔ لاچار شاہزادے نے حقیقت حال کھول کے بیان کردی اور اپنا وہ تھیلا جس میں شکار کردہ جانوروں کی دُمیں اور کان لایا تھا الٹ دیا۔ چنانچہ بادشاہ کی آنکھ کھل گئی اور وہ اپنے بیٹوں کی فریب کاری سے آگاہ ہوگیا۔ دیکھو ان حاسدوں کے درمیان شاہزادے کی حیثیت ویسی ہی تھی جیسی بتیس دانتوں کے بیچ ایک زبان کی۔ ہر دانت اس کا خونخوار دشمن ہوتا ہے مگر وہ اپنی نرمی اور کلمۂ معاذ اللہ کی برکت سے محفوظ رہتی ہے۔

الغرض بادشاہ ذی جاہ کے حکم سے مسافر شاہزادہ اپنی منکوحہ شاہزادی کو لے کر ڈھیروں مال و منال اور کثیر ساز و سامان کے ساتھ جہاز پر سوار ہوکر اپنے وطن مالوف کی طرف روانہ ہوا۔ سچ ہے:

سرنوشتِ چو بد افتاد ز تدبیر چہ سود — کس بنا خن نکشاید گرہ از پیشانی

ہر چند کہ یہ بلند ہمت شاہزادہ طرح طرح کی تکلیفوں اور مصیبتوں کو پامردی سے جھیلتا ہوا اپنی دلی مراد کو پہنچ چکا تھا مگر قسمت کی خرابی کو کیا کہیے۔ اچانک پھر ایک دریائی طوفان مصیبت

ناگہانی بن کر آگیا اور یہ بادبانی جہاز ٹوٹ پھوٹ کر بکھر گیا۔ شاہزادی لکڑی کے ایک ٹوٹے تختے سے لگی ڈوبتی بہتی کسی طرح ایک کنارے سے آلگی۔ وہاں سے وہ ایک سمت چل پڑی اور کچھ دور چل کر ایک باغ میں پہنچ گئی۔ اسی باغ میں جہاں شہزادے کی پہلی بیوی مصیبت کی ماری آگئی تھی۔

اِس شاہزادی کے قدموں کی برکت سے اس باغ میں بے وقت بہار آگئی اور ہر جانب کثرت سے موسمی اور بے موسمی پھول کھل اٹھے، ہر چہار طرف بلبلوں کے نغمے گونج اٹھے اور خوش آواز پرندے چہچہانے لگے۔ باغبان باغ میں اچانک یہ تبدیلی وانقلاب موسم دیکھ کر بعجلت سلطان تک پہنچا اور اسے صورتِ حال سے مطلع کیا۔ وہ سن کر متعجب ہوا اور یہ سب دیکھنے بنفس نفیس باغ میں تشریف لایا۔ اس نے دیکھا کہ باغ ہر طرح سے سرسبز وشاداب لہلہا رہا ہے اور ایک حسین وخوبرو نازک بدن لڑکی پریشان حال ایک جانب خاموش گم سم بیٹھی ہے اسے دیکھنے سے ظاہر تھا کہ: رباعی

آنانکہ زعشق رنگ وبوی دارند　　　در گلشن عیش آبروی دارند
چوں غنچہ بصد زباں خموشند ولی　　　در پردہ بخویش گفتگوی دارند

بادشاہ نے اسے حیرت وتعجب سے دیکھا اور اس سے حال ومزاج پرسی کی اس پری پیکر وحور شائل نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس کی خاموشی سے عیاں تھا کہ:

آشفتہ خاطر ست گل وغنچہ تنگ دل　　　در حیرتم کہ عیش گلستاں نصیب کیست

اس کی نگاہیں کہہ رہی تھیں:

بہار باغ نمی آورد بحال مرا　　　شگوفہ خندۂ سیر است در ملال مرا

مختصر یہ کہ استفسار حال کے باوجود شاہزادی کچھ بولی نہیں۔ آخرش بادشاہ نے اس پری جمال کو بھی اسی اطمینان وسکون والے مکان میں ٹھہرایا جہاں وہ پہلی ستم زدہ شاہزادی رہ رہی تھی گویا اب اس صنم خانے میں دو بت آگئے۔

آگے سنیے آفتوں کا مارا وہ شاہزادہ بھی ٹوٹے جہاز کے ایک تختے پر برہم موجوں کے تھپیڑے کھاتا ایک دوسرے کنارے پر جا پڑا۔ اس جزیرے میں ادھر اُدھر بھٹکتا بہت فاصلہ طے

کر کے آخر وہ ایک آباد علاقے میں جا پہنچا جہاں اتفاق سے ایک بیوپاری کی دوکان ملی۔ وہ بیوپاری اس علاقے کے سوداگروں کا سردار تھا اور اپنی وجاہت سے لوگوں میں بہت مقبول۔ کہتے ہیں جب کتے اور بلی بھی اپنے ڈیل ڈول رنگ اور خوبصورتی سے لوگوں کو پسند آجاتے ہیں تو انسان تو انسان ہے، بیش قیمت جوہر تخلیق، اپنے ذاتی اوصاف وکمال، ظاہری حسن وجمال، طور طریقے اور شرافت نفسی سے اگر لوگوں کے دل موہ لے تو حیرت کیوں۔

اس سوداگر نے شاہزادۂ عالی نژاد اور والا ہمت کے احوال جاننے کی کوشش کی مگر اس قسمت کے مارے حالات کے ستائے نے اپنی مصیبتوں کو لاعلاج جان کو خموشی اختیار کی اور کوئی جواب نہ دیا۔ سوداگر نے اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے تعریفی کلمات کہے اور اپنے جذبہ ہمدردی کا اظہار کیا کہ اس جیسے 'سرو بوستان اقبال' کو مصیبتوں میں گھرا رنجیدہ وملول دیکھنا گویا جی کا جنجال اور جان کا زیاں ہے۔ صائب نے کہا ہے

از ہجوم قمریاں برسرو می سوزد دلم
دوش اے رضواں بزیر بار دیدن مشکلست

جب اس خاقان زادے نے سوداگر کو اپنا ہمدرد، مہربان وغم گسار پایا، کیونکہ:

اگر گوئی غم دل باکسی گوئی ۔۔۔ کہ از رویش بقدر سود ہا کردی

تو شروع سے آخر تک اپنی سرگذشت اور آپ بیتی سنادی۔ سوداگر پر یہ داستان سن کر رقت طاری ہوگئی اور وہ مزید لطف ومحبت اور شفقت کرنے لگا۔

صائب نے سچ کہا ہے:

سینہ صافان را غم محنت کشاں پیش از خودست
آب می مالد ازاں بارے کہ بر پشتِ بداست

وہ اسے اپنے گھر لے گیا، پر تکلف کھانا کھلایا اور کئی طرح کی قیمتی چیزیں اسے نذر دیں۔ یہ عالی ہمت شاہزادہ تھکا ماندہ تھا کسی چیز کی طرف مائل نہ ہوا۔ صاحب خانہ کی خواہش سے رات کا قیام وآرام اس نے وہیں کیا۔

سوداگر وہاں کے بزرگ لوگوں میں تھا۔ اس نے رات کو اپنی بیوی کے سامنے مشورۂ

ایک تجویز رکھی کہ ہماری بیٹی سیانی اور بالغ ہو چکی ہے۔ ہمیں اب دین وشریعت کے مطابق کسی کے ساتھ اس کا عقدِ نکاح کر دینا چاہیے۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ایک عالی نژاد شاہزادہ ہمارے گھر آ گیا ہے، ممکن ہے وہ ہماری بیٹی کے ساتھ مناکحت قبول کر لے۔ کل جب وہ صاحب تاج و تخت ہوگا تو ہم جیسے کمتر کے یہاں رشتہ کرنے میں عار محسوس کرے گا۔ سوداگر صبح ہوتے ہی شہزادے کی خدمت میں گیا اور اُسے بڑے تواضع وانکسار سے اپنی بیٹی کا رشتہ پیش کیا۔ اگرچہ حالات گذشتہ کے پیش نظر شاہزادہ اپنی پہلی بیوی کی طرف سے ناامید ہو چکا تھا اور گردش کو اپنا مقدر جان رہا تھا اس نے سوداگر کی اس پیش کش کو اللہ کی طرف سے اپنی بڑی کامیابی سمجھا اور مصلحت دیکھتے ہوئے اسے قبول کر لیا۔

سوداگر نے مبارک گھڑی دیکھ کر شادی کا انتظام کیا اور جلسۂ عروسی ودامادی منعقد کیا۔ جادو نگار مشاطہ نے اپنے فن مشاطگی سے کام لیتے ہوئے دلہن کو حسن ونزاکت کا دلفریب مجسمہ بنا دیا گویا ؎

هر عضوتنت صاف تر از عضو دگر بود
موئے کہ برا اندام تو دیدیم کمر بود

ضیاء نخشبی کہتے ہیں ؎

چیزے عجب است آن کمرگاہ آوازہ بسے و درمیاں ہیچ

سوداگر کی بیٹی اگرچہ حسن خداداد رکھتی تھی مگر مشاطہ نے اسے سنوار بنا کر اور بھی حسین و دلکش بلکہ دنیا کی تمام معشوقوں کا محسود بنا دیا۔

چنانچہ نہایت تزک واحتشام کے ساتھ اس گوہر بے بہا کو شاہزادہ ذیشان کے سلک ازدواج میں پرو دیا گیا۔ خوشی کی شہنائیاں بجیں اور مبارک سلامت کی دھوم مچ گئی۔

یہ عروس ودامادسرو وشمشاد کی طرح ہنسی خوشی ایک دوسرے کے ساتھ رہنے لگے رفتہ رفتہ نہ جانے کیوں اس عالی ہمت شاہزادے کا دل تکلفانہ خانہ دامادی سے اوب گیا۔ اس نے اپنے وطن مملکت موروثہ جانے کی ٹھان لی۔ خسر محترم سے اپنی بیوی کے ساتھ رخصت ہونے کی اجازت حاصل کر لی۔ ضرورت کی تمام چیزیں لے کر "اشیائے زرّین وقماش رنگین" کے ساتھ

ایک خوبصورت اور سبک جہاز پر روانہ ہو گیا۔

شاہزادے کے مقدر کی خرابی پھر رنگ لائی۔ اور کچھ ہی سفر طے ہوا تھا کہ اس کا جہاز ایک طوفان بلاخیز میں پڑ کر دیکھتے ہی دیکھتے تباہ و برباد ہو گیا۔ سوداگر کی بیٹی یہ نئی نویلی دُلہن بڑی ہمت سے ایک شکستہ تختے کے سہارے انجان ساحل تک جا پہنچی۔ ساحل سے دور اسے ایک باغ نظر آیا۔ وہ چلتے چلتے اس باغ میں داخل ہو گئی اور ایک جگہ تھک کے بیٹھ گئی۔ باغبان نے دیکھا کہ اس پاکدامن عورت کے باغ میں آتے ہی درختوں میں پھل آ گئے۔ دوڑا دوڑا وہ اپنے مالک کے پاس گیا اور بولا کہ آج ایک دوسری خوش قدم خاتون باغ میں آ گئی ہے جس کے قدم کی برکت سے درخت یکبارگی بارآور ہو گئے ہیں۔ اس جزیرے کا بادشاہ یہ سن کر خوش ہوا اور اس خوش قدم کے دیدار کے لیے باغ میں آیا۔ نووارد سے پوچھا کہ تو کس ملک سے آئی اور کس خاندان کی فرد ہے۔ اس ماہوش نے مکرر استفسار پر بھی کوئی جواب نہ دیا۔ بالآخر ظلِ سبحانی کے حکم سے اسے بھی اسی خاموش خانہ میں لے جایا گیا۔ جہاں قبل سے ہی دو شہزادیاں موجود تھیں۔

اب اس بادشاہ زادہ، ستم رسیدہ کی سنیے کہ جہاز کی تباہی و بربادی کے بعد وہ جہاز کے ایک شکستہ تختے پر بہتا ہوا اس کھاڑی میں آ گیا جہاں بھیانک اژدہے اور گھڑیال نظر آئے اور زمین سے چنگاریاں سی نکل رہی تھیں۔ اس خطرناک و مہیب جگہ کا کیا بیان ہو۔ وہاں زندہ رہنے کے آثار معدوم تھے پھر بھی قسمت سے کسی طرح جان بچی اور شاہزادے نے اللہ کا شکر ادا کیا اس لق و دق بادیۂ وحشتناک میں کہیں سبزی و تری کا نشان نہ تھا۔ کچھ دور ایک سمت دھواں سا اٹھتا نظر آیا۔ شاہزادہ اس طرف کو چلتا رہا پھر اس نے دیکھا کہ آگے ایک بڑا شہر ہے مگر اس کے گلی کوچے ویران اور آدم و آدم زاد سے خالی ہیں۔ شہزادے نے محسوس کیا کہ کچھ دور پر ایک اونچے مکان کے بالا خانے سے کوئی سرخ ہاتھ اسے اپنی طرف آنے کا اشارہ کر رہا ہے۔ حیران و پریشان شہزادے نے اسے اپنے لیے ایک نیک فال سمجھا اور اس تک پہنچ گیا۔ اس سے دریافت کیا کہ تو کون ہے اور اس ویران کدے میں کیوں ہے۔ اس نے جواب دیا کہ اے اجل گرفتہ میں بھی ایک انسان ہوں اور فلاں ملک کے بادشاہ کی بیٹی ہوں۔ ایک دیو مجھ پر عاشق ہو گیا۔ اور اسی نے

اس ویرانے میں لاکر مجھے قید کیا ہے۔ اے مٹھی بھر ہڈیوں کا لاغر انسان تو جان بوجھ کو اس قبر میں کیوں آ گیا۔ اب اس جہنم سے نکلنا محال ہے۔ یہ سن کر شاہزادے کی جان نکلنے کو آئی اور دل ڈوبنے لگا ؎

برسر خوان فلک شکوۂ طالع کفر است

شور بختی تو دریں بزم نمکداں باشد

جب اس خاتون نے دیکھا کہ اس شخص کے چہرے کا رنگ اڑ رہا ہے تو کہنے لگی کہ اے عزیز تیری حالت بیکسی نے مجھے فکرمند کر دیا ہے۔ اللہ ہی کی ذات چارہ ساز بے چارگاں ہے۔ اگرچہ وہ دیو ظالم و خونخوار ہے مگر میری حجت اور گفتگو نے اسے رام کرلیا ہے۔ وہ کبڑا ہے۔ اللہ کا شکر کہ ہم جنس نہ ہونے کے سبب ابھی تک میری عصمت و آبرو محفوظ ہے۔ وہ میرا عاشق ہو گیا ہے میں اس سے تیرے لیے سفارش کروں گی۔ اللہ نے چاہا تو تجھے کوئی گزند نہیں پہنچے گی۔

اب تو اپنا حال بتا، اس نوبت کو کیونکر پہنچا۔ تیرا سینہ کس کے فراق میں چاک ہے اور تیری آنکھیں کس کے لیے آنسو بہا رہی ہیں، تو کس خاندان عالی کا چشم و چراغ ہے؟

شہزادے نے اس کے ہمدردانہ سلوک سے متاثر ہوکر اسے اپنی ساری سرگذشت سنادی، حق گوئی پر بادشاہ کے ذریعہ ملک بدر کرنے سے لے کر جہازوں کے تباہ ہونے، حور وش مہ جبینوں کے درمیان آنے اور پھر ان دلرباؤں سے بچھڑ جانے تک کی پوری تفصیل بتادی اور کہا کہ اب اس وقت صرف وہی اس کی ہمدرد و بہی خواہ ہے۔

اس شاہزادی نے اپنے آپ کو اسی شاہزادۂ جوان و عالی نسب کے لائق سمجھتے ہوئے اس کی مزید تسلی و تشفی اور خاطر داری میں لگ گئی۔ اسی درمیان اس ہیبتناک دیو کے آنے سے پہاڑوں میں شور ہوا اور ایک زلزلہ سا آ گیا۔ وہ عفریت اس جوان کو دیکھ کر اسے اپنی نرم غذا تصور کر کے خوش ہوا مگر اس سے دریافت کیا کہ وہ یہاں تک کیوں اور کس طرح آیا۔ جواباً وہ پری جمال شہزادی بول پڑی کہ میں اپنی تنہائی سے تنگ آ گئی ہوں، ایک جہاز کا مالک کچھ لوگوں کے ساتھ اتفاقاً ادھر آ نکلا تھا اسی سے میں نے اپنی خدمت گاری اور بیکاری دور کرنے کے لیے اس غلام بچہ کو خرید لیا ہے۔ تم اسے امان دے دو تاکہ ہمارے عیش و آرام میں کوئی خلل نہ پڑے۔

شہزادی کی سفارش پر اس بدشکل دیو نے نیک طینت شاہزادے کو معافی اور پناہ دے دی لہٰذا اب وہ فوری آفتوں سے محفوظ ہو گیا۔

دیو جب حسب معمول مردم خوری کے لیے نکل جایا کرتا تو یہ دونوں گل و بلبل کی طرح اظہار محبت اور داد عیش میں لگ جاتے۔ ایک رات جب وہ ڈراؤنی صورت والا دیو گھر واپس آیا تو اس وقت یہ دونوں عاشق و معشوق سرخاب کے جوڑے کے مانند پیچ و تاب کھاتے ہوئے کسی قصیدے کے مطلع و مقطع کی طرح ایک دوسرے سے دور پڑے تھے۔ خاطر خواہ یکجائی و صحبت کا موقع چونکہ ہمہ وقت میسر نہیں تھا۔ اس لیے شاہزادے نے بانوے دلنواز سے صلاح و مشورہ کیا کہ اس قوی ہیکل دیو سے نجات پانا ہماری بشری طاقت سے باہر ہے لہٰذا کسی طرح یہ معلوم کیا جائے کہ اس بدذات دیو کی زندگی کس چیز میں چھپی ہوئی ہے۔ جب یہ معلوم ہو جائے تو کسی حکمت اور ترکیب سے اس دیو کو مار ڈالا جائے۔ تب ہی ہم اس کی قید سے آزاد ہو کر اپنے لوگوں تک پہنچ سکیں گے تاکہ ہماری بقیہ زندگی آرام اور چین سے گذرے۔

ایک دن اس حسین و جمیل زیرک شاہزادی نے اس کریہہ صورت دیو کو اپنی دلفریب اداؤں سے رجھاتے ہوئے اس سے پوچھ ہی لیا کہ اے میرے یار غمگسار ہر چند کہ انسان و حیوان ہی تیری غذا ہیں مگر جیسا کہ کہا گیا ہے۔ "ہر شے کو فنا ہے سوا ذات باری تعالیٰ کے" میں دعا کرتی ہوں کہ تیری عمر دراز ہو۔ میں تو تیری شریک حیات ہوں ہی اگر تو مجھے اپنی زندگی کے راز میں بھی شریک کر لے تو میں اپنی خوش قسمتی سمجھوں گی۔ وہ دیو بولا اے میری جان تجھ سے بہتر میرا اپنا اور کون ہو گا جسے میں اپنا محرم راز بنالوں۔ اس نے کہا کہ پروردگار نے طاقت و قوت میں مجھ جیسا کوئی عفریت، انسان یا حیوان روئے زمین پر پیدا ہی نہیں کیا ہے۔ میں سوا تیرے دلکش چہرے کے کسی پر فریفتہ نہیں ہوں۔ میں تجھے بتا دینا چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے میری زندگی کا رشتہ ایک زنبور (بھڑ، ہڈا) کی زندگی سے جوڑ دیا ہے جسے میں نے بڑی احتیاط سے خوبصورت ڈبے میں مقفل کر کے فلاں ویرانے میں ایک کھجور کے درخت پر چھپا دیا ہے۔ وہ دیو ہر صبح اس زنبور کی زیارت کے لیے شاداں و فرحاں اس ویرانے میں جایا کرتا کہ خدانخواستہ اگر کوئی دشمن اس زنبور کو نقصان پہنچانا چاہے تو اسے ہلاک کر دے۔

شہزادہ قسمت کا دھنی اور عقل سے بھرپور تھا۔ وہ بڑی حکمت سے اس سیاہ زنبور تک پہنچ ہی گیا۔ ڈبے سے اسے بترکیب باہر نکالا اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کے بیچ رکھ کے اسے بری طرح پیس ڈالا۔ آناً فاناً وہ دیوزخم خوردہ پہاڑ کی گڑگڑاہٹ کے ساتھ موت کی گھاٹی میں پہنچ گیا اور دنیا اس کے ناپاک وجود سے پاک ہوگئی۔ پھر تو شاہزادے نے اس دبتہ الارض کے جوڑ جوڑ کو الگ کر دیا۔ تا کہ اس کے دوبارہ جی اٹھنے کا امکان ہی نہ رہے۔ ہمدرد و غمگسار خاتون نے پوچھا کہ اے دوست اب تمہارا کیا ارادہ ہے۔ شہزادے نے جواب دیا کہ وطن کی محبت اگرچہ ایمان کا حصہ ہے مگر اس وادیٔ ویران سے نکلنے کی راہ تو ملے۔ زیرک و دانا شاہزادی نے کہا کہ اس ظالم دیو نے بہت مال واسباب اور خزانہ جمع کر رکھا ہے۔ لکڑی کا ایک ایسا تخت بھی ہے جو اپنے مالک (سوار) کے حکم سے تخت سلیمان کی طرح ہوا میں اڑتا ہے اور جہاں کہا جائے فوراً پہنچا دیتا ہے۔

شاہزادے نے اسے ایک نعمت غیر مترقبہ اور غیبی مدد سمجھتے ہوئے اسے شاباشی دی اور کہا کہ وطن مالوف تو پہنچنا ہی ہے، پہلے ان تینوں محبوبانِ حور شمائل کی خبر خیریت لی جائے جو جہاز کی تباہی اور آفتوں میں مجھ سے بچھڑ گئی ہیں۔ اللہ جانے وہ زندہ بھی ہیں یا نہیں۔ رب ذوالجلال کہ جس کی قدرت نے حضرت ابراہیم پر آگ کو گلزار کر دیا اور حضرت نوح کو طوفان سیلاب سے محفوظ رکھا، کیا عجب اس نے ان خواتین کی بھی حفاظت فرمائی ہو اور وہ کسی نہ کسی ساحل تک پہنچ گئی ہوں مجھ مالخولیا مزاج کی جنت خیالی میں ان تینوں محبوباؤں کے ساتھ تو اپنی ذاتی خوبیوں کی وجہ سے کسی رباعی کے چوتھے مصرع کی حیثیت رکھتی ہے جیسا کہ صائبؔ نے لکھا ہے۔

در رباعی بیت آخر می زند جنگی بدل

خط پشتِ لب بچشم ما ز ابرو بہتر است

اس کے بعد یہ دونوں اسی دیو کے جمع کردہ خزانے سے بیش قیمت جواہرات اور پسندیدہ چیزیں اپنے ساتھ لے کر اس چوکور تخت پر بیٹھ کر اسے حکم کرتے ہیں کہ اے تخت جواں بخت پہلے تو ان بچھڑی محبوباؤں تک اگر وہ بقید حیات ہوں ہمیں لے چل۔ چنانچہ چند ساعت میں ہی وہ تخت اس باغ خاموشاں میں جا پہنچا جہاں وہ تینوں فراق زدہ محبوبائیں اسیر تھیں۔ ابھی شاہزادہ قضائے حاجت کے لیے ایک کنارے گیا ہی تھا کہ خدا کی مرضی ایک منحوس چڑیا آفت

آسمانی اور بلائے ناگہانی بن کر آئی اور شاہزادہ گل اندام پر بیٹ (لاہی) کر گئی جس کے فوری اثر سے شاہزادے کا پورا جسم مبروص (سفید داغوں والا) ہوگیا، یہاں تک کہ اکثر عضو بدن سے ریم (پیپ) بہنے لگی۔ اسی عبرتناک حالت میں وہ خاتون صاحب جمال کے پاس واپس آیا مگر چونکہ اس کی شکل مبروص تھی شہزادی نے کراہیت کے ساتھ اس سے نظر پھیر لی اور بات تک نہ کی۔ بیچارہ شہزادہ کہتا رہا۔

در تپ از کم حرفی لعل تنک جوش توام
من کبابِ آتشِ بسیار خاموش توام
می کنی یارم و لے یادت نمی آید ہنوز
معنیٔ برجستہ از خاطر فراموشِ توام

پھر بھی وہ اس کی طرف متلتفت نہ ہوئی اور نہ اس کا اعتبار کیا۔
آخر قسمت کا مارا شہزادہ از تن عریاں بادل بریاں گریاں گریاں شہر کی طرف نکل گیا۔
روزانہ گلیوں اور بازاروں میں یہی صدا لگاتا ؎

حاصل ما میشود آخر نصیب دیگراں
بخت برگشتہ چو سنگ آسیا داریم ما

ہر شب وہ بارگاہ مجیب الدعواۃ میں سلطان ابوسعید ابوالخیر کی یہ رباعی پڑھتا اور دعا کرتا۔

اے خالق خلق رہ نمائے بفرست
اے رازق رزق در کشائے بفرست
کار من بیچارہ گرہ در گرہ است
لطفی بکن و گرہ ربائے بفرست

سارا دن وہ ان چاروں محبوباؤں کی جدائی میں زار زار روتا پھرتا، کسی نے سچ کہا ہے ؎

بسا مشکل بود دل کندن از خوباں پس از الفت
ہنوز آب از غم یوسف بچشم چاہ می آید

اب سنیے وہ پاکدامن خاتون حیرت واستعجاب کے ساتھ ایک باغ میں پہنچتی ہے جہاں اس کے قدم کی برکت سے اچانک درختوں میں بے موسم پھل آ گئے۔ نہایت پختہ، سرخ اور شیریں ، باغبان نے اس صورت حال کی خبر بلا تاخیر بادشاہ کو دی۔ بادشاہ اس تغیر وانقلاب کا معائنہ کرنے بنفس بنفیس باغ میں آیا۔ اس نے ملاحظہ کیا کہ یہ خرق عادت صرف اس جادو نگاہ نازنین وخوش قدم مہ جبیں کے اقبال سحر آفریں کی بدولت ہوا ہے۔ ہر چند اس نے حقیقت حال سے واقف ہونا چاہا مگر خاتونِ حور شمائل آئینہ حیرت بنی خاموش ہی رہی۔

لاچار اسے بھی بادشاہ نے محل خاموشاں میں ان تینوں خواتین کے ساتھ کر دیا۔ وہ زبانِ حال سے یہی کہتی رہیں۔

در صحبتِ ما سکوت دارد رونق
چون مجلس گل کہ بے سخن رنگین ست

آخر بادشاہ کو فرمان جاری کرنا پڑا اور یہ منادی کرادی کہ اگر کوئی شخص اس معمہ کا حل پیش کرے اور ان چار خاموش عورتوں کو بولنے پر راضی کر دے تو بادشاہ اپنی بیٹی اس سے بیاہ دے گا۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ اسی درمیان اس شہزادے کے ایام نحوست ختم ہو گئے۔ یکا یک رحمت کو جوش ہوا اور شاہزادے کو القا ہوا کہ یہ چاروں خاموش بیبیاں اس کی چاروں منکوحہ ہی ہیں۔ اب شاہزادے نے خود کو مرض خاموشی کا معالج بتاتے ہوئے عمائدین سلطنت سے ملاقات کی اور یہ خبر بادشاہ تک جا پہنچی۔ متصدیان بحکم بادشاہ اس مبروص معالج کو خاموش خانہ میں لے گئے۔ معالج اور ان چپ بی بیبیوں کے درمیان پردہ ڈالا گیا اور باری باری وہ چاروں پردے کی اوٹ میں لائی گئیں۔ پہلی خاتون کے آتے ہی معالج نے اس کی ساری سرگذشت بیان کر دی اور کہا کہ اس کا بچھڑا ہوا شاہزادہ اسی شہر میں ہے اور بہت جلد ملاقات ہو گی۔ یہ سنتے ہی وہ بول اٹھی میں تیرے قربان جلد بتا وہ شاہزادہ کہاں ہے جس کی آتش فرقت مجھے کباب کئے دے رہی ہے۔ اس نے دل سے دعاء کی۔ یااللہ اگر اس مبروص کی باتیں سچ ہیں اور میری پاکدامنی وعصمت مآبی تیری بارگاہ میں مقبول ہے تو اس کے مرض میں تخفیف فرمادے۔ اس کے دعاء کرتے ہی مبروص کا جسم ایک چوتھائی صحتیاب پہلے جیسا ہو گیا۔

اس طرح دوسری، تیسری اور چوتھی خاتون بھی آئی اور اپنے گذشتہ احوال مفصل سن سن کر اللہ تعالیٰ سے دعائیں کرتی رہی کہ مبروص کے مرض میں تخفیف فرما لہٰذا چوتھی خاتون کے دعاء کرتے ہی شاہزادہ مکمل صحت یاب اور سراپا تندرست ہوگیا۔

اب سنئے! جب یکبارگی ان چاروں محبوباؤں کی آنکھیں اس شاہزادہ گل فام وشیریں گفتار سے چار ہوئیں تو بلبلانِ شیدا کی طرح انہوں نے اس گل رعنا کو گھیر لیا اور عشق و وارفتگی کا اظہار کرنے لگیں۔ شاہزادے نے ہر ایک سے پرسش احوال کی، ان کے آنسو پوچھے، دلجمعی کی اور سروں پر محبت وشفقت سے ہاتھ پھیرے۔

پہلی اہلیہ کا حال سن کر برجستہ کہا ؎

ما بدریا ے غم افتادیم و پای برنخواست
خوش فرورفتیم و دستِ آشنای برنخواست

محل دوم سے استفسار حال کیا اور یہ شعر پڑھا ؎

سوختم از ہجر و آہی بر نخواست
دود ایں آتش ہمہ خاکستر است

جب تیسری منکوحہ سے گفتگو ہوئی تو کہنے لگا اپنا حال کیا بتاؤں؟ کسی نے کہہ دیا ہے ؎

چوں مے تصویر از ہستی ست خالی جام ما
نیست جز پیراہن موجود براندام ما
بس کہ در یادت تہی از خویشتن گردیدہ ام
برزبانہا چون نگیں خالی ست جائے نام ما

جب آخری اور چوتھی بی بی سے بیان حال کا اتفاق ہوا تو بیساختہ کہہ اٹھا۔

در دوزخم میفگن و نام از گنہ مبر
دوزخ بگرمیٔ عرقِ انفعال ماست

بالآخر ان سبھوں کے استفسار حال پر شاہزادے نے پہلی بیوی سے عرض کیا ؎

چو دور افتادم از رویت نمی دانم کجا رفتم
بدریا ہا بہ آتش ہا بکام اژدہا رفتم

دوسری سے جو ملک فرنگ کے بادشاہ کی بیٹی تھی، کہا ؎

بے روئے خوشت گلہائے چون خار بود در چشم
بنشینم و خس چینم دیوانہ چنیں باید

تیسری بیوی جو بڑے سوداگر کی بیٹی تھی مزاج پرسی کرنے لگی تو یہ رباعی پڑھ دی۔

ہجر آمد و گرد فتنہ برجانم بیخت
عقلم نشد و صبر رفت و دانش بگریخت
زین واقعہ ہیچ دولت دستم نگرفت
جز دیدہ کہ ہر چہ داشت در دامن ریخت

جب نوبت کلام چوتھی بیوی تک آئی تو وہ پری پیکر اس شرم سے کہ حالت برص میں وہ شوہر کو پہچان نہ سکی تھی، سر جھکائے بیٹھی رہی۔ شہزادہ کہنے لگا کہ اے سرمایۂ شرم و حیا تو کیوں منفعل ہے؟ میں تو اپنی قسمت پر شاکر ہوں دوسروں سے گلہ شکوہ نہیں رکھتا۔ جیسا کہ کسی بزرگ نے فرمایا ہے ؎

گر رود سر بر نگردد سر نبشت
ایں سخن باید بہ آب زر نبشت

اب ہمیں چاہیے کہ بچھڑے ہوؤں کو ملانے والے کی بارگاہ میں سجدۂ شکر بجالائیں اور ایک دوسرے سے شکوہ شکایت ختم کریں۔

جب وہاں کے بادشاہ کو ان سب تعجب خیز اور رقت آمیز باتوں کی خبر ہوئی تو اس نے اللہ کی پاکی بیان کی۔ اور دوگانہ شکرانہ کے بعد اپنے عہد کو یاد کیا کہ اسے اپنی بیٹی اس شخص کے حبالۂ عقد میں دینی ہے۔ جشنِ شادی کے اہتمام کا فرمان جاری کیا۔ نجومیوں کو قران السعدین کی ساعت سعید دیکھنے کا حکم ہوا۔ امراء و متصدیان کو شایان شان انتظامات کی تاکید کی گئی، آرائش و زیبائش کا بے نظیر اہتمام کیا گیا کہ چشم فلک نے بھی کبھی نہ دیکھا ہوگا۔ رقص و سرود، عیش و عشرت اکل و شرب کی فراہمی میں کوئی کسر باقی نہ رکھی گئی۔ (یہاں پر شاہانہ تقریب شادی کا تفصیلی بیان

نادر تشبیہات واستعارات اور زبان وبیان کی صنعتوں کے ساتھ دیدنی ہے۔)

مختصر یہ کہ تاج خلافت کے اس انمول ہیرے (شہزادے) اور صدف سلطنت کے اس درشہوار (شاہزادی) کو نادر الوجود ملبوسات وزیورات سے آراستہ وپیراستہ کر کے امور شرعی کے مطابق رشتۂ ازدواج میں منسلک کردیا گیا۔ طنطنۂ شادی وغلغلۂ مبارکبادی سے فضا گونج اٹھی۔ انعامات ونوازشات کا دریا بہادیا گیا۔ مملکت میں کوئی غریب ومحتاج نہ رہا۔ ہر سمت مسرت و شادمانی کی فراوانی تھی۔ نوشاہ وعروسہ کو خلوت دی گئی۔ شب زفاف کی منزلیں طے ہوئیں جس کے بیان پر مصنف نے اپنی جادورقمی کی انتہا کردی ہے۔

تشنۂ خوں کرد مست چشم فتان ترا
خواب سنگین شد فساں چوں تیغ مژگان ترا

انجام کار ان چاروں دلداروں اور اس غمگسار جدید یعنی نئی نویلی دلہن کے ساتھ شاہزادے نے بہار کے یہ دن مسرت وانبساط کے ساتھ گذارے، یہاں تک کہ موسم گرما آگیا۔ پھر اس میں اعتدال پیدا ہوا اور رفتہ رفتہ سردی آگئی۔ شراب وکباب سے گرمی پیدا کی جاتی رہی۔ حسینانِ توبہ شکن کی محفلیں ہوتی رہیں۔ اور بقولِ صائبؔ ؎

از سیہ کاراں حدیثِ توبہ جرم دیگر است
جامۂ خود را ہماں بہتر نشوید گل چنین

اب شاہزادہ ہر فکر سے آزاد اور ہر طرح مطمئن ہوکر اپنے وطن مالوف کی طرف واپسی کی سوچنے لگا۔ وہ بارہ مہینے اپنی ان پانچوں محبوباؤں کے ساتھ عیش وعشرت میں وقت گزارتا رہا۔ لیکن سال کے ختم پر بقول اس فال کے:

حب الوطن از ملک سلیمان خوشتر
خارِ وطن از سنبل و ریحاں خوشتر
یوسف کہ بہ مصر بادشاہی می کرد
می گفت گدا بودن کنعان خوشتر

شاہزادے نے اپنے خسر محترم بادشاہ گیتی پناہ پر اپنا عزم ظاہر کرتے ہوئے سفر کی

اجازت چاہی۔ بادشاہ نے کہا کہ اے عزیز اس دولت خانے کو تم اپنا ہی سمجھو اور افواہ پر کان نہ دو۔ شاہزادہ یہ سن کر متفکر ہوا کہ خدا خیر کرے بادشاہ نے یہ کیا کہہ دیا۔ داماد کو پریشان اور فکر مند دیکھ کر بادشاہ نے اسے احتیاط کے ساتھ اس بات سے مطلع کر دیا کہ فلاں ملک کے خاقان نے تمہارے ممالک محروسہ پر تسلط حاصل کر لیا ہے۔ تمہارے ملک کو تاراج کر کے اس پر خود حکمراں ہے یہ سن کر شاہزادے کی غیرت کو ٹھیس لگی۔ اس نے اپنے خسر بادشاہ سے التجا کی کہ مجھے کمک اور اعانت دی جائے کہ میں اپنا ملک اس سے آزاد کرالوں۔ بادشاہ نے داماد کے عزم وارادہ اور ہمت سے متاثر ہو کر اسے ایک فوج ظفر موج کے ساتھ اس کے ملک کی طرف روانہ کیا۔ شاہزادے نے اپنے ملک پر قابض وغاصب بادشاہ سے زوردار جنگ کی اور مردانہ شجاعت ودلیری کے ساتھ اسے شکست دی۔ اور اپنے ملک پر فاتحانہ قابض ہوا۔ بارگاہ الٰہی میں سجدۂ شکر ادا کیا اور اپنے پدرِ بزرگوار کو جو ادھر اُدھر مفرور بھٹک رہا تھا۔ ڈھونڈھا اور ایک سعادت مند بیٹے کی طرح اس کا استقبال کیا۔ عزت واحترام کے ساتھ تخت شاہی پر براجمان کیا اور خود کو ولی عہد سلطنت گردانا۔ شاہزادے نے اپنی پانچوں بیویوں کو محل خانے میں اپنے والدین کی خدمت پر مامور کر دیا۔ یہ بادشاہ اپنے بیٹے کے ساتھ اپنی گذشتہ بدسلوکی پر شرمندہ تھا مگر فرزند سعید نے اپنا حق ادا کرتے ہوئے کبھی ایک حرف شکایت بھی زبان پر نہ لایا۔

اے دلِ دیوانہ! دیکھ قادر مطلق نے کس طرح شاہزادے کو مصیبتوں اور آزمائشوں سے نجات دی۔ ہزاروں پریشانیوں سے اسے صحیح وسالم نکالا۔ اس کی زوجیت میں پانچ محبوبانِ حور شمائل عطا کیں اور آخر کار اسے تخت وتاج اور ملک ودولت کا وارث بنایا۔ لہٰذا ہمیں کسی حال میں بھی کشائش وکامیابی سے ناامید نہیں ہونا چاہیے۔ کسی بزرگ نے فرمایا ہے ۔

دلا دلا زچہ حالے بہیچ حال منال
یقیں بدان کہ نماند زمانہ بریک حال
کدام محنت و اندوہ گان بماند مقیم
کدام دولت و حشمت کہ او نشد بزوال

تیسری کشایش

اس سلطان زادے سے متعلق جو مضبوط ارادے کا مالک تھا جس نے بارہ بروج کے زیر اثر کبھی سخت مشکلوں اور کبھی آسانیوں میں وقت گزارا اور مسلسل بارہ سال کی پیہم آزمائشوں سے گزر کر اپنے اصلی حالات پر آ گیا۔

کہتے ہیں کہ بڑی شان وشوکت والے کسی بادشاہ کو صرف ایک ہی بیٹا تھا جو ایک عرصہ بعد بڑی منتوں، دعاؤں اور مناجاتوں کے بعد پیدا ہوا تھا۔ شاہزادے نے ایک شاندار شہر آباد کیا جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ حسین وجمیل عمارتیں، خوبصورت باغات، آرام دہ سرائیں۔ مسافر خانے اور سیر گاہیں بنوائیں کہ وہاں کے باشندوں اور آنے والے مسافروں کو کسی طرح کی تکلیف نہ ہو۔ انتطامیہ کو تاکید کی گئی کہ ہر آنے والے کی مہمانی اور ضیافت میں کوئی کمی نہ ہونے پائے اگر کوئی نو وارد شہر مہمان کسی سے عجیب وغریب واقعہ، قصہ یا حکایت بیان کرے۔ تو اسے فوراً ضبط تحریر میں لا کر بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا جائے۔

اتفاقاً ایک سیاح جو کئی ملکوں کی سیر کر چکا تھا اس شہر میں وارد ہوا اور یہ واقعہ یوں بیان

کرتا ہے کہ ایک حسین وجمیل خاتون اپنے اقبال کے پردے میں چند مشکلات کی اسیر ہوگئی ہے، اگر چہ اس زمانے میں ہر طرف رنگا رنگ چیزیں نظر آتی ہیں مگر تقدیر و تدبیر کی بات کرنے والے ایک حکیم نے فلاں خطرناک جگہ پر بارہ ہاتھ کے عرض وطول میں عجیب وغریب حجرہ تعمیر کیا ہے جس کا بیان تحریر وتقریر سے باہر ہے۔ جو شخص اس حجرے میں داخل ہوتا ہے۔ بارہ سال کے بعد ہی اس سے باہر آپاتا ہے۔ اس کا تعلق سننے سے زیادہ دیکھنے سے ہے۔ شاہزادے تک یہ باتیں پہنچیں۔ اس نے پہلے تو اس خاتونِ پری جمال کے لیے بارہ ہزار اشرفیوں کا نذرانہ مقرر کیا اور اس حکیم کے تعمیر کردہ حجرۂ حکیمانہ کا طواف کرنے کے لیے بیقرار ہوگیا۔ وہ اس مراد کو پانے کے لیے عجلت وسرعت کے ساتھ وہاں پہنچنا چاہتا تھا۔ بادشاہ کو جب شاہزادے کا ارادہ معلوم ہوا تو اس نے ندیموں اور وزیروں کو اس کے پاس بھیجا یہ سمجھانے کے لیے کہ وہ اس سفر سے باز رہے۔ شاہزادہ ہزار سمجھانے بجھانے کے بعد بھی راضی نہ ہوا۔ یہاں تک کہ اس نے کھانا پینا بھی چھوڑ دیا۔ آخر بادشاہ خود اس کے پاس آیا اور بہت سمجھانے کی کوشش کی کہ تو ہی میرا اکلوتا بیٹا میرے بڑھاپے کا سہارا آنکھوں کا تارا ہے۔ حکومت وسلطنت کا وارث تو ہی ہے۔ مجھے اپنی جدائی میں تڑپتا چھوڑ کر غیر ملک کی طرف جانا چاہتا ہے۔ اللہ کو ہی علم ہے کہ بارہ سال تک میں زندہ رہوں گا یا نہیں کہ پھر تیرے دیدار سے دل شاد ہو سکے۔ بادشاہ کی نصیحتوں کا بھی بیٹے پر کوئی اثر نہیں ہوا اور وہ تھک ہار کے واپس ہوگیا۔ وزرائے دانشمند نے بادشاہ سے عرض کیا کہ شہزادہ بضد ہو کر کھانا پینا ترک کر چکا ہے، بارہ دن وہ رہ بھی سکے گا یا نہیں۔ لہٰذا اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے شاہزادے کو رخصت کی اجازت دے دی جائے، آگے جو اللہ کو منظور ہو۔ چنانچہ بادشاہ نے وزیروں کے مشورے اور صلاح کے بعد اپنے اکلوتے بیٹے کو اس حجرے یعنی مکان بے نشان کے مشاہدے کی اجازت دے دی اور اسے ایک حفاظتی لشکر کے ساتھ اللہ کی حفاظت میں رخصت کیا۔

شہزادۂ عالی گوہر اس شعر کے مطابق اپنے وطن میں ہی گویا غریب الدیار تھا۔

روشن گہران در وطن خویش غریب اند
در پشت صدف گوہر شہوار یتیم است

آخر طے مراحل وقطع منازل کرتا ہوا شہزادہ اس حکیم وقت کے پاس جو بقراط وسقراط و

افلاطون کا بھی چچا تھا، پہنچ ہی گیا۔ اس کی خدمت میں نذر پیش کی اور اس حجرے یعنی خانۂ بے حجابانہ کے بارے میں تفصیل جاننا چاہی۔ اس حکیم نے اسے بارہ سال حجرے کے پُرمشقت احوال سے آگاہ کیا۔ شہزادے نے اپنے ساتھ آئے لشکر کے سرداروں اور محافظوں کو وعدہ وعید کے ساتھ رخصت کر دیا اور خود اس حجرۂ دوازدہ یعنی مکانِ ظلمت نشان میں شانِ سکندری کے ساتھ داخل ہو گیا۔ اندر جا کے شاہزادے نے دیکھا کہ ہر طرف تاریکی ہی تاریکی ہے، وحشت اور پریشانی کے سوا کچھ نہیں۔ فوراً اپنے ارادہ راسخ کو فسخ کرنے پر آمادہ ہوا۔ بقول صائبؔ ؎

این قدر دلبستگی صایبؔ بزلفِ یاد چیست

نسخۂ خواب پریشاں گو نباشد گو مباش

ابھی واپس ہونے کو سوچا ہی تھا کہ پاؤں لڑکھڑایا ایک گہرائی میں گر پڑا اور اس گڈھے سے ایک دوسرے غار کی طرف لڑھکتا رہا۔ اسی بیچ ایک تنگ و تاریک کھڑکی میں کچھ روشنی نظر ئی۔ وہ اس طرف بڑھتا گیا اور کئی دریچوں سے گزرتا ہوا ایک میدان میں پہنچ گیا جہاں کی فضا صاف اور خوشگوار ملی مگر نہ کوئی سمت کا اندازہ ہو سکا نہ کوئی موجود نظر آیا۔ شہزادہ گھبرا کر ادھر ادھر چکر لگاتا رہا۔ تین دن اسی حال میں گزر گئے تب جا کر آفتاب طلوع ہوا۔ اور کچھ دوری پر ایک اونچا مکان نظر آیا۔ وہاں تک پہنچا تو دیکھا کہ ایک سرسبز و شاداب باغ ہے جہاں ہر طرف رنگ برنگے پھولوں والے چمن اور سرو و سنبل سے بھرے گلزار ہیں مگر کہیں بھی کوئی آدم وآدم زاد کا پتہ نہیں نہ کوئی باغ کا مالک ہی نظر پڑا۔ شاہزادہ تین دنوں کا بھوکا پیاسا تھا اس نے شکم سیر ہو کر باغ کے پھل کھائے اور ایک جگہ پر آرام سے سو گیا۔ ایک ہفتہ تک دل پسند کھانوں خوش کن نغموں اور آراستہ و پیراستہ مکان میں عیش کرتا رہا۔ آخر تنہائی سے گھبرا کر باغ کی سیر کو نکلا۔ جیسے ہی اس مکان کے احاطے سے باہر قدم نکالا کہ اس چہار دیواری کے نشانات تک غائب ہو گئے۔ صرف ایک وسیع و عریض میدان تھا جہاں ہر سمت غولانِ بیابانی اور خشک ٹیلے نظر آتے۔ اس ویرانی نے وحشت پیدا کی اور وہ ادھر ادھر بھاگنے لگا، اسی طرح تین دن اور گزر گئے۔ ایک دن اسے ایک بڑا قلعہ نظر آیا جس کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ شاہزادہ یہ دیکھ کر خوش ہوا۔ انسانی صورت اور کسی ہم جنس کی تلاش میں وہ اس دروازے میں داخل ہو گیا۔ دیکھتا ہے کہ ہر طرف خوبصورت حویلیاں اور محلے دو محلے

شاہانہ آن بان کے ساتھ آرام وآسائش کی اشیاے فراوان سے سجے سجائے ہیں لیکن کہیں بھی کوئی خاتون خانہ نظر نہیں آتی، دل میں خیال آیا کہ یہ جگہ شہیدوں کی تو نہیں، بغیر کسی کی اجازت کے کہیں کھانے پینے میں بے ادبی نہ ہو جائے اور سزا کا مستحق قرار پاؤں۔ ہر چند کہ بھوک زوروں کی لگی تھی مگر مصلحت وقت سمجھتے ہوئے اس بلوریں بنگلہ کے برآمدے میں بیٹھ گیا جو صحنِ باغ سے ملحق تھا۔ منتظر رہا کہ شاید کوئی نامعلوم معشوقہ طناز کسی طرف سے آجائے اور اس رشک جنت باغ کا لطف دوبالا ہو۔ یہاں تک کہ دن ختم ہو گیا اور شام آگئی، سورج اپنے سنہرے چہرے کے ساتھ کاشانۂ مغرب میں داخل ہو گیا۔

اسی دوران اس اقلیم کا فرمانروا اپنے شاہزادوں، سواروں، نوبت بجانے اور قرنا پھونکنے والوں کے ساتھ بڑے دبدبے اور شان کے ساتھ ایک سمت سے آتا نظر آیا ہر طرف چراغوں کی روشنی سے رات، شب قدر کی طرح اجالی بلکہ ہزار شب قدر سے زیادہ روشن ہوگئی۔ اچانک اس بنگلہ کے برآمدے سے یہ منظر دیکھ کر شاہزادے کا ہوش گم ہو گیا۔ سب سے زیادہ حیرت کی بات یہ تھی کہ اس شاہی جلوس میں سب عورتیں ہی تھیں کوئی مرد نہ تھا۔ وہ بادشاہ (ملکہ) نسواں پناہ بھی عورت تھی۔ جب اپنے خاص محل میں داخل ہوئی اور مسند شاہی پر رونق افروز ہوگئی تو حکم دیا کہ جو مہمان عزیز یہاں تازہ وارد ہوا ہے اسے عزت کے ساتھ تسلی وتشفی دیتے ہوئے حاضر کیا جائے۔ حسینانِ ماہ جبیں فوراً اس نووارد شاہزادے کو لے کر ملکہ معظمہ کے حضور پہنچ گئیں۔ مسافر نواز فرمانروا نے پہلے اسے سلام کیا پھر اس کے ہاتھ چومے۔ محبت واخلاص کے ساتھ اپنے مسند شاہانہ سے قریب بٹھایا۔ پھر اسے بتایا کہ وہ بفضلہٖ تعالیٰ اس علاقہ میں بارہ ہزار شاہپریوں کی حکمراں ہے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ ہمارے مذہب وقانون میں کسی کی دلآزاری سے بڑا کوئی گناہ نہیں، چہ جائیکہ ہم سے کسی آدم زاد کو تکلیف پہنچے۔ اے نووارد تمہاری پیشانی سے شہزادگی عیاں ہے اور قیافہ تمہاری بلند ہمتی اور مضبوط ارادے کا غماز ہے۔ اس مکان کو تم اپنا دولت خانہ سمجھو اور جس نعمت کی طرف دل مائل ہو اس سے لطف اٹھاؤ۔ یہاں کا دستور ہے کہ جب کوئی مہمان آجائے تو بغیر اس کے ماحضر تناول کیے کسی کے لیے بھی کھانا حرام ہے۔ طعام حاضر ہے، شوق فرمائیں کہ وہ ٹھنڈا نہ ہو جائے۔

بہر حال ملکہ کی اس مہمان نوازی اور گرم جوشی سے شاہزادے کے حواس بجا ہوئے۔ نان ونوش کا دور چلا، ایک دو جام کے بعد بھوک تو تھی ہی اس نے چند لقمے طعام لذیذ کے بھی لیے اور بےتکلف آرام کرنے کی رخصت چاہی۔ پریوں کی ملکہ نے دو حوروش شاہپریوں کو اس کی خدمت و آرام کے لیے مامور کیا اور سلاطین کی نسل والی دو پریوں کو تاکید مزید کی کہ شب وروز شاہزادے کی خاطر داری میں لگی رہیں۔ صبح ہوئی تو مہمان شاہزادہ اپنی میزبان فرمانروائے پریزادگان کی خدمت میں شکر وسپاس کے لیے حاضر ہوا۔ ادھر وہ اپنے خواب شیریں سے جاگ کر بن سنور کے آراستہ و پیراستہ رونق مسند خسروانہ تھی۔ پرستارانِ خاص نے اشارے سے حکم پاتے ہی شہزادے کو اعزاز کے ساتھ فراز مسند پر جگہ دی۔ رقص وسرود اور شراب ناب کا دور شروع ہوا۔ ساقی نے شراب کی تعریف میں یہ شعر پڑھا۔

قطرہ گر گوہر شود آرائش گوش است و بس

ورشودے از سراپا حسن را زیور بود

اور نغمہ گایا:

گوینده جاں ز نغمہ بقالب در آمده

در پرده گفتہ اند ہمیں نغمہ جان بود

المختصر شاہزادہ اسی طرح عیش وعشرت میں راتوں کو دن اور دنوں کو شام کرتا رہا۔ جیسا کہ بوالہوسی اور بسیار طلبی سلطان زادوں کی طبیعت کا خاصہ ہے ایک دن شاہزادے نے حالت نشہ میں بےشرمی کے ساتھ شہنشاہ پری سے شوق وصال کا اظہار کر دیا۔ حالانکہ شہنشاہ پری نفسانی محرکات سے قطعاً پاک اور محفوظ تھی۔ اس نے جواب دیا کہ اے شاہزادے تیرے اس کفرانِ نعمت کا انجام اچھا نہیں۔ دراصل پریوں کا یہ طائفہ شہوانی لذتوں سے مبرّا اور پاکدامن ہے۔ ان کی صحبت صرف قوی ہیکل دیوں کے ساتھ ہی ممکن ہے جو اپنی طاقت اور جوش سے ان پر غالب آتے ہیں۔ کمزور آدم زادوں کے لیے یہ ممکن ہی نہیں۔ تمہارے ساتھ یہ ضیافت اخلاق اور حسن سلوک محض مہمان دوستی کی وجہ سے ہے۔ جب شاہزادے کی ضد حد سے بڑھنے لگی تو اس کی طرف سے کراہیت محسوس کرنے لگی۔ اس قسمت کے مارے نے اس کے لب کا بوسہ لے لیا۔ چومتے ہی

اس پر غشی طاری ہوگئی۔ کچھ دیر بعد جب کچھ ہوش آیا تو کیا دیکھتا ہے کہ اس انجمن مثالی اور عشرت کدے کا دور دور کوئی نشان تک باقی نہیں، حدِ نظر تک بس ریگستان و بیابان ہے۔ حیران و پریشان اس نے یہ شعر اپنے حسب حال پڑھا۔

ہوشم بنگاہے برد، جانانہ چنیں باید
یک جرعہ خرابم کرد، پیمانہ چنیں باید

ایک ہفتہ اسی طرح ادھر ادھر آوارہ پھرنے کے بعد ایک انجان شہر میں پہنچ گیا۔ دیکھا کہ وہاں کے لوگ اپنے سروں اور کندھوں پر چڑیوں کو بٹھائے کھڑے ہیں شہزادے نے پوچھا کہ یہ کیا تماشا ہے۔ لوگوں نے اسے بتایا کہ اس ملک کا دستور ہے کہ جب یہاں کا والی (حکمراں) مرجاتا ہے تو عوام اسی طرح جمع ہوتے ہیں اور ایک خاص بلند جگہ سے شہباز اڑاتے ہیں، وہ باز جس شخص کے سر یا کاندھے پر بیٹھ جائے یا چڑیا پکڑ لے اسی کو بالاتفاق ملک کا بادشاہ مان لیا جاتا ہے۔ اس دوران خوبیٔ قسمت دیکھیے کہ قادر مطلق کے حکم سے وہ شاہباز ہما پرواز اسی شاہزادے کے سر پر آ بیٹھا۔ چنانچہ دستور ملکی کے تحت شاہزادے کو ہی شاہانہ جاہ و حشم کے ساتھ مرصع فیل پر سوار کر کے شادیانہ و قرنا کی گونج میں قلعۂ مبارک تک لایا گیا۔ شاہزادہ خود چونکہ آداب شاہی و قواعد سلطانی سے آگاہ تھا ہر طرح تاج و تخت کا سزاوار ہوا۔ اس طرح والیان حکومت و امرائے سلطنت کو ایک جواں بخت ولی نعمت میسر آیا۔ نیز عروس خلافت کو نوشۂ جواں بخت صاحب تخت مل گیا۔ شہزادے نے بھی مالک حقیقی کی بارگاہ میں عاجزانہ سجدۂ شکر ادا کیا۔

خواجہ سرایوں نے خسرو وقت شاہزادے سے عرض کیا کہ ہماری مخدومہ ہمایوں ماہ بانو، صبیحہ خاتون، نازنو خانم، طلا بیگم اور ایک خاتون بنفشہ نام کی ہیں۔ سارے محل زعفرانی رنگ کے ہیں مگر پانچواں محل لعل محل ہے۔ جو خاص محل ہے۔ مخدومائیں حضرت کی خدمت عالی میں سلام پہنچاتی ہیں۔ آج ہر محل میں آپ تشریف ارزانی فرمائیں۔

اتفاق سے وہ رات ماہ کی چودھویں رات تھی۔ مشاہدے کی احتیاط کے ساتھ وہ سب سے پہلے ماہ بانو کے محل میں جو اسم بامسمیٰ تھا، قدم رنجہ ہوا۔ وہاں نہایت مسرت و بشاشت کے ساتھ استراحت و شب باشی کی اور صبح کو تخت خلافت پر جلوہ افروز ہو کر رعایا کو عدالت و

انصاف سے فیضیاب کیا۔ شام کو محل ثانی کی باری آئی مگر سوائے ماہ بانو یعنی محل اول کے کسی دوسرے محل میں اس نے خاطر خواہ وقت نہ گذارا اور لعل محل جسے سخاوت محل بھی کہہ سکتے ہیں اس سے رفاقت نبھائی۔

خدا کی مرضی و مشیت دیکھیے جب اس محل یعنی لعل محل کی باری آئی، بادشاہ اس کا شانۂ رنگیں میں مستانہ وار داخل ہوا۔ خاتون خانہ گلفام وگل اندام تھی کہ یہ قطعہ اس کے شایان شان ہے۔

قدت در نازکی شاخ گل نو رستہ را ماند
رخ خو کردہ ات گلبرگ شبنم بستہ را ماند
کفِ دستت گل است وغنچہ ہا سرہای انگشتان
چو دست از آستیں بیرون کنی گلدستہ را ماند

شاہزادے نے ہر طرف گلبدنوں اور لالہ رخوں کی بہار ہی بہار دیکھی۔ خلوت میں جب شاہزادے نے اس گلدستۂ خوبی کی طرف ہاتھ بڑھانا چاہا تو جھجک کر اس نے پہلوتہی کی اور بولی کہ شروع سے ہی میں نے اپنی پرداخت ونشوونما خاص اور الگ رکھی ہے آنجناب نے روز اول ہی میری قدر نہ جانی اور اپنا وقت دیگر کنیزوں کے ساتھ صرف کرتے رہے۔ میں اپنی شان کے خلاف سمجھتی ہوں کہ کسی جوٹھے میں اپنا منہ لگاؤں۔ آپ کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے میں حاضر ہوں مگر شہوت رانی وخواہش نفسانی کے لیے آپ کی دیگر لونڈیاں ہیں۔ ہر چند شاہزادے نے عذر لاعلمی پیش کیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا لعل محل نے اسے خود کو چھونے تک نہ دیا۔ شاہزادے کی منت سماجت جب حد سے بڑھنے لگی تو اس نے کہا کہ میری صحبت سے تجھے کوئی نفع ہونے والا نہیں۔ شاہزادے کا دل اس پر آچکا تھا مگر اس شاہ پری کے انکار پر وہ اس سے الگ رہا اور کنیزوں پر ہی قناعت کی۔

الغرض ہفتہ کا ہر دن شاہزادہ باری باری ہر محل میں گزارتا رہا لیکن محل لعل محل میں انکار وصال سے احساس شرمندگی اور اس کے دل کی چبھن نہ گئی۔ یہاں تک کہ پورے نو سال عدل و انصاف، امن چین اور عیش وعشرت کے ساتھ حکمرانی کرتا رہا۔ اتنے دنوں جو تخت خلافت پر بیٹھ

کے نہایت کامیابی سے جہانبانی کی تو سمجھا کہ یہ سب کچھ دوامی ہے، اب اسے زوال نہ ہوگا۔ بلکہ جو کچھ ہوا وہ جادوئی یا طلسمی ہرگز نہ تھا۔ دل میں خیال گزرا کہ پریوں والا حادثہ شاید کوئی خواب ہی ہوگا۔ ایسے میں اس پری تمسال، صاحب جمال بت طناز کے جام وصال سے محروم رہنا بیوقوفی ہے۔ وقضارا اس دن موسم نہایت خوشگوار تھا، فضا میں خنکی تھی، لعل محل اور اس کے سرخ پوشاں کو دیکھ کے نشہ میں بدمست شاہزادے کو یارا نہ رہا۔ کہنے لگا رنگ محل کے اس دلنواز نظارے نے میری طاقت صبر چھین لی ہے۔ شوق غالب ہے، اے لعل محل اب تجھ سے جدائی برداشت نہیں۔ یہ سلطانی جاوید تیرے شربت وصال کے آگے ایک جو بھی قیمت نہیں رکھتی اے سراپا حسن و جمال مجھے اپنے سینے سے لگا لے اور اپنے رسیلے ہونٹ مجھے چوسنے دے تاکہ میں جاں بلب از سر نو زندگی کا لطف اٹھاؤں۔ لعل محل نے اسے بہت سمجھایا اور کہا کہ میں سو جان سے تجھ پر قربان مگر میرا وصل تیرے لیے نقصان دہ ہوگا۔ یہ مستی وقتی ہے، اتر جائے گی۔ خدا کے فضل سے سات محل تیرے تصرف میں ہیں۔ مجھے حاشا کسی سے کوئی حسد یا رشک و رقابت نہیں۔ خود کو اس وبال میں نہ ڈال۔ قسمت کے مارے شہزادے نے سمجھا کہ یہ بت طناز چونکہ بہت سرافراز و ممتاز رہی ہے، اس لیے گھمنڈ سے چور ہے۔ شہزادہ اس کے انکار و نصیحت کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے اپنی ضد پر اڑ گیا۔ ناچار وہ پری رخسار چیں بہ جبیں ہو کر بولی کہ نہیں مانتا تو جا جو تیری مرضی مگر اس شرط پر کہ پہلے لونڈیوں سے اختلاط کی گندگی دور کر لے اور اس گرم پانی کے حوض میں غسل کر لے۔ اس کے بعد ہی میں کچھ سنوں گی۔

ضدی خاقان زادہ جیسے ہی اس حوض میں غسل کے لیے اترا اور ڈبکی لگا کر باہر نکلا تو دیکھتا ہے حد نظر تک صرف پانی ہی پانی ہے، نہ کہیں شہر کا پتہ ہے نہ کسی پری چہرہ کا۔ چیخ چیخ کر زار و قطار رونے لگا مگر اب کیا چڑیاں چگ گئیں کھیت کہتے ہیں بیچاروں کا چارہ ساز اور بے سہاروں کا سہارا کارسازِ حقیقی ہے، ناگاہ کچھ دور پانی پر ایک کشتی بغیر کسی ملاح کے دکھائی دی۔ پھر اس کے ایک تختہ پر کلمۂ لاتقنطوا من رحمۃ اللہ لکھا ہوا نظر آیا۔ حیران و پریشان شاہزادے نے اس طوفانِ بلا میں اس کشتی کو کشتی نوح سمجھا اور بڑھ کے اس پر سوار ہو گیا۔ زندگی سے مایوس مگر قسمت پر بھروسہ کئے ایک تختے سے لگا بیٹھا رہا۔ چنانچہ کشتی بہتے بہتے بیچ دریا میں ایک چھوٹے سے قلعہ کے

پاس پہنچ گئی۔ شاہزادہ فوراً کشتی سے اتر کے اسی قلعہ کی طرف کہ شاید کہیں کوئی پناہ ملے، ادھر ادھر اسی ویرانے میں بھٹکتا رہا یہاں تک کہ شام ہوگئی۔ قلعہ کے دروازے تک پہنچا تو کوئی چیز اسے نئے چاند کی طرح نظر آئی قلعہ کا دروازہ مقفل تھا۔ وہ اس روشنی کو فریب نظر سمجھتے ہوئے تھکا ہارا وہیں بیٹھ گیا۔ رات ہوگئی تو دیکھتا ہے کہ ایک کریہہ المنظر بدشکل دیو بلائے ناگہانی کی طرح چیختا چنگھاڑتا کہیں سے وارد ہوا۔ شہزادے کو در پر پڑا دیکھ کر پوچھا تو کون ہے اور یہاں کیسے آگیا مصیبتوں کا مارا شہزادہ بے حس و حرکت پڑا رہا۔ کچھ بولا نہیں۔ جب دیو نے اسے ٹھوکر رسید کی تو بلبلا اٹھا اس دیو کے پاؤں پر گر پڑا اور رو رو کر کہنے لگا میں بیکس و بے یار ہوں مجھے اپنا غلام بندۂ بے دام سمجھو۔ جدھر جاتا ہوں پانی ہی پانی ہے، زمین سخت ہے آسماں دور ہے۔ مجھے اسی مکان میں اپنی خدمت گذاری کے لیے رکھ لو۔ بقولے

ملایمت کن و فارغ شو از ملامتِ خلق
کہ نخل موم ز آشوب تیشہ آزاد است

یہ سن کر اس عفریت نما دیو نے اسے چھوڑ دیا۔ پھاٹک کا تالا کھولا اور قلعہ میں داخل ہوا۔ رات بھر شہزادہ ڈرا سہا ذلت کے ساتھ فرش پر پڑا رہا۔

صبح ہوئی تو وہ دیو ہیکل تن باہر آیا، دروازے کو مقفل کیا اور شہزادکو تھوڑا شیر برنج کھانے کو دے کر ہوا میں اڑتا ہوا کہیں چلا گیا۔ ایک ہفتہ تک اس کے ساتھ دیو کا یہی سلوک رہا۔ آخر اس کے حال پر ترس کھا کے اپنے ساتھ مکان کے اندر لے گیا۔ وہاں شہزادے نے چار حجرے دیکھے جن میں دو حجرے منقش اور سجے سجائے تھے۔ وہ دیوزاد ہر روز چار قاب شیر برنج تیار کرتا، دو قاب ان دو حجروں میں پہنچاتا، ایک خود کھاتا اور ایک اس نصیب جلے شہزادے کو دیتا۔

رفتہ رفتہ دیو کو اس پر اعتبار ہوتا گیا اور اکثر وہ ان حجروں کی چابیاں بھی اسی کے حوالے کر کے چلا جاتا اور شام کو واپس آ کے کھانا دیتا۔ ایک دن شاہزادے نے سوچا کہ ان دو حجروں میں شیر برنج کسے جا کے دیتا ہے، دیکھنا چاہیے۔ کوئی ذی روح تو ضرور ہے جو بغیر کھانے کے زندہ نہیں رہ سکتا۔ بسم اللہ کہہ کے ایک حجرے کو کھولا، دیکھتا ہے کہ ایک چھوٹے سے باغیچہ میں آدمی کے رہنے لائق نہایت خوبصورت مکان ہے جس میں ایک حور لقا نازنین شاہانہ لباس پہنے خسروانہ

انداز سے بیٹھی ہے اور دو کنیزیں اس کی خدمت میں کھڑی ہیں۔ نازنین سے آنکھیں چار ہوئیں اور دونوں نے ایک دوسرے کو اپنا ہم جنس اور نعمت غیر مترقبہ جانا۔ چنانچہ یہ دونوں آدم زاد ایک دوسرے سے رورو کر استفسار حال کرتے رہے اور باہم ایک دوسرے کی تسلی بھی شاہزادہ جب اپنا حال بیان کر چکا تو وہ حور شمائل نازنین کہنے لگی کہ میں فلاں بادشاہ گیتی پناہ کی بیٹی ہوں۔

یہ جادوگر دیو مجھ پر عاشق ہو گیا ہے اور مجھے ان دونوں کنیزوں کے ساتھ اٹھا لایا ہے۔ ہم تینوں اسی ایک قاب شیر برنج پر گزارہ کر رہے ہیں۔ اللہ کا احسان ہے کہ تجھ جیسے خوبرو جوان سے ملاقات ہو گئی۔

ترا دیدم و یوسف را شنیدم
شنیدہ کی بود مانند دیدہ

تھوڑی عمر جو باقی ہے ہم اسی طرح روزانہ ایک دوسرے سے ملتے ہوئے گزاریں۔

شاہزادہ کہتا ہے ؎

چو آشنای تو شد دل زمن رمید آری
کسی ترا کہ بدست آورد مراچہ کند

چنانچہ اسی طرح چھ مہینوں تک یہ دونوں ایک دوسرے سے ملتے جلتے اور دادعیش دیتے رہے۔ ایک روز شاہزادے کو خیال آیا کہ دوسرے حجرے میں کیا ہے، دیکھا جائے۔ جب اس حجرے کو کھولا تو دیکھتا ہے کہ ایک تندرست گھوڑا آہنی سُم، ریشمی دُم اور چوڑی پیٹھ والا سر اٹھائے، کھڑا ہے۔ شاہزادے نے جب محبت سے اس کے سر و گردن پر ہاتھ پھیرا تو گھوڑا زبان حال سے بول پڑا کہ میں دریائی گھوڑا ہوں اور یہ کمبخت نامراد بے ضرورت مجھے باندھ کر یہاں قید کیے ہوا ہے۔ مجھے آزاد کر دو تو میں ایک گھنٹہ میں پانچ سو کوس دور تک پہنچا سکتا ہوں سمندر سے تو میں ہوا کی طرح گزرتا ہوں مگر اس سمت میں نہیں جدھر یہ زال پیکر دیو جاتا ہے۔ کیونکہ وہ گھنٹہ میں ایک ہزار فرسنگ جاتا ہے۔

شاہزادے نے اس گھوڑے کو اپنے حق میں غیبی مدد جانا۔ اس پری تمسال محبوبہ کو بھی اس راز سے آگاہ کیا اور وہاں سے فرار ہونے کی تیاری میں لگ گیا۔ قریب ہی تیسرے حجرے

میں دیو نے سونے چاندی اور جواہرات کا خزانہ ڈھیر کر رکھا تھا۔ ان دونوں نے مل کر اس خزانے سے جتنا ہو سکا سمیٹ لیا۔ شہزادہ اس ماہوش اور دونوں کنیزوں کے ساتھ اس کشادہ پشت دریائی گھوڑے پر سوار ہو کر بہت دور سمندر کے کنارے ایک شہر میں پہنچ گیا۔ اس شہر کے لوگ بڑے ہمدرد، نرم خو اور مسافر نواز تھے۔

اس دیار غربت میں بھی پریشان حال شاہزادے کے دل سے دیو والے قلعہ کے حجرۂ چہارم کا خیال نہ گیا۔ ہر چند اس محبوبۂ ہمسفر نے اسے اسے سمجھایا کہ ان خطرات سے نکل کر دوبارہ اس طرف جانے کا ارادہ نہ کیجیے۔ اتنی دولت جو ساتھ لے آئے ہیں اسی سے میری صحت میں گزر بسر کیجیے۔ اچھی سواری مل گئی ہے جہاں چاہیں سیر کریں۔ اس سے زیادہ اور کیا چاہیے؟ جو ابھی تک چوتھے حجرے کو دیکھنے کا خیال ستا رہا ہے۔ محبوبہ کے اس طرح سمجھانے کا بھی شہزادے پر کچھ اثر نہ ہوا۔ کہنے لگا کہ جاؤں گا تو ضرور لیکن میں اگر تنہا وہاں گیا اور دیوزال نے تجھے نہ پایا تو پرسش کرے گا لہٰذا تو بھی میرے ساتھ چل۔ شہزادہ زبردستی اسے دریائی گھوڑے کی پشت پر لے کر بیٹھ گیا اور ان کی آن میں چھوڑے ہوئے قلعہ تک پہنچ گیا۔ وہاں جا کر اس نے چوتھے حجرے کا دروازہ کھولا اور اندر داخل ہوا۔ وہاں دیکھا کہ ایک زینہ نیچے جانے کا بنا ہوا ہے۔ نیچے اترا تو وہاں سوا گھپ اندھیرے کے کچھ نہ تھا۔ پہلی مصیبت کو یاد کر کے گھبرایا اور خوفزدہ ہو گیا۔ ابھی واپس ہونے کو سوچ ہی رہا تھا کہ اچانک وہ راستہ اور زینہ سب کچھ غائب ہو گیا۔ ایک تیرہ و تنگ راہداری میں وحشت زدہ کھڑا تھا کہ تھوڑی دور پر روشنی سی نظر آئی۔ اس جانب بڑھتا گیا۔ آگے جا کر دیکھا کہ ایک حوض آب زلال سے لبالب بھرا ہے۔ تکان کا احساس تھا۔ لہٰذا اسی حوض میں غسل کر لیا۔ اور وہیں پر آرام کے لیے لیٹ گیا۔ کچھ دیر بعد آنکھ کھلی تو وہ حوض بھی غائب، سمجھا یہ سب خواب و خیال کا کرشمہ ہے۔ اس محبوبہ پری رخسار اور براق باد رفتار کو یاد کر کے آنسو بہاتا رہا۔ آخر کار اس خرابے میں پھرا سے ایک ٹوٹی پھوٹی جھونپڑی نظر آئی۔ وہاں گیا تو دیکھا کہ اس میں ایک چودھویں کے چاند جیسی چودہ سالہ دوشیزہ بیٹھی ہے۔ اس نے شہزادے کو نو وارد مسافر جان کے بوریئے پر بیٹھنے کو کہا اور ایک کوزہ پانی سے تواضع کی۔ جب شام ہو گئی تو سفید بالوں والی ایک ضعیفہ کاندھے پر ہل لیے دو خچروں کے ساتھ پہنچی اور رقت و

شفقت سے پیش آئی شہزادے کی پریشاں حالی سن کر بولی کہ اے عزیز ایک ٹکڑے روٹی اور ایک کوزہ پانی کے لیے کہاں کہاں سرگرداں پھرو گے۔ اس فقیر کی جھونپڑی کو اپنا محل سمجھو اور چند روز آرام کرو مگر قدم یہاں سے باہر نہ نکالنا۔

شاہزادے کو اپنی نادانی اور ضد کے سبب اتنی کلفت و ندامت کا سامنا ہوا تھا کہ دو ماہ تک اس کے حواس بجا نہ رہے۔ کچھ دنوں بعد جب طبیعت معمول پر آئی تو ایک روز تنہائی پا کر نہایت بے شرمی سے اس دوشیزہ کے سامنے وصل کی خواہش ظاہر کی۔ دوشیزہ نے کہا کہ اے بے مروت میری ماں کے احسانات کو بھول گیا۔ اور مجھ پر بری نظر رکھتا ہے۔ ارے جب تک میری ماں راضی نہ ہو اور عقد شرعی انجام نہ پائے تجھ پر میرا چہرہ دیکھنا بھی حرام ہے۔ لاچار صبح ہوتے ہی شہزادہ اس بوڑھی عورت کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس کے سامنے اس کے ہل چلانے کی خدمت پیش کی۔ وہ بولی تو میرا مہمان ہے، یہ تکلیف نہ اٹھا۔

رنج راحت شد چو مطلب شد بزرگ
گرد گلہ تو تیاے چشم گرگ

شہزادہ اپنی خودغرضی میں چھ مہینوں تک اس ضعیفہ کا کھیت جوتنے اور ہل چلانے کا کام کرتا رہا۔ اسی درمیان اس مادرِ مہربان کے دل میں خیال آیا کہ اس کی بیٹی بالغ ہو گئی ہے، حکم شرعی کے مطابق کسی کے ساتھ اس کا نکاح کر دینا چاہیے۔ اس جوان مسافر شہزادے کے چہرے بشرے سے اچھے خاندان کی علامت ظاہر ہے۔ اہل بھی ہے اور محنتی بھی اچھا ہو گا اپنی بیٹی اگر اسی کے عقد میں دے دوں۔

ضعیفہ نے اسی کے ساتھ اپنی بیٹی بیاہ دی۔ شہزادہ تنگی خانہ سے تنگ آ کر اپنی منکوحہ سے بولا کہ کوئی ایسا مکان ہونا چاہیے جہاں بے خلل خلوت وہ ہو سکے۔ بیوی نے جواب دیا کہ میرا وطن مالوف دوسری جگہ ہے۔ ماں بھائیوں سے رنج ہو کر اپنی کاشتکاری الگ کرتی ہے، اگر ہم اپنے اصل گھر چلیں تو وہاں کئی مکان موجود ہیں۔ مادر مہربان نے بیٹی داماد کا ارادہ معلوم کر لیا تو کہا اگرچہ میں خود بھائیوں کے وہاں نہیں جاؤں گی مگر اپنا گھر تمہیں دیتی ہوں اور یہ دونوں خچر بھی تمہیں جہیز میں دے دیے۔ اب اس بوالہوس خسرو زادے نے منکوحہ کو ساتھ لیا اور بعجلت اس خرمادہ (

گدھی) پر سوار ہوا۔ ایک ہاتھ سے دوسرے خر ماچہ کی دم پکڑنی چاہی تو خچر نے اپنے کان جھٹک کر اس کے سینے پر ایسی دولتّی ماری کہ شہزادہ بدحواس ایک پہاڑی پر جا گرا۔ کچھ دیر بعد تکلیف کا احساس کم ہوا تو دیکھا آس پاس کوئی نہیں ہے۔ گدھے کی لتاڑ سے ہڈی پسلی ایسی نرم ہوگئی کہ زندگی کی طاقت کم نظر آنے لگی۔ لاچار گرتے پڑتے آنسو بہاتے ایک طرف چل پڑا۔ اسی اثنا میں ایک بزرگ درویش، سفید ریش، رعشہ بدست نظر آ گئے۔ انہوں نے اشارے سے اس ناعاقبت اندیش کو اپنے قریب بلایا اور کہا ارے بابا خیر تو ہے تو اس علاقے میں کیوں آ گیا۔ یہاں کے درختوں پر سیمرغوں نے گھونسلے بنا رکھے ہیں اور یہ سب آدم خور ہیں۔ میں تو اپنی ریاضت پر یہاں زندگی گزار رہا ہوں۔ دنیا سرائے فانی ہے۔ میں بوڑھا کمزور مر بھی گیا تو کیا ہوگا۔ تو تو ابھی تندرست و جوانِ رعنا ہے۔ اللہ تیری حفاظت فرمائے اور تیری قسمت تجھ سے وفا کرے۔ اس علاقے سے جتنا جلد ہو سکے باہر نکل جا۔ میں جنگل سے کچھ پھل اپنے لیے لایا ہوں چل میرے ساتھ تو بھی کچھ کھا لے۔ چند روز جب گزر گئے اور اس کی ہڈیاں درست ہو گئیں تو اس نے سوچا کہ یہ درویش بھی تو آدمی ہی ہے۔ ہر روز تلاش رزق میں نکلتا ہے اور خوش خوش سلامت واپس آتا ہے۔ یہ آسیب اور آدم خور سیمرغ والی بات کہیں کوئی فریب تو نہیں۔ درویش کے جانے کے بعد اسے بھی اس باغ کے سیر کی سوجھی۔ قدم باہر نکالا ہی تھا کہ ایک سیمرغ آفت آسمانی بن کے اس پر جھپٹا اور پنجوں میں لے کر اڑ گیا۔ یہ اتفاق دیکھیے کہ اسی دم ایک دوسرا سیمرغ بھی آ گیا اور پہلے سے پوچھا کہ یہ طعمۂ لذیذ کہاں لے جا رہا ہے۔ اس سیمرغ نے کہا کہ بادشاہ وقت چند دنوں سے بیمار و کمزور ہے۔ چونکہ یہی غذا بادشاہوں کی خوراک ہے، مجرا کے لیے لے جا رہا ہوں۔ سلطان زماں اسے کھا کر ان شاء اللہ ہزار فرسنگ اڑنے کی قوت حاصل کر لے گا۔ اور اس تحفہ سے خوش ہو کر وہ میرا مرتبہ ضرور بلند کر دے گا۔

دوسرے خود غرض سیمرغ نے کہا کہ بادشاہ کو تو تحفے آتے ہی رہتے ہیں۔ ہم دونوں مل کے اس خوشگوار شکار کو بانٹ کھائیں تا کہ پانچ سو فرسنگ اڑنے کی طاقت ہم دونوں کو حاصل ہو جائے اور بادشاہ کے لیے پھر دور جا کر کسی اور انسان کو شکار کر لائیں اس بات پر دونوں سیمرغ آپس میں جھگڑ پڑے اور اسی کشمکش میں یہ عیش پسند شاہزادہ سیمرغ کے پنجے سے چھوٹ کر ایک غار میں گر گیا۔

اسی ساعت وہ مدت معہود یعنی بارہ سال جو حجرۂ دوازدہ کی سیر کے لیے مقرر تھی پوری ہو چکی۔ جاں بخشِ حقیقی کے فضل سے شاہزادے کے ہاتھ پاؤں سلامت رہے از سرِ نو وہ راستہ ڈھونڈھتا ہوا چل پڑا۔ راہ خطرناک میں منہ کھولے اژدہے بھی نظر آئے مگر یہ ستم رسیدہ افتاں خیزاں بھاگتا رہا دور سے اسے ایک دروازہ نظر آیا اور وہی اصل دروازہ حجرۂ دوازدہ کا تھا۔ جاں بلب شاہزادہ خوفزدہ و ہراساں کسی طرح اسی دروازے میں داخل ہو گیا۔ پیچھے مڑ کر جو دیکھتا ہے تو کوئی اژدہا نہ عفریت اور سامنیء دیکھا تو اس کا شہر اور اسی کا لشکر موجود۔ اس کے بارہ سال کی مدت کا یہ آخری دن تھا۔ لشکر کے سردار و سالار شاہی سواری کا انتظام کئے اس حجرہ دوازدہ سالہ کے دروازے پر منتظر و مضطرب کھڑے تھے۔ یکا یک شاہزادے پر ان کی نظر پڑی۔ اسے اپنے درمیان پا کر خوشی کے شادیانے بجائے جانے لگے، تمام شہر خوشی کے نعروں سے گونج اٹھا۔

خاقان زادہ خاقان کی خدمت میں صحیح و سلامت واپس آ گیا۔ اس طلسم خانۂ حیرت اور مکان گردوں بنیاد کے بسط و کشاد کی تفصیل بیان کر دی گئی۔ جو اہل دنیا کے لیے تعجب خیز ہے۔

چاہیے کہ مشکلوں اور دشواریوں سے دل برداشتہ ہو کر عزم و ہمت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوٹے، چنانچہ خواجہ حافظؔ فرماتے ہیں ؎

ہاں مشو نومید چون واقف نہ ای بر سرّ غیب
باشد اندر ہر چہ بازیہای پنہاں غم مخور

✔

چوتھی کشایش

اس راجکمار (رایزادہ) سے متعلق جو سخت مشکلوں کے باوجود اپنے مضبوط ارادوں کی بدولت عزت واقبال کی مسند پر جاگزیں ہوا۔

کہتے ہیں کہ ایک نہایت گیان دھیان والا عبادت گزار برہمن تھا جو اپنے فقر وفاقہ اور جوگ کی وجہ سے سوکھ کر ہڈی چمڑا رہ گیا تھا۔اس کی بیوی غربت اور تنگ دستی سے عاجز آ کر ایک دن اپنے شوہر سے کہنے لگی کہ اے میرے خوددار و پرستار شوہر، نامدار غربت و ناداری افلاس کی حد کو پہنچ چکی ہماری قوت برداشت اب جواب دینے کو ہے۔کئی بلند ہمت رائے زادگان اس کڑی منزل کو پار کر گئے اور آج ولی عہد ہیں۔آپ جیسے ریاضت کوش برہمن کے تو بڑے بڑے پنڈت معتقد اور دلدادہ ہیں۔اگر ذرا بھی کسی سے زبان کھول دیں تو وہ آپ کے حکم کی تعمیل اور بجا آوری کو اپنی سعادت جانیں۔ چہ جائیکہ اتنی عزت و وقار والا آپ کا رایزادہ اپنی شرافت و شائستگی کا پابند رہ کر ضروریات زندگی تک کا محتاج ہو، یہ تو بڑے افسوس اور دکھ کی بات ہے۔ برہمن جو اپنی عبادت گزاری اور ریاضت شاقہ کی برکت سے توکل واستغنا کے بلند مرتبے پر تھا جواب میں لب کشا ہوا۔

سلطانِ خودم منتِ سلطان چہ کشم
از بہر دوناں منت دوناں چہ کشم
نفسِ بد من سگنست و من سگباں
از بہر سگے منت سگباں چہ کشم

برہمن نے کہا یہ ممکن ہی نہیں کہ خالقِ برحق کی مقدس بارگاہ کا سوالی کسی مخلوق کے سامنے دست سوال دراز کرے۔ اگر تم توکل کی طاقت نہیں رکھتی ہو تو رزاقِ حقیقی کے حکم سے تمہیں ایک چیز (مصرعہ) لکھ کر دیتا ہوں جو ہزار نسخوں سے قیمتی ہے۔ رایزادہ اگر چاہے تو اسے لاکھ تنکہ (روپیہ) میں بیچ سکتا ہے۔ وہ اس قیمت کو اپنی ضرورتوں پر خرچ کرے۔ اگر وہ حوصلہ رکھتا ہو تو اس بیش بہا نسخے کو اتنا سستا ضائع بھی نہ کرے۔ اور وہ مصرع یہ ہے۔ ع

"گر رود سر برنگردد سر نبشت"

آخر برہمن زادے نے اس مصرعۂ برجستہ کو دست آویز کیا، چہرے پر نقاب ڈالا اور سرراہے ایک اولوالعزم رایزادے کو پیش کر دیا کہ حاجت روائی ہو۔ رقعہ پر قیمت لکھی دیکھ کر اس واقف کار نے نسخۂ غنیمت جانا اور فوراً قیمت ادا کر دی۔ رایزادے کے بزرگ والد کو جب بیٹے کے اس اصراف کی خبر ہوئی تو وہ اس پر سخت معترض ہوا مگر اس کا عالی ہمت فرزند بحکم ایں مصرعہ

طبع نازک سخن کس نتواند برداشت

اس نوخرید مصرعہ برجستہ پر غور کرتا ہوا اپنی قسمت آزمائی کے لیے وطن سے نکل گیا۔

ایک سمت چلتے چلتے وہ پانی والی ایک ایسی جگہ پہنچ گیا جو درختوں کے سائے میں آبِ حیات کی طرح نظروں سے اوجھل تھی۔ اس نے سامان سفر ایک طرف رکھا اور کپڑے اتار کے آمادۂ غسل ہوا۔ اس کے سر کے بال کمر سے نیچے تک آرہے تھے۔ موت کے چھپے فرشتے نے گمان کیا کہ شاید کوئی ہرن پیاس کی شدت میں پانی دیکھ کر آ گیا ہے۔ اس نے تیر قضا چلا ہی تو دیا جو پہلوؤں کو چھید کر نکل گیا۔ اچانک ایک سیمرغ اس جائے آب کے اوپر سے گزر رہا تھا اس نے اس زخمی کو اپنے چنگل میں اٹھا لیا اور دور ایک جزیرے میں جا کر ڈال دیا۔ وہاں کی صحت بخش آب

وہوا سے اس کے زخم تین دنوں میں ہی مندمل ہو گئے۔ رایزادے نے الطافِ الٰہی کا شکر ادا کیا اور تلاش منزل مقصود میں نکل پڑا۔ رفتہ رفتہ وہ ایک کنویں پر پہنچتا ہے جس کے چاروں طرف ایک بڑے درخت کی بابرگ وثمر دار شاخیں سایہ کیے تھیں۔ کنویں سے نزدیک ہی ایک پتھر نصب تھا جس پر یہ تحریر کندہ تھی کہ جو شخص اس کنویں سے چند قطرے پانی بھی پی لے یا اس درخت کا پھل کھالے اسے ہفتہ بھر کچھ کھانے پینے کی حاجت نہ ہوگی۔ رایزادے نے اس نعمت غیر مترقبہ کو اپنے لیے بڑی کامیابی سمجھا۔ چند دن وہاں آسودگی سے وقت گزارا پھر مسلسل بیکاری سے تنگ آکر کوئی مشغلہ ڈھونڈنے نکلا دیکھتا کیا ہے کہ اس ویران علاقے میں کچے سونے (طلاء خام) کے ذرات کثرت سے پھیلے ہوئے ہیں۔ رایزادے نے مٹی کے ذروں میں ملے ہوئے سونے کے ان برادوں کو بڑی ہنر مندی سے مٹی کے بوتے (کلہیا) میں پگھلا پگھلا کر اینٹوں کی شکل میں ڈھالنا شروع کر دیا اور اس طرح سونے کی اینٹوں کا ڈھیر لگا دیا، ساتھ ہی رایزادہ نے ہر ایک اینٹ پر اپنا نام بھی کندہ کر دیا۔ وہ اسی کام میں لگا وقت گزارتا دنوں کو رات کرتا رہا۔

ایک روز کیا دیکھتا ہے کہ ایک تباہ شدہ جہاز اس جزیرے کے ساحل سے آلگا۔ اسے اپنے ہم جنسوں کے ہونے کا اندازہ لگا، خوشی سے پھولا نہ سمایا اور جہاز کے مالک تک جا پہنچا، اس سے باتیں کیں اور جزیرے پر سونے کے خزانے کی اطلاع بھی دے دی۔ جہازی سے گذارش کی کہ مجھے سونے کے اس ذخیرے کے ساتھ اپنے جہاز پر ساتھ لے چلے تو آدھا سونا اسے دے دیگا۔ سوداگر نے کہا بخوشی لے چلوں گا مگر یہ بتاؤ کہ اس جزیرے میں نہ آدم نہ آدم زاد تم زندہ کیسے رہے اور زندگی کے لیے کیا کھاتے پیتے رہے۔ اس سادہ لوح یا بدنصیب رایزادے نے کنویں اور درخت ثمر دار کی ساری باتیں اسے تفصیل سے بتا دیں۔ بقولے ؎

چوں غرض آمد ہنر پوشیدہ شد
صد حجاب از دل بسوے دیدہ شد

جہاز راں سوداگر رایزادے کے ساتھ اس جگہ پہنچ گیا۔ خزانہ دیکھ کر اس بدنیت نے سوچا کہ اس خزانے کا تنہا مالک وہ خود بنے اور اسی لالچ میں آکر اس نے رایزادے کو جُل دے کر

اس کنویں میں گرادیا، سونے کی ساری اینٹیں جہاز میں لے آیا۔اور اپنی منزل کو روانہ ہو گیا۔

جیسا کہ اکثر دیکھا گیا ہے اس کنویں میں بھی پانی سے قریب طاق بنا ہوا تھا۔ایک دو غوطہ کھانے کے بعد رایزادے کی نظر طاق پر پڑی اور وہ بدقت اس طاق میں کسی طرح بیٹھ گیا۔ چند ہی لمحے گزارے تھے کہ پانی سے ایک گھڑیال نے سر نکالا اور اس یوسف ثانی کے پہلو سے اوپر چڑھنے کی کوشش کرنے لگا۔رایزادے اسے دیکھ کر خوف سے تھر تھرانے لگا۔اللہ کی مرضی ابھی گھڑیال کی دم پانی سے باہر نہ ہوئی تھی کہ ایک سیاہ بچھو کہیں سے آ گیا اور اسی نے گھڑیال پر ایک زوردار ڈنگ مارا۔تھوڑی ہی دیر میں ملک الموت بن کر ظاہر ہونے والے گھڑیال کی کھال، گوشت اور رگ و ریشہ تک گل پگھل کر کنویں میں گر گئے۔ جب اس عزیز نے دیکھا کہ اب تو کنویں کا پانی بھی گندہ اور زہریلا ہو گیا ہے۔ یہاں زندہ رہنا محال ہے تو اس نے گھڑیال کی ہڈیوں کو ہی سیڑھی کے طور پر استعمال کیا اور کنویں سے باہر آ گیا۔اور اس پھلدار درخت کے پاس پہنچ کر چاروں طرف نظر دوڑانے لگا کہ شاید کہیں کوئی سر چھپانے کی جگہ ملے۔ اتفاقاً کچھ دوری پر اسے ایک مکان نظر آیا۔وہ کس طرح دشوار و تکلیف دہ راستوں سے گزرتا ہوا اس مکان تک پہنچ گیا۔اب یہاں سے قصہ گوئی میں میرے چھوٹے بھائی کا قلم اس حقیر کے قلم کا استقبال کرتا ہے۔ قلم عرض گزار ہے کہ یہ مکان پریوں کا وطن ہے اور میں قلم اسی صحن کا باغ کا قلم نرگس ہوں۔ جب آپ کے ہاتھوں میں آ گیا تو جو کہوں گا آنکھوں دیکھی کہوں گا۔امید کہ میرے معروضات کو سچ جانیں گے اور اس حکایت کو اپنے کشائش نامہ میں جگہ دے کر اپنے قلم مبارک کو اس کی تعریف میں حرکت دیں گے۔یہ خدمت حقیر محض تواضع کی تعریف میں پیش کرتا ہے۔میرا قلم علم و ہنر کی کساد بازاری اور جوہر ناشناسوں کی بدذوقی کا بیان نہیں کرسکتا بلکہ اس کی درستگیٔ حال کے لیے دعا گو ہے۔"

آگے اس کا قلم یوں رقمطراز ہے:

رایزادہ نے وہاں ایک کشادہ ایوان دیکھا جس کے دروازے میں دو خوبصورت کواڑ دو برجستہ مصرعوں کی طرح لگے تھے اور غرو جاہ والے افراد خدمت پر مامور۔اس سے قبل کہ ان

سے کچھ دریافت کیا جائے وہ خود بات کرنے لگے۔ نہایت خوش دلی اور خندہ پیشانی سے انہوں نے اس گلشن بہشت منظر میں گلگشت کی اجازت دے دی۔ اندر داخل ہوا تو وہاں کی خوش منظری سے مبہوت ہو کر رہ گیا۔ (اب اس جگہ مصنف نے باغ کی تفصیل جو بیان کی ہے وہ شوخ نگاری اور رنگین بیانی کا بے نظیر نمونہ ہے۔ مکان، محل، روزن و در، سقف و دیوار باغ و روش، حوض و فوارہ، غنچہ و گل، سرو و سنبل کا بیان بلکہ سحر البیان تشبیہ و استعارہ کی ندرت و تازگی اور مضمون آفرینی کی بہار لیے ظہیرؔ و ظہوری کو پیچھے چھوڑتا نظر آتا ہے۔) برقؔ عفی عنہ

آخر ایک مہربان منش نے اس متحیر و خاموش اجنبی کے سکوت کو توڑا، بولنے پر مجبور کیا اور کہا کہ اے اس علاقے میں نووارد مسافر اس قدر حیرت کی کیا بات ہے کہ تو گم سم ہے، باغ کی سیر کا متمنی ہے تو جی بھر کے گلگشتی کر اور اگر آرام کرنا چاہتا ہے تو پھر آرام کی ہر سہولت مہیا ہے۔ رایزادے اس طناز گلرو کی آنکھیں دیکھ کر حیرت زدہ ہو گیا۔ باغ کی ساری رنگینیاں بھول گیا اور اسی ناز مجسم کی دید میں کھو گیا۔ (اب یہاں پر مصنف جادو رقم نے حسن و ادا کی بے مثال تصویر کشی کمال فن کے ساتھ بہت تفصیل سے کی ہے۔ یہ بیان اتنا طول طویل اور حسین و جمیل ہے کہ اس کا ترجمہ اصل فارسی کے لطف زبان کو اردو میں منتقل کر ہی نہیں سکتا) برقؔ عفی عنہ

اگر چہ رایزادہ اس باغ مینو سواد کی بہار اور اس پری رخسار کے دیدار سے ورطۂ حیرت میں تھا لیکن ان نگہبان میزبانوں کی گرمجوشی اور تواضع سے اس کے حواس بجا ہوئے اور وہ آپ میں آ گیا۔ شاہ پری رایزادے سے بے تکلفانہ ہمکلام رہی۔ شام ہوئی تو دونوں نے ساتھ شیر خرما نوش کیا۔ اس نے دیگر نگہبانوں سے کہا کہ آج رات اس نووارد جوان کی مہمانداری تمہارے ذمہ ہے۔ کل میں دیکھوں گی۔ جیسا کہ سنتی ہوں یہاں میرا گھر ہی اس علام بھائی کا رخصت خانہ ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ وہ اسی باغ پریاں کا قلم نرگس ہے اور چند در چند مضامین کا نشۂ تیر اس کی نگاہ خمار آلود میں ہے جو یہاں کے مشاہدے سے پیدا ہوا ہے۔ رایزادہ مرد مسافر ہے، وہ اپنے علاقے کے لوگوں کا راز افشا نہیں کرنا چاہتا۔ خدا ہی کو معلوم اس کے دل میں کتنی باتیں پوشیدہ ہیں۔ تمہاری جستجو اور سخن پیرائی بہت ہے۔ مگر اتنے ہی پر بس کرو اور چھوڑ دو۔ اس جگہ سے آگے میں اس کا پرانا

محرم راز اور اس تماشا گاہ میں ہمدم وہمقدم رہا ہوں۔ دیکھتا ہوں سامنے کیا آتا ہے۔ رایزادے کو اس شبستان میں اس نیک نیت حوروش پری پیکر کے ساتھ شبگذاری کا اتفاق ہوا تو اس نے رایزادے سے کہا کہ تم خوش نصیب ہو کہ آج کی رات میرے ساتھ ہو۔ کل نہ معلوم تمہارا نصیب کہاں لے جائے۔ اور کوئی تمہارے متعلق کیا سوچے۔ میں اغیار کے ساتھ خلوص نہیں رکھتی مگر تمہاری طبیعت و مزاج سے خوش ہوں۔ یقین کر: میں سچ کہہ رہی ہوں اس میں جھوٹ کا شائبہ بھی نہیں۔ آؤ میں تمہیں ایک ایسی جگہ لے چلتی ہوں جہاں پریوں کا کوئی گزر نہیں۔ کچھ دیر وہاں موافق طبع صحبت رہے گی۔ رائزادجو مخالفین کے طیش سے ڈرا ہوا تھا۔ اُس نے شاہ پری کے خلوص و محبت سے راحت محسوس کی اور اس کے دل و جان میں تازگی آگئی۔ رایزادے، میں جنس کی طرف رغبت پیدا ہوئی اور شہوت جاگی۔ اس کی خیر اندیش شاہ پری نے اس سے کہا کہ ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ '' پیالہ آش سے زیادہ گرم ہے۔'' اے نادان دلبر میں ایک بڑی مہم پر روانہ ہو رہی ہوں۔ طبعی قاعدے کے رو سے اگر قوم پری قوم آدمی سے نزدیکی کرے تو اس کی پرواز ختم ہو جاتی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ کل کا ارادہ معطل ہو جائے۔ ان مہموں کو انجام دینے کے بعد ہی تمہارے ساتھ حسب خواہ صحبت کا موقع ملے گا۔ آج کی رات تو تم اپنے سینے پر صبر کا پتھر رکھ ہی لو۔

صبحدم سورج طلوع ہوا اور شاہ پری اہلِ بزم کے ساتھ ایک خاص جائے عبور کے تالاب میں غسل کے ارادے سے چل پڑی۔ پانچ سو فرسنگ کی مسافت طے ہو چکی تھی کہ شاہ پری سامان غسل کے بھول جانے کا بہانہ بنا کر درمیان سے واپس ہو گئی اور سیدھی اس جگہ پہنچ کے اپنے یار دلنواز کو آغوش میں لے کر پروں کی طاقت سے جلد ہی ایک گمنام جزیرے میں پہنچ گئی تاکہ دوسری پریاں ان کی تلاش میں وہاں نہ پہنچ سکیں۔ پری نے رایزادے سے کہا کہ صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑے، جب تک اپنی آبادی میں نہ پہنچ جائیں جنسی لذت کوشی سے اجتناب ضروری ہے۔ مگر یہ ہوسناک رایزادہ ضبط نہ کر سکا۔ اور شہوت کی شدت میں خطرات کو سمجھ نہ سکا اور بوسہ زنی شروع کر دی جس سے دونوں نقصان کے شکار ہوئے یعنی پری کے اڑنے کی طاقت جاتی رہی اور وہ حیرانی و پریشانی میں پڑ گئے۔ ویران جزیرے میں بھٹکتے رہے۔

رایزادے نے اس جزیرے کے ساحل پر موتیوں سے بھری سیپیاں پڑی دیکھیں۔ اپنی بیکاری دور کرنے کے لیے ان سیپیوں سے دُرہائے آبدار وشاہوار جمع کرنے لگا۔ قضارا وہ تباہ شدہ جہاز اس نواح میں آ گیا وہ عاجز و درماندہ اس جہاز راں کے پاس گیا اور عرض کیا کہ اگر ہم دونوں مجبوروں کو اپنے جہاز میں سوار کر کے ہماری منزل تک پہنچا دو تو موتیوں کے اس ڈھیر سے آدھا تہیں نذر کر دوں گا۔ سوداگر جہاز راں نے مفت کی دولت ملتی دیکھ کر دونوں کو جہاز پر سوار کر لیا۔ پھر سوچنے لگا کہ کیوں نہ اس شخص کو سمندر میں ڈال دوں تو ساری دولت میری ہوگی اور یہ عورت بھی میرے تصرف میں آجائے گی۔ بقولے ع

بدوزد طمع دیدۂ ہوشمند

سوداگر جہازی اور ملاح نے سازش رچی اور سمندر دیکھنے کے بہانے جوان کو اپنے پاس بلایا۔ کچھ دیر شراب نوشی ہوتی رہی اور جب اس کی مدہوشی زیادہ ہوگئی، تو اسے سر کے بل سمندر کی گہرائی میں ڈال دیا۔ اب اس حسنِ اتفاق کو کیا کہیے کہ اسی دم ایک بہت بڑی مچھلی نے اسے نگل لیا۔ اور پھر وہ مچھلی بھی کچھ ہی دیر میں والیٔ وقت رائے عالم آرا کے جال میں پھنس گئی۔ باہر لا کے جب اس مچھلی کا پیٹ چاک کیا گیا تو یہ جوان رایزادہ درّ یتیم کی صورت انہیں حاصل ہوا۔ والیٔ وقت رحم دل اور اچھی فطرت کا تھا۔ اسے کوئی اولاد نہ تھی۔ اس جوان کو دیکھ کے اس پر ترس کھایا اور شفقت کے ساتھ اس کی پیشانی چوم لی۔ والی نے اس کے حالات جاننا چاہے مگر رایزادہ حالت کی ستم ظریفی سے حیران اور حواس باختہ تھا تفصیل احوال دوسرے وقت پر ٹل گئی۔

والی عالی نے جوان کے قیافے سے جان لیا کہ یہ آفت رسیدہ کسی اونچے خاندان کا سردارزادہ ہے۔ والی کو کوئی اولاد ذکور نہ تھی، صرف ایک بیٹی تھی۔ اس نے اسی جوان سے اس کی شادی کر دی اور جوان کو خانہ دامادی میں لے لیا۔

اب رائزدہ اس علاقے کے حکمراں کا ولی عہد ہو گیا۔ اس نے سمندر سے گزرنے والے جہازوں پر قدغن لگا دی۔ حکم کر دیا کہ ملاح یا جہاز کا مالک ادھر سے گزرے تو اسے گرفتار کر لیا جائے۔ ابھی۔ چند ہی روز ہوئے تھے کہ وہی سوداگر اور جہاز راں جس نے رایزادے کو دغا

دے کر سمندر میں ڈال دیا تھا اس طرف آنکلا اور حسب حکم گرفتار کرلیا گیا۔ ان کے سامان ضبط کر لیے گئے۔ وہ سوگوار اور اس کی خوبصورت قحبہ والی عالی کو پسند آ گئی۔ وہ ہر کام اور فیصلے میں اس کی رائے لیتا اور اس کی مرضی کو مقدم رکھتا۔ اس سوداگر نے ساتھ لایا ہوا موتیوں کا خزانہ والی کو نذر کر دیا اور موقع پا کر اس کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ نے اس بدحال لڑکے کو بغیر کسی تفتیش اور جانکاری کے اپنا داماد اور ولی عہد بنالیا ہے۔ یہ تو میرا زرخرید غلام بچہ ہے میرے پاس اس کا قبالہ بھی تھا مگر ہونے والی بات یہ سمندر میں گر گیا اور اسے مچھلی نگل گئی۔ اس غلام بدانجام نے آپ سے اپنا حال غلط بیان کیا ہے آپ کی دختر نیک اختر کو اس ناپاک غلام بچے کے ساتھ رشتۂ ازدواج میں منسلک کر دینا ہرگز زیب نہیں دیتا اور نہایت نامناسب ہے۔

سوداگر اور اس مکارہ قحبہ نے اپنی دولت واپس لینے کے لالچ میں یہ سب کچھ کہا تھا جسے سن کر والی وہاں سے اٹھ گیا اور جوان کو سولی چڑھانے کا حکم دے دیا۔

اس والئ وقت کی بیٹی جوان چند دنوں میں رایزادے کی ہمراز ہو چکی تھی اپنے والد والی کے سامنے آئی اور عرض کرنے لگی کہ کاش آپ میری عصمت و آبرو پر یہ بدنما داغ نہ لگائے ہوتے۔ آپ پر لازم ہے کہ اس نیک طینت و پاک سرشت رایزادے کو بلا کر اس کی سرگذشت سنیں اور حقیقت حال سے واقف ہوں۔ نفری آئے اور اس سے دریافت کرے۔ اگر معاملہ الزامی صورت کے خلاف ہو تو درگزر کریں اور اس میں کوئی دھوکہ فریب نظر آئے تو اب جبکہ میں اس کی صحبت کردہ بیوی بن چکی ہوں مجھے بھی اس کے ساتھ قید جسم سے آزاد کر دیا جائے تاکہ میں دیگر عورتوں کے سامنے شرمندہ نہ رہوں۔

والی عالی کے مشیران والا تبار نے اس کی بیٹی کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے تفتیش احوال کا مشورہ دیا۔ نوجوان رایزادے کو بلا کر ازسرنو استفسار کیا گیا تو صداقت سامنے آ گئی رایزادے نے اپنے بیان کی سچائی ثابت کرنے کے لیے انہیں ان سونے کی اینٹوں تک لے گیا جن پر اس نے اپنا نام کندہ کر دیا تھا والی وقت نے حقیقت حال جان کر اس سوداگر اور قحبۂ پری چہرہ کو جیل میں ڈال دیا۔ بیٹی کے سامنے اپنی شرمندگی کا اظہار کیا اور ان دونوں کو دار پر کھینچ دینے کا

حکم صادر کردیا اور وہ سب مقتل میں جلاد کے حوالے کئے گئے۔ والئی وقت نے دختر و داماد پر اعزاز الطاف میں مزید اضافہ کر دیا۔

انہیں دنوں رایزادے کو معلوم ہوا کہ اس کے وطن مالوف میں شدید قحط پڑا ہے اور لوگ وطن چھوڑ کر دوسری جگہوں کی طرف تلاشی رزق میں جا رہے ہیں۔ اس نے اپنی عاقبت اندیشی سے فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عام اعلان کر دیا کہ قحط زدہ کوئی مسافر نووارد اس جگہ آتا ہے تو اسے مہمان کیا جائے اور ہر طرح اس کے خورد و نوش، آرام او عافیت کا معقول انتظام کیا جائے۔

رایزادے کو اپنے والدین کی بہت یاد آئی اور ان کی جدائی کا احساس اسے ستانے لگا حسن اتفاق کہیئے کہ اسی دوران اس کے ماں باپ بھی قحط زدہ حیران و پریشان اس کے شہر پناہ کی دیوار تک آ نکلے۔ یہاں رایزادے کی دریا دلی و فیض رسانی کا پرچم بلند تھا۔ وہ لوگ بھی کس طرح شہر میں مسافرانہ داخل ہو گئے۔ یہاں تک کہ اپنے فرزند دلبند سے دوچار ہوئے۔ ان کی ساری کلفت عید کی خوشیوں میں بدل گئی۔ سعادت مند برخوردار بیٹے نے والد بزرگ اور مادر مہربان کی خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔

اس نے والئ وقت سے مل کر ایک دستور بنایا اور از سر نو مکاں مولدہ کو آباد کیا۔

اے دل دیوانہ زمانے کے حوادث اور کڑے وقتوں میں بھی بے چین و بے قرار نہ ہو کہ اس تیرہ و تار خاکدان گیتی کی آب و ہوا سب کے لیے یکساں نہیں۔ خدا چاہے تو ہر سخت مہم کا انجام بہتر و سازگار ہو سکتا ہے۔

ز رنج و راحت گیتی مرنج اے دل مشو خرم
کہ آئین جہاں گاہے چنیں گاہے چناں باشد

پانچویں کشایش

اس زنّار دار (جنیو پہننے والے) لڑکے سے متعلق جو تقدیر کی کرشمہ سازی دیکھنے کی آرزو لیے مشکلوں کی سخت گرہیں کھولنے میں خدا کے فضل سے کامیاب ہوا۔"

کسی جنیو پہننے والے بیدخواں پنڈت کو اللہ نے ایک بیٹا عطا کیا۔ وقت کی دایہ نے اس کی نال عبادت کی چھری سے کاٹی اور مادر گیتی نے اسے ریاضت کے پستان سے دودھ پلایا۔ ایام رضاعت ختم ہوتے ہی وقت نے اس کے توسنِ ہمت پر تقویٰ کی زین کسی تو اس نے عبادت گاہ کے ملک کی طرف سفر کا عزم بالجزم کرلیا۔ پنڈت باپ نے اس کے سر اور پیشانی کو چوم کر کہا۔ اے جان پدر ابھی وہ کام کرو جو تمہاری عمر کا تقاضہ ہے۔ اس سن و سال میں عبادت و ریاضت کی مشقت کا بوجھ اٹھانا تمہارے لیے محال ہوگا۔ تم اس ارادے سے باز آجاؤ اور ماں باپ کو سینہ جلانے والا داغ نہ دو۔ جو شخص پوشیدہ حقائق سے آگاہ ہو جاتا ہے اور اسے یہ چاشنی مل جاتی ہے وہ خواہشاتِ نفسانی اور اس کی لذتوں سے محروم رہ جاتا ہے۔

بیٹے کے کام و دہن میں شربتِ معرفت کی مٹھاس اتر چکی تھی اس لیے والد کی شیرینئ

گفتار جو بال بچوں کی ذمہ داریوں کا تلخ شائبہ لیے تھی، اس پر اثر نہ کر سکی۔

سیل بہار را کہ عنا گیر می شود

برہمن باپ کی نصیحت کم سن بیٹے کے ارادے کو متزلزل نہ کر سکی۔ بالآخر اس کی جھولی میں توکل علی اللہ کا زادِ سفر ڈال کے بیدلی کے ساتھ رخصت کیا۔ اپنے پختہ ارادے کی تکمیل کو ہی یہ سعادت مند اپنی کامیابی جانتا تھا۔ لہٰذا دبستانِ عشق کا یہ طفلِ ناداں اپنے دل میں تمنا و سلامتی کا جوہر عقیدت لیے بڑی ہمت و حوصلہ سے چلتا رہا۔ یہاں تک کہ ایک ندی کے کنارے پہنچ کر اپنی عبادت کی جگہ بنالی۔ ہر صبح طلوعِ آفتاب سے قبل ہی یہ عبادت گزار لڑکا گردن بھر پانی میں اتر جاتا اور شام تک ایک پاؤں پر کھڑا ریاضتِ شاقہ میں لگا رہتا۔ اس طرح آٹھ مہینوں تک کڑی محنت کے بعد اسے عبادت کی قبولیت اور عرفانِ الٰہی کا حصول ہوا۔ ایک دن غیب سے آواز آئی کہ اے سخت کوش عبادت گذار تیری ریاضت کی آواز سے فرشتوں کے کان بہرے ہو گئے اور عالم ارواح والوں کی آنکھیں حیرت زدہ ہیں۔ تمنائے وصال کی حالت دیکھ کر رحمتِ الٰہی کو جوش ہوا۔ آواز آئی اے عابد نوجوان جو خواہش تیرے دل میں ہے ظاہر کر اور مانگ کہ یہ وقت اجابت و قبولیت کا ہے۔ مشکلوں کو خاطر میں نہ لانے والا یہ سعادتمند برہمن بچہ مناجات کرتا ہے کہ اے قادر مطلق میں تیری قدرت کا تماشا دیکھنا چاہتا ہوں اور بس اتنا کہہ کر یہ کمسن عبادت کی قبولیت کا مژدہ سن کے سجدۂ شکر میں چلا گیا۔ جب غوطے سے باہر آیا تو دیکھتا ہے کہ حدِ نظر تک ایک چٹیل میدان و ریگستان ہے جس میں دور دور پانی کا نام و نشان نہیں اور ہر طرف ریگ کے تودے اونچے پہاڑوں کی طرح کھڑے ہیں۔ یہ منظر دیکھ کے اس کا ہوش گم ہو گیا اور دل میں خوف پیدا ہوا۔

اسی عالم میں ایک ہفتہ گذرا ہوگا کہ وہاں ایک صیاد (شکاری) اور جلاد (ذبح کرنے والا) پہنچتا ہے۔ صیاد و جلاد میں ایک قسم کی دوستی اس شرط پر تھی کہ جب بھی کوئی شکار ہاتھ لگے گا یہ دونوں اسے آپس میں بانٹ لیا کریں گے۔ انہوں نے میدان میں متعدد جال بچھا رکھے تھے۔ چرند و پرند کی بھاگ دوڑ پر نظر رکھنے کے لیے ایک کمین گاہ میں جا بیٹھے۔

یہ سادہ لوح برہمن بچہ سوا خریدے ہوئے خوردنی دانوں کے زمانہ کے دانہ و دام سے

واقف نہ تھا۔ بھوک تو تھی ہی، شام کو اطمینان کا وقت دیکھ کے اس دانہ دام کی طرف راغب ہوا۔ صیاد و جلاد اس بھولے لڑکے کو ہرن یا مور سمجھ کے کمین گاہ سے نکل کر اس پر دوڑ پڑے۔ قریب آئے تو دیکھا کہ ایک پیارا سا آدم زاد جال میں پھنس گیا ہے پرسش احوال پر یہ حیرت زدہ لڑکا فکر وتردد میں گھرا خاموش رہا، کچھ نہ بولا۔

چونکہ صیاد اور جلاد میں یہ معاہدہ تھا کہ شکار جو بھی ہو نصف نصف دونوں آپس میں بانٹ لیں گے۔ اس لیے تقسیم اس انوکھے شکار کی یوں ٹھہری کہ صیاد لاولد تھا۔ اور جلاد کو صرف ایک بیٹی ہی تھی۔ چنانچہ قسمت کی خوبی سے صیاد نے برہمن بچہ کو اپنی ولدیت میں لے لیا اور خائن جلاد اس سے اپنی بیٹی بیاہ کے اسے اپنا داماد بنالیا۔ برہمن زادہ شادی کے بعد سال میں ابھی ایک بیٹے کا باپ ہوا ہی تھا کہ وہاں ایسی وبا پھیلی کہ صیاد کا سارا قبیلہ لقمۂ اجل ہو گیا۔ ایسی پریشاں حالی میں وہ اپنے بچے کو لے کر اپنے وطن باپ کے گھر کی طرف چل پڑا اور قدرت الٰہی کی کرشمہ سازیاں دیکھ دیکھ کر حیران و پریشان گداگری میں اوقات بسر کرتا رہا۔

اتفاق دیکھئے ایک شب اس کی قسمت کی ستارہ چمکنے والا تھا۔ وہ علی الصباح ایک شہر میں پہنچتا ہے جہاں کا والی شہر دنیا سے رخصت ہو چکا تھا اور کوئی وارث تخت نہیں رہ گیا تھا۔ ارکان دلوت و امرائے سلطنت خود کو اس کا سزاوار نہیں سمجھتے تھے اس لیے وہ لوگ اس بات پر متفق الرائے ہوئے کہ آج جو پہلا شخص شہر کے دروازے سے داخل ہو اسی کو والیٔ شہر بنا کے سلطانی کا تاج اس کے سر پر رکھ دیا جائے۔ قسمت کا دھنی برہمن زادہ ہی اس صبح امرائے سلطنت کو پہلا شخص مل گیا۔ انہوں نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا اور تخت حکمرانی پر لے جا کے مسند نشین کر دیا۔ چنانچہ آٹھ برسوں تک اس برہمن زادے نے حکومت شہر کی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں رکھی اور نظم ونسق بخوبی سنبھالا۔ عزتدار وزرا و عمائدین کی اکثر خوبصورت بیٹیاں اس کی زوجیت میں آئیں جن سے وہ صاحب اولاد بھی ہوا۔ ایک اور حسن اتفاق دیکھیے کہ برہمن پسر کی پہلی بیوی بھی شوہر کو ڈھونڈھتی تلاش کرتی پریشان حال اسی شہر میں آنکلتی ہے جہاں وہ سریر آرائے سلطنت تھا۔ وہ قسمت کی ماری بھی سرراہ روتی بلکتی اپنے شوہر سے دوچار ہوتی ہے۔ ہر چند کہ پہلی کو دیکھ کر اسے شرم دامن گیر

ہوئی اور بیٹے کو دیکھتے ہی محبت پدری نے جوش مارا، حکمرانی کے غرور کو جھٹکے ہوئے فوراً اس نے بیوی کو داخل حرم کر لیا اور بیٹے کو شاہزادوں میں جگہ دی۔

برہمن زادے کی یہ نئی بیویاں عزت دار قبیلوں سے تھیں۔ جلاد بدنہاد سے انہیں اپنے ازدواج اور صحبت کی حقیقت معلوم ہوگئی۔ صدمہ وغم سے چور وہ سب عزت والیاں ایک جگہ جمع ہوئیں اور آگ جلائی پھر شرم وحیا کی پیکر یہ امیر زادیاں لہکتی آگ کے شعلوں میں پروانہ وار جا گریں۔ یہ عبرتناک وقوعہ دیکھ کر رایزادے کو حیرت ومحبت اور شرمندگی کا اتنا شدید احساس ہوا کہ وہ بے تحاشہ اس آتشکدے میں کود پڑا۔ جب آگ کے شعلوں نے اس کے جسم کو اپنی لپٹوں میں ڈھک لیا تو کیا دیکھتا ہے کہ وہ اسی ندی میں ثابت وسالم کھڑا ہے جو اس کی عبادت گاہ تھی۔ اس گرداب تحیر کو سمجھنے اور اس سے نکلنے کے لیے وہ گرتا پڑتا ندی کے کنارے آ گیا۔ اس سانحے کو کبھی وہ عالم خواب کا واقعہ سمجھتا اور کبھی معاملے کے وقوع پر اعتبار کرتا۔

اسی بیچ ایک منحنی ولاغر اندام درویش جس کے بدن پر رگیں دھاگوں کی طرح الجھی نظر آ رہی تھیں اور پیٹ دھنس کے بیٹھ سے جا لگا تھا۔ وہاں پر آ گیا جب اس درویش سے اس کی بدحالی ولاغری کی وجہ پوچھی گئی تو کہنے لگا کہ شومیٔ قسمت سے میں کچھ دن فلاں ملک کے والی کا وظیفہ خوار تھا اسی دوران اس ملک کا والی جو ایک بوڑھا شخص تھا جلاد کی نسل سے ثابت ہو گیا اور اس حقیقت سے آگاہ ہوا کر اس کی منکوحہ شریف خاندان والی بیویاں غم کی تاب نہ لا کر آگ لگا کر جل مریں اور وہ رائے وخیم العاقبت بھی اسی آگ میں کود کر جہنم واصل ہو گیا۔ جب مجھے اس منحوس جلاد زادے کے ٹکڑے کھا کر پلنے کا احساس شدید ہوا تو اس زندگی سے کراہت محسوس ہوئی کچھ دنوں مسلسل فاقے اور ریاضت شاقہ کرتا رہا تاکہ میرے جسم میں اس خناس کے نان ونمک کا کوئی اثر باقی نہ رہے۔

لاغر اندام درویش کے اس بیان واقعہ کو برہمن پسر نے اپنی سرگذشت پر محمول سمجھا اور بلا تاخیر اس کی تحقیق وتفتیش میں نکل گیا اور سیدھا اس شہر میں پہنچا جہاں صیاد نے اسے اپنا بیٹا بنا کر پرورش کی تھی۔ وہاں دیکھا کہ ہر مکان بغیر کسی تبدیلی وتغیر کے اپنی جگہ قایم ہے۔ اس جگہ جہاں اس نے حکومت کی تھی تحقیق شروع کی تو دیکھا کہ دخترِ جلاد یعنی اس کی منکوحہ اپنے بچے کے ساتھ

زار وزار ایک طرف بیٹھی ہے۔اس نے دور سے اسے پہچان لیا۔ بچّے کو اٹھائے دوڑتی ہوئی اس کی پاس آئی اور کہنے لگی۔اے خود غرض شوہر ہمیں اس کسمپرسی میں چھوڑ جانا کیسی غیر تمندی ہے؟ برہمن زادۂ کار افتادہ موقع غنیمت جان کے اس طلسمی وادی سے بھاگ کھڑا ہوا۔ وہ عورت بھی روتی چیختی سائے کی طرح اس کا پیچھا کرتی رہی۔

شہر کا والئ وقت جو شکار کے لیے گھوڑے پر سوار ہو چکا تھا۔ عین وقت پر اچانک وہاں وارد ہو گیا۔ اس نے حالات کا جائزہ لیا اور سخت گیر سپاہیوں کو بھیج کر انہیں فوراً گرفتار کروالیا۔ ان سے جب اس آگ کی بابت اور اس میں چلنے کی حقیقت دریافت کی گئی تو برہمن زادے نے خود کو برہمن ثابت کیا اور اس عورت (بیوی) کو جلاد کی اولاد سے بتایا۔

والئ مسند آرائے انصاف وعدالت نے اس مقدمے کی مزید تحقیق کے لیے مدعی و مدعالیہ دونوں کی طرف سے معتبر لوگوں کو طلب کیا اور ان سے استفسار کیا۔ بحث و تمحیص کے بعد قوی دلایل سے برہمن برہمن زادہ ثابت ہوا اور وہ عورت اپنے بچے کے ساتھ جلاد کی جماعت سے پائی گئی۔

والئ وقت نے اس عقدۂ لاینحل پر تعجب و حیرت کا اظہار کرتے ہوئے مزید تصدیق کے لیے حکم دیا کہ اس ''مردنا مشخص'' کو ہاتھ پاؤں باندھ کے لہکتی آگ میں ڈالا جائے۔ یہ اگر نجیب و شریف قوم سے ہوگا تو آگ اسے جلا نہ سکے گی اور اگر نسبتاً کناس و جلاد ہوگا تو جل کر خاک ہو جائے گا۔ یہ بے غیرت آتش دوزخ سے زیادہ کا مستحق ہے۔ اسی وقت چھوٹے بڑے لوگوں کی ایک جماعت نے فریاد کی کہ یہ کناس جلاد تو جادوگر ہے۔ ایک سال قبل اس ولایت کا یہی پہلا والی ہوا تھا۔ جب وہ بے لباس ہو گیا اور اعلیٰ خاندان کی عزت دار بیٹیاں جو بجبر واکراہ اس کی صحبت کردہ تھیں، شرمندگی و خجالت سے نذر آتش ہو گئیں تو یہ جادوگر بھی اُن کے بعد دھکتی آگ میں کود گیا اور اس وقت یہاں سلامت کھڑا ہے معلوم ہونا چاہیے کو اس کی سرشت ہی ''سمندر'' کیڑے کی ہے جو آگ میں نہیں جلتا۔ والی وقت جب چند در چند حالات سے پوری طرح واقف ہو گیا تو اس نے حکم دیا کہ اس خبیث کا سر اور داڑھی مونڈ کر گدھے پر بٹھا کر سارے شہر میں پھرایا جائے اور حد شہر سے باہر نکال دیا جائے۔

اب اس برہمن پاکیزہ سرشت پر بڑی سخت گھڑی آپڑی تھی اور وہ قدرت الٰہی کے کرشمے دیکھنے کی آرزو لیے اس امتحان میں شامل تھا۔ بیحد شرمندہ ہوااور نہایت عجز و انکسار و ندامت کے ساتھ سچے بخشنے والے کی مقدس بارگاہ میں سجدہ ریز ہوگیا۔

چونکہ ہر زنگ آلود تالے کو کھولنے کی کنجی اسی کارخانۂ تقدیر کے چلانے والے کے پاس ہے فوراً ہاتف غیب نے صدا دی کہ یہ عابد مرتاض برہمن ظاہر داری سے پاک ہے اس کی شرمندگی جلا دی کو ختم کرنے کا سبب ہوگی۔ خسرِ وقت نے اس غیبی شہادت پر برہمن بچے کو ممتاز و معزز قرار دیا۔

اے دل دیوانہ! یہ ساری بیقراری اللہ کی مشیت کو نہ جاننے کی وجہ سے ہے۔ جب تک قدرت کے پوشیدہ راز اس پیدائشی مرتاض برہمن پر کھل نہ گئے وہ دنیا کے لالچ میں پھنسے لوگوں کو پہچان نہ سکا۔

لہٰذا کیسی ہی مشکل کی گھڑی ہو فیاض حقیقی کے فضل و کرم سے مایوس نہ ہونا چاہیے۔ سچ کہا ہے کسی نے ؎

بسا قفل کانرا نیابی کلید
کشایندۂ ناگہ آمد پدید

چھٹی کشایش

''اس حور شمائل و پاکیزہ خصائل خاتون سے متعلق جو کچھ دنوں تو فریبیوں اور دغابازوں کی وجہ سے بہت پریشان رہی مگر آخر کار مالک حقیقی کی توجہ خاص سے اس کی مشکلیں آسان ہو گئیں۔''

ایک بڑا راجہ جسے کوئی اولاد نہ تھی بیٹے کی تمنا میں ہمیشہ عجز و نیاز سے جھکا رہتا تھا مگر اس کی شاخ مراد میں کوئی پھول نہیں کھلا نہ اس کی امید بارور ہوئی۔ اس آرزو میں اس نے کون سا صدمہ تھا جو برداشت نہ کیا اور کون سی ترکیب تھی جو نہ کی۔

ایک دن ایسا ہوا کہ وہ شکار کھیلنے گیا اور ایک آہوئے مشکیں کا تعاقب کرتے ہوئے اس کا اسپ تازی لشکریوں سے جدا ہو کر بہت دور کسی صحرائے لق و دق میں بھٹک گیا۔ کہیں کوئی آثار زندگی کے نہیں تھے۔ ہر طرف ویرانی اور ہو کا عالم تھا۔ رفتہ رفتہ راجہ ایک ایسی جگہ پہنچ گیا جہاں ایک پیڑ کے نیچے اسے چودہ سال کی حسین و جمیل دوشیزہ بیٹھی نظر آئی جس کے تاب جمال سے چاند

بدلی میں منہ چھپالے اور جس کے رخسار کی تازگی دیکھ کر گل شرم سے اپنا دامن چاک کر لے۔

راجہ نے اس پری چہرہ سے کہا تجھے انسان کیسے سمجھوں کہ آدمی پری کی شکل میں نہیں ہوتا اور اگر پری سمجھوں تو پری کی مشابہت آدمی سے نہیں ہوتی۔ اگر تو حور کی نسل سے ہے تو سچ بتا کہ تیسری پیدائش میں بنی آدم نے کس آواگون (عمل تناسخ) کو اختیار کیا تھا اور اگر تو واقعی بنی آدم سے ہے تو یہ بتا کہ حور کیسے بن گئی۔ اس شکل وشمائل کے ساتھ جیسے طوبیٰ کی کوئی شاخ ہو، جنت سے باہر کیسے آ گئی اور اس حسن ولطافت کے ساتھ کہ بس چودھویں کا چاند ہے، زمین پر کیونکر آ گیا وہ حور شمائل بولی اللہ کا شکر ہے کہ میں آدم زاد ہوں اور بنی نوع انسان سے ہی ہوں۔ میرا وطن جہاں میں پیدا ہوئی ایک آتشی طوفان کی زد میں آ گیا اور شہر کا ہر چھوٹا بڑا، وضیع وشریف خس وخاشاک کی طرح جل کر ہلاک وتباہ ہو گیا۔ میرا باپ جو بہت بڑا تاجر اور مشہور زمانہ محافظوں میں تھا اپنے اقبال اور حفاظتی لشکر کے ساتھ موت سے ہمکنار ہو گیا۔ میری مہربان ماں کسی طرح مجھے لیے ہوئے اس آتشِ جہاں سوز سے بچ کر نکل آئی اور اس خرابے میں پہنچ گئی۔ میری عمر اس وقت صرف سات سال کی تھی، موت نے میری ماں کو بھی نہ چھوڑا اور وہ مجھے بیکس و بے سہارا چھوڑ کے دنیا سے چلی گئی۔ میں اپنی پھوٹی قسمت لیے یہاں پڑی ہوں۔ حوصلے نے ساتھ دیا۔ میں لاچار اسی درخت کو اپنا مربی سمجھتی ہوں۔ شام کو جب طیور اپنے بچوں کے لیے چارہ لے کر گھونسلوں میں آتے ہیں تو پس خوردہ درخت سے نیچے گرا دیتے ہیں، میں اسی کو چن چن کر کھا لیتی ہوں، اسی طرح میری زندگی کے دن کٹ رہے ہیں۔ اب میری عمر چودہ سال کی ہو گئی گویا سات سال سے میں اس سنسان بیابان میں جی رہی ہوں۔ واقعی راجہ نے جب کوئی متنفس یا ناخواندہ مہمان اس وادی میں نہ دیکھا تو اس دوشیزہ سے مخاطب ہوا کہ اے بے یار ومددگار حسینہ اس ویرانے میں بچپن کے دن تو محتاجی وکسمپری کی حالت میں گزار ہی چکی اب کہ تو سنِ بلوغ کو پہنچ چکی ہے۔ میرے ساتھ چل کہ تجھے اپنی زوجیت میں لے کر عزت دار وباوقار عورتوں میں شامل کروں۔

ہر چند کہ اس پری جمال کو انسانی ماحول نہیں ملا تھا اور وہ آہوئے صحرای کی طرح

گریزاں تھی مگر راجہ کی گرم جوشی محافظت سے متاثر ہو کر اس کی رفاقت اختیار کر لی۔ چنانچہ رائے عالی اس گل اندام کو اپنے پہلو میں لے کر منزلیں طے کرتا اپنے آباد علاقے میں پہنچ گیا۔ اس مہ جبیں کو اعزاز و اکرام سے اپنے محل میں لے آیا۔ محل کو سابقہ عورتوں کا حسن وغرور اس نو وارد محبوبہ کے جمال جہاں آرا کے سامنے ماند پڑ گیا۔ گویا اس چاند کے آتے ہی اس ستاروں کی رونق ختم ہوگئی۔ اپنی کساد بازاری دیکھ کر یہ سب ایک درد جانگداز کا احساس کرتی ہوئی سخت حیرت میں تھیں۔

حسن اتفاق سے اس پری تمثال کو راجہ سے حمل ٹھہر گیا اور راجہ کی پہلی بیبیاں سوتن ڈاہ میں پڑ کر اس کے خلاف سازشیں رچنے لگیں۔ انہوں نے اس خیال سے باہم مشورہ کیا کہ اگر اس کے بطن سے بیٹا تولد ہوتا ہے تو وہی تخت و تاج کا وارث قرار پائے گا اور ہم لوگوں کا وقار و اعتبار خاک میں مل جائے گا۔ یہ سب بالاتفاق راجہ کی خلوت میں گئیں اور عرض کیا کہ یہ محل نو وارد جو بہت حسین وخوبرو ہے، ویران خرابے سے اٹھا کر لائی گئی ہے۔ آدم زادوں کے ساتھ رہ نہ پائے گی کیونکہ یہ قوم اجنہ سے لگتی ہے۔ آتشیں نہاد سے خاکی نژاد کی صحبت صحت و مزاج کے لیے بے حد مضرت رساں ثابت ہوگی۔ حاکم وقت جو اس نئی نویلی کی محبت کا اسیر تھا۔ پہلی بیبیوں کی رائے سے متاثر ہو گیا لیکن اس کی محبت سے باز نہ آیا یہاں تک کہ وہ حاملہ پورے دن کو پہنچ گئی۔

سوکنوں نے ایک منصوبہ کے تحت دایہ کو اپنی سازش میں شریک کر لیا کہ جب اسے وضع حمل ہو تو اس سے قبل کہ ماں بچے کو دیکھے دایہ چیخنے لگے کہ بچہ سوّر کی شکل کا پیدا ہوا ہے۔

آدھی رات کو جب اس محبوبہ خوشرو کے بطن سا چاند سے بچہ پیدا ہوا تو دایہ نے سوکنوں کی غلط رائے پر اعتراض کیا اور ایسا نہ کرنا چاہا مگر وہ سب بضد ہو کر کہنے لگیں کہ اے میری ہمراز مامک (دایہ) خدا کے لیے راجہ کی ان بیبیوں کو بدنامی سے بچالے اور اس بلائے منحوس کو کہیں لے جا کر گمنامی کی قبر میں دفن کر دے تا کہ آئندہ کل کو ہم انگشت نمائی اور بانجھ پن کے طعن سے بچی رہیں آخر دایہ ان کی خوشامدوں سے بات مان گئی اور ویسا ہی کیا۔

سابقہ بیبیاں ایک ساتھ راجہ کے پاس گئیں اور یہ بناوٹی حکایت (واقعہ) بیان کر دیا

اور بولیں کہ ہمارا مقصد سوا سچائی بیان کرنے کے اور کچھ نہیں۔ عالم اجنہ سے انسان کس طرح وجود میں آسکتا ہے۔ سادہ لوح راجہ کے دل میں یہ بات اتر گئی۔ مقتضائے شرم وغیرت سے اس نے نئی محبوبہ کو محل سے الگ تو نہیں کیا مگر نظر سے گرا دیا۔ چنانچہ وہ گل سر سبد محل کی کم وقار اور معمولی کنیزوں کے ساتھ وقت گزارنے لگی۔

دایۂ بد بخت نے تو اس وارثِ تاج وتخت کے ساتھ سنگدلانہ سلوک سازش کے تحت کیا تھا کہ صدف عصمت کے اس درِ یتیم کو ایک گندے کپڑے میں لپیٹ کر کوڑا دان میں ڈال دیا تھا۔ صبح ہوتے ہی جب کلال (صفال کرنے والا مہتر) کوڑا کرکٹ اٹھانے آیا تو اسے کوڑے دان میں یہ دُرِ شہوار نظر آگیا۔ چونکہ اسے کوئی بیٹا نہ تھا وہ شفقت پدری کے ساتھ اسے اٹھا کر گود میں لیے گھر چلا گیا۔ اور اپنی بیوی کو نعمت غیر مترقبہ کہہ کر گود میں دیا۔ اس نے بیوی کو تاکید کی کہ اس چاند کے ٹکڑے کی پرورش جی جان سے شفقت مادری کے ساتھ کرے۔ کل جب وہ بڑا ہوگا تو میرے غریب خانے کی روشنی اور رونق ہوگا۔ اس طرح وقت گزرتا رہا اور وہ خاندانِ ریاست کی نشانی پرورش پاتا رہا۔ وہ جب اتنا بڑا ہوگیا کہ لڑکوں کے ساتھ کاٹھ کا گھوڑا دوڑانے لگا تو ایک دن اس لکڑی کے گھوڑے کو لیے اس کنویں پر جا نکلا جہاں سے راجہ کے محل میں پنہارنیاں پانی لے جاتی تھیں۔ کنویں پر لڑکے نے کہا اے میرے گھوڑے تو بھی پانی پی۔ پانی بھرنے والیاں یہ سن کر کہنے لگیں۔ آخر تو تو کلال کی نسل کا ہے ارے لکڑی کا گھوڑا بھی کہیں پانی پیتا ہے۔ اس طفل نوخیز نے انہیں جواب دیا کہ اگر عورت کے پیٹ سے سوّر (خوک) کا بچہ جنم لے سکتا ہے تو تعجب کیا کہ لکڑی کا گھوڑا بھی پانی پینے لگے۔ محل میں پانی لے جانے والی عورتوں نے جب اس لڑکے کی بات کنیزانِ محل سے دہرائی تو ان افترا پرداز سازشیوں نے اپنے لباس پوشیدگی کو مسکتے ہوئے محسوس کیا۔ سرکار میں شکایت کی کہ فلاں کلال کا بیٹا بہت شوخ ہوگیا ہے اور کنیزان محل کو گالی دینے لگا ہے۔ اس کی تنبیہ کی جائے تاکہ زبان کو لگام لگے اور خادمان محل کے ساتھ بے ادبی نہ کرے۔

انہیں دنوں اللہ کے حکم سے راجہ کی پیٹھ پر ایک پھوڑا نکل آیا۔ معالجانِ وقت اور

حکیمانِ زمانہ اس کے علاج سے عاجز آ گئے۔ آخر کار نجومیوں نے ستاروں کی چال دیکھ کر بتایا کہ راجہ کو یہ خراب بیماری ایک منحوس ساعت میں ہوئی ہے۔ اس عارضہ کا صرف ایک ہی علاج ہے کہ کوئی پاکدامن، پرہیزگار اور عفت مآب عورت جس نے سوا اپنے شوہر کے کسی دوسرے مرد کے ساتھ حظِ نفس نہ اٹھایا ہو آئے اور اپنی زبان سے راجہ کے ناسور (پھوڑے) کو چاٹے۔ صرف یہی ایک صورت ہے جس سے والی وقت کو شفا ہو جائے گی۔ خادماؤں کو اس کا حکم دیا گیا اور دیگر رانیوں نے بھی اس حکم کی تعمیل کی مگر کسی سے بھی اس مرض میں کمی نہ ہوئی اور کوئی فائدہ نظر نہ آیا۔

راجہ نے خیال کیا کہ وہ عورت جسے میں ویران خرابے سے اٹھا کر لایا ہوں اور فی الحال کنیزوں میں شامل ہے۔ اس نے میرے علاوہ کسی دوسرے مرد کا چہرہ بھی نہیں دیکھا ہوگا چہ جائیکہ وہ کسی کی شہوت کا شکار ہوئی ہو، شاید اسی سے میرے زخم کا علاج ہو سکے۔ لہٰذا راجہ نے اسے بلایا اور اپنی پیٹھ کے پھوڑے کو چاٹنے کا حکم دیا۔ انہیں لمحات میں اس بے قصور پری تمثال نئی بیوی کے ایامِ نحوست ختم ہو رہے تھے۔ بحکم خداوندی اس ماہرو کی زبان کا لگنا تھا کہ راجہ کا پھوڑا اچھا ہونے لگا اور دو دن میں اسے صحت کامل ہو گئی۔ اسے اپنی اس بیوی کی پاکدامنی کا یقین ہو گیا۔ بڑی شفقت و محبت سے اس کو پاس بلایا اور حقیقت حال دریافت کی۔ بانوئے مہوش نے ادب کے ساتھ عرض کیا کہ میرے انسان اور آدم زاد ہونے میں کوئی شک کرتا ہے تو وہ بالکل غلط ہے۔ وضع حمل کے وقت میں غشی کے عالم میں تھی۔ مجھے نہیں معلوم کہ میرے بطن سے کیا پیدا ہوا اور کون سی شے وجود میں آئی۔ راجہ کو اس کی راست گوئی پر کوئی شبہ نہیں رہ گیا تھا۔ اس نے فوراً حکم دیا کہ اس جھوٹی فریبی دایہ کو جو بچہ پیدا کرانے کے وقت تھی میرے پاس حاضر کیا جائے کہ سچ سچ ساری بات بتائے۔ جب وہ راجہ کے سامنے لائی گئی تو ایک ہی ڈپٹ میں بول پڑی کہ رانیوں کی سازش کے تحت اس خاتون ارجمند کے فرزند دلبند کو خوک (سؤر) کی شکل کا بتایا۔ اور اسے ایک گندے پارچے میں لپیٹ کے کوڑا دان میں ڈال دیا گیا تھا، مگر وہ میرے ہاتھ میں دوبارہ نہیں آ سکا کیونکہ علی الصباح فلاں کلال صفائی کے لیے آیا اور اس دُرِ یتیم کو ایک نعمت سمجھ کر کوڑے دان سے نکال

کے اپنے گھر لے گیا اور بڑی محبت سے اس کی پرورش کی۔۔۔۔

نوٹ: (یہاں سے آگے کے اوراق اصل مسودے میں نہیں تھے شاید کہنگی، خستگی اور جلد ٹوٹی ہونے کی وجہ سے وہ ضائع ہو گئے۔ ساتویں کشایش تو سرے سے مخطوطے میں موجود ہی نہ تھی۔ آخری دو صفحوں پر ترقیمہ و قطعات تاریخ تصنیف تھے جو درج ذیل ہیں) برق عفی عنہ۔

ہر سعادت اللہ کی توفیق سے ہے۔ نیکیوں کی برکت سے نسخہ کشایش نامہ اپنے اتمام کو پہنچا، بعون اللہ تبارک وتعالیٰ۔

اب چند تاریخیں جو میرے لائق عزیزوں نے لکھی ہیں۔ ملاحظہ ہوں:

عزیز بزرگ منشی والا دانش نند لعل منشی لکھتے ہیں:

قطعہ

چون خواجہ راجکرن دانش آمود
نگارین نامۂ تصنیف بنمود
خرد بر گفت تاریخ تمامش
سر انجام کشایش نامہ بہبود

۱۱۰۱ھ

ایضاً

خواجۂ راجکرن خوش فرجام
نامۂ نغز را چو داد انجام
سال اتمام آن بگفت خرد
نامۂ من بخیر باد انجام

۱۱۰۰ھ

ایضاً

چون مجمع فن راج کرن ساکن ہتک
بنمود خرد نامۂ رنگین بے شک
جستیم چو تاریخ تمامش ہاتف
برگفت" کشایش نامہ و آن مرک"(کذا)

۱۷۵۵ (کذا)

ایضاً

راجکرن چو از کرم خالق العباد
تصنیف کرد نامۂ رنگین خوش سواد
تاریخ اتمام پرسیدم از خرد
ہاتف زغیب گفت" شگفتہ گل مراد"

۱۱۰۰ھ

ایضاً

تصنیف نمود خواجۂ راجکرن
صحفی کہ بطبع چون صبوحات بود
سال اتمام آن لطیفۂ خردم
برگفت" صحیفۂ فتوحات بود"

۱۱۰۰ھ

کافور خاں سہسوانی کہتے ہیں:

کشائش نامۂ من آفتابیست
کہ فیضِ او بخاص و عام کم نی
پئی تاریخ او از عالم غیب
سروش آمد بگوشم گفت "غم نی"

۱۱۰۰ھ

عزیزی فیض اللہ سہسوانی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ کشایش راجکرن بے "بد" ہے، یعنی بد کا عدد چھ ہوتا ہے اگر "کشایش راجکرن بے بد" کے عدد سے کہ ایک ہزار چھ (۱۱۰۶) ہوتا ہے چھ (۶) عدد کم کردیں تو گیارہ سو باقی رہیں گے۔ (نقل عبارت میں کوئی غلطی ہوئی ہے کیونکہ صحیح عدد گیارہ سو پانچ آتا ہے) برقؔ۔

یاالٰہی عزیزوں کی عمر میں برکت دے اور ہر قاری و سامع کو کشایش عطا فرما۔ واللہ اعلم بالصواب۔

تمت تمام شد، کار من انجام شد

یہ نسخۂ کشایش نامہ مصنفہ راجکرن کایستھ، بخطِ خام بندۂ درگاہ اضعف العبادِ عبودیت منشی دلسکھ رام زمانہ طفولیت میں کہ مکتب خانۂ تدریس میں علم حاصل کررہا ہے، انگریزوں کے زمانے میں بتاریخ ۱۴ رشعبان ۱۲۳۱ ہجری وقت سہ پہری مطابق اساڑھ سدی پورنیماشی ۱۸۷۳ سمبت تکمیل کو پہنچا۔

ہر کہ خواند دعاء طمع دارم　　زانکہ من بندۂ گنہگارم
من نوشتم صرف کردم روزگار　　من نمانم این بماند یادگار

یاالٰہی جو بھی اس کا مطالعہ کرے اور مجھے یاد رکھے اسے جلد از جلد علم کا بہرۂ وافر عطا فرما بحرمت النبی وآلہ الامجاد۔

فرہنگ

آبسال	باغ	بافیہ	بُننے والا
اِبسال	ممنوعہ	بارگی	گھوڑا
ادقچہ	سرپوش	بدہان دکنان	بھورے رنگ کے پھول
اخشیج	متضاد	بدہان	جمع بدہ کی
احراق	جلانا	برزوی	عقلمند
استغراب	حیرت، تعجب	برزن	راج مستری
استکشاف	کھولنا، ظاہر کرنا	برسنی	بید، ناک کی کیل
استعلام	کسی بات کا معلوم کرنا	پدرام	آراستہ
اشتمالت	شامل کرنا	پونم	زین کا غلاف
اصطبار	صبر	پیغولہ	تنگ گلی، منہ کا کنارہ
اصدار	شائع کرنا	تالی	گنّا، نیشکر، بوڑھا آدمی
اضعاف	کمزور	تحیہ	سلام
اعراق	عرق کی جمع	ترغیم	گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار ہونا
اغضا	چشم پوشی	تَش	کلہاڑی
امہال	مہلت دینی	تِش	پیاس
آمور	غدود	تشتت	پراگندگی

اہتزاز	جھومنا، ہلنا	تصدیعات	دردسر
ترزہ	خوفزدہ	چاربالش	مسند، تخت شاہی
تک	تیز دوڑنا	چکان	خون کا رسنا، ٹپکنا
تودّد	دوستی، محبت	چرچر	صدائے، آواز
جنب	قریب	حتم	پختگی
جغہ	مکّے باز کا دستانہ	حث	لالچ، سوکھی روٹی
حدیقہ	باغ	حدکے	آنکھ کی پتلی
حصر	احاطہ کرنا	حقہ باز	شاطر، عیار
حکام	دنیاداری	حمامہ	فاختہ کی ایک قسم
خایہ	پرندے کا انڈا	خزیدہ	گھسا ہوا
خُلّہ	چبھتی ہوئی چیز	خول	مچھلی کی قسم
خُولے	سفید جنگلی مرغ	رامشگران	مغنیان
رتق	مرمت کرنا	رقیق	شوربہ
رِخوت	درد، سستی، ڈھیلاپن	رَفتگی	خون کا بہنا، اونچا سننا
رَغم	برخلاف	رَشفیکے	چوسنا
رَمض	گرم ریت	ریم	سفید ہرنی
زال	بوڑھی عورت	زلابیہ	جلابی
زناشوی	تقریب شادی	ساطع	ظاہر، روشن
سیتلان	آرام کی جگہ	سُپری	قدموں میں گرنا
سترہ چند	جانور کے بال تراشنے والا	سَرُح	درخت بے خار
شمال	پھلوں پر چڑھانے کا غلاف	شغبال	دھوکا باز، مکر نے والا

شقایق	لالۂ شقیقہ کی جمع	شگرف	بہترین، مضبوط
صخر	چٹان	صخرت	بھاری، سخت پتھر
صدد	قربت	صعود	بلندی پر چڑھنا
صفیر	منہ سے سیٹی بجانا	صیت	شہرت
طریان	وارد ہونا	ظبیدہ	پیسہ رکھنے کا بیگ
عبن	رکھڑا پن	عبوار	بچہ
عجز	بوڑھی عورت	عسیٰ	ہوسکتا ہے
عظام	عظیم کی جمع	علق	بہترین شراب، اونٹ کا کوہان
غُمَرر	زیورات	غروش	غصہ
غشتہ	مٹی	غلطک	لوٹنی
غلیز	دلدل، کیچڑ	غنج	تکلیف کا چہرے سے ظاہر ہونا
فراغ	ختم کرنا، مکمل کرنا	فتق	پرانی شراب
قابور	جام پوش	قباب	مچھلی کی ایک قسم
قبک انداز	دریائی پرند	قلاورزی	لشکر کی نگرانی، ہل چلانا
غبرت	گردوغبار، اندھیرا	قلہ رانی	گھوڑا ہانکنا، ہل چلانا
قلہ	ہل، زمین جوتنے کا آلہ	قماط	جانور باندھنے کی ڈوری
کیاست	تیزی، چالاکی	کرایہ	قرابہ
کربت	تردد، غم	کپاست	ترازو
کرناس	بھنگی	کسرے	نقصان
کرور	اندھا کنواں	گفل	مسلسل فاقہ کرنا
کعوبت	ایڑی، سخت پستان	کنگالیش	مشورہ، استخراج

کلال	نوکر	کیکایش	صحیح، درست
کیف ما یتفق	اتفاقاً	گنجفہ	تاش کا کھیل
لادبان	دیوار پلاسٹر کرنا	لریان	احمق، گنوار
لعل	شاید، کلمۂ تمنا	لوم	کنجوس
لوام	اتہام لگانے والا	سیم	دوستی، صلح و آشتی
ماکر	دھوکے باز، فریبی	مُبیت	ساتھ رات بسر کرنا
مترصدہ	نگراں	مبرات	اچھے کام
محاق	چاند کے مہینے کی پہلی تین راتیں	مبعث	جائے بیداری
متصدی	عمال	مخبرہا	خبر دینے والے
مخدرہ	پاکدامن عورت	محروسہ	پایہ تخت
مبلغی ارزاں	قابل لحاظ رقم	مزدق	مصفا
مرأت	آئینہ	مسکوب	پانی بہایا ہوا
مراغیہ	اصطبل	مرادت	تلخی
مرغولہ	گھنگھریالے بال	معبر	دریا عبور کرنے والا
مغاضار	آرام گاہ	مراغ	ڈھلان
مطارعہ	مشورہ، کانفرنس	مقرون	ملایا ہوا
مناسخ	ورثہ	منوعہ	افکاری
مہماز	گھوڑا کو ایڑ لگانے کا آلہ	نابع	ابلنے والا
نصبہ	مقابل، مخالف	نوردیدن	موڑنا، لپیٹنا
نُویم	اکیلا	واشدن	کھلنا، ختم ہو جانا
وَامے	مقروض	وَجع	درد

وَخیم	گرم	وخیم العافیت	تکلیف دہ
وصمت	گناہ، جرم	وخیم	بھاری، بھدا
ھبوب	آندھی، جھکڑ	یبوست	خشکی، نقصان
یمن	سعادت		

ضمیمۂ فرہنگ

اقشہ	قماش کی جمع	بُسد	مونگا
بُکرہ	چرخی	تارک	چوٹی
ترادفہ	ہم معانی ہونا	حث	لالچ
حصور	مائل بہ نرمی	حضیض	نشیب، پستی
سج	گھِسنا	سِید	بھیڑیا
سور	لال، قلعہ کی دیوار	شحن	ہانکنا، دور کرنا
شنجرف	چمکیلا، سرخ رنگ	شنکول	شوخ، ظریف
صخرہ	چٹان، پتھر	عفت	پارسائی، پرہیزگاری
غبرا	زمین	غفر	بخشش، معافی
غلیان	جوش، ابال	کفل	پُٹھ
کوبہ	کبڑا	لادبان	قلعہ دار
مرابحت	نفع سے بیچنا	شکو	حویلی، بالاخانہ
ملوم	ملامت کیا ہوا	نسج	بُنائی کا کام
سرائے تین	دنیا و آخرت	نول	چونچ، ٹونٹی

یا شیخ یا شیخ یا شیخ

یا فتاح

الله

بسم الله الرحمن الرحیم و تمم بالخیر

قربان [illegible] وار بیچون فضای افلاک را با این همه بوقلمون [illegible] منقش نمود و [illegible]

[illegible] حاک را با این همه گلگونیات متنوع ایجاد فرمود اگر مهر شعشعه یا نیم ماه [illegible] نمادی [illegible] کار خورشید بهار [illegible]

برق برق مهر تابد [illegible] لال بنجه رستم بر تا بر و بر رگی حرج [illegible] عکوس [illegible] گو د [illegible] و [illegible] از و [illegible]

با گیتی [illegible] آید [illegible] آنجه [illegible] از [illegible] نصیب یاری گنجیده کوهر [illegible]

[illegible] تاج و [illegible] صاحب حکم [illegible] فروغی [illegible] کدر [illegible] یاری [illegible] شیدنی [illegible]

[illegible] ماند ساغر [illegible] ساخت [illegible] کرده [illegible] و [illegible] صدق [illegible]

[illegible] در چون قطره [illegible] خسار عصمت [illegible] رسیده مجنون [illegible] شگفته

[illegible] کوید و چون [illegible] ساخته فریاد [illegible]

[illegible] چکیده

قهقهه

فراش جهان باختیب بهار اول بهار انس صبح صادق ناخن عندلیب را در مقام قهقهه

انداخت و شاخ گل ریز از نسیم بهاری در اعمال عالم در حمل گل باتفاق دریا جمع و سخن گستر

زبان به زبان آمده سوسن ساز ... سبزه و ریاحین چمن در بیدمشک و شکوفه گل

گلها را از گریبان ... بوستان بنفشه عندلیبان دانه چه آمده ... جلاد در جنبه

از الندو مضطرب تربیت بلبلان رنگ جمال ... رونق ... معمورها بالاسهم الانهار

و کلاه سنبل‌های جویبار و درخت‌های کوهسار ... البلاد ... الحیوان گردید

دلربایان زر ... لعبت‌های شیرین ... دلربایان

دلداران ... صاحب آفتاب ... حال

وارسته‌های گوناگون و حله‌های بوقلمون در هم نور دیده ... از نظاره ... بهشت ...

رگ جان قمری ... باد ... سرو ... سوسن ... بر زبانه گوگو ... اوازی

از بلاد عبرت ... سبحان قدرتش ... واری

هرجا ... بالوان ... هر که جای جناب ...

اگر ... در شگفتان ... هر که ...

... هر که از جان ... کریم ... صفت کرم ...

ختم ...

منزوی به از بر ورد هر حاکمی چرا که خود را لایق اعانت ملاذ یکبار روا نیارد و اگر بیرد حکمی از حاکم حکام شد یکبار روا بر
گیرد و علمی چه از دست قابل گرده را لالا ز رسد کند شوانکرد و اگر از انجا تمام اسارت ارزید نماید میوه ایمه نمود
صاحبی شد او را بان نوبت حمار هست بار که تا همه درو حاصل سالبان قریب از اسباب باز که شاه رحیمی
در درگاه بی عجز و استغفار عیانی از زرای نماید عفو تقصیرات لامحاله از رای تا حاصل چه بسم الله الرحمن الرحیم
درستان او والیست و نام اکرم الاکرمین در ممالک خلقی او که اهالی اکرمین بحیرانی لا جزل تقدیر طاقت
طلبت الی الهیت نمای لمن الملک الملک بحرمت روی [illegible] تا هر چه نماید بوجه منتفضل [illegible] شود ابدی حیا نگه ها اگر
عهد شستی رها بر از باری خود نه در آمد ایمنی مقامیست لا امکان بهر آن بسی سیر بار و وصفش نامیدانی اگر
بلند پروازان اهو [illegible] یا هو کوهان در هوا بیش جمیع خلق نفر تا عمق زبان بر زمین رسیدند و بعض
شاهبازان کرم گیر در [illegible] شکار جامه سرا را بر بکوله انا الحق بر پردار کشاند [illegible] غضب منجیه بوقات تقدیر
گهی بند از این اضعف ترین مخلوقات چه آید و چه کرسی باید بر وانه [illegible] سیر بار ها [illegible] پروانه جانبان
کند در پیکار ما که کریمه الهی بشکر نعمت های انواع الکریم المعروف قدیم اللطف برنید چه بید و اکر
بالغرض اصد سعی و فنون و بهار اسحر و افزون شکری از نعمت ها او والی نماید چه نماید شکر الشکر لله که
و بهر شکر یا شکر دیگری او را لابد ۹۱۲ [illegible] شکر نا شت [illegible] شکر هم الی نعمتهای حد
چون در اینجا عبارت حکم [illegible] نسبت [illegible] گرد و قالو [illegible] ما هم [illegible] بحمد الله علاج از این

خاتمه نقشه ابد

این بلند همگان را مشتهی با وصف [illegible] بر وصف و تلطیف این رساله رقم سپرده و این مقاله شیلی ازو

در نهایت [illegible] نامیده سمت کعبه [illegible] میشاید در این [illegible] آنچه العصر [illegible]

[illegible] و معنی خان در کسر وباد مضاف [illegible] حلاصه [illegible] اگر صد [illegible] طالبان عجوزه

[illegible] مسئله ابراهیم [illegible] الدهم [illegible] جحد [illegible] خبر [illegible]

از پا نه در آینه [illegible] نماند [illegible] [illegible] بدانند [illegible]

[illegible] شقیقه یا بن الاعزیا [illegible] [illegible] در بدر [illegible]

[illegible] عمر الهدل [illegible] المسائل است محض و تحصیل [illegible] مولد [illegible]

[illegible] آن است [illegible] آن [illegible] کرده [illegible]

[illegible] آن [illegible] عدد [illegible] و آن [illegible] السوال [illegible] و آن [illegible]

در ماند [illegible] کار [illegible] عالم [illegible] و ملکوت آن

[illegible] الهوت [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] عنصر [illegible] بسیار [illegible]

[illegible] بحر [illegible] اصدا [illegible] امواج کوه [illegible]

[illegible] سموم [illegible] این ملوم [illegible]

[illegible]

نتیجه چنانچه از ریاست نبوت شده نمای تازه گرفت بجائی پیوست که در طفلان

بی سواد بسواد حرفی یکی جائی نموده بر آن جای گردان جاه گرفت بمحل خاص آن برای عالیجاه

میر سید میر رفت و میگفت که ای خانه [illegible] بن [illegible] یکی بجور زبان آریکش در حوالش میکنند

بی بهم نو سواد اخراز رسل کلکل ماشی در ارحب [illegible] آن میخور [illegible] طفلک صحبت را نتیجه

بر داخته کلمه [illegible] لشوال نجه خوک بوجود آمده چه جب [illegible] ام آب [illegible] جنب بنشیران متکفل

خدمت آن یکی غلام زبان آن کوک نذر نشریان در خدمت چاکران محل نقل که و قبل ازان

افترا بر والد در حیله ابلیس اماره اند نشسته اند لباس [illegible] بانحراف [illegible] بریدند

در طفل [illegible] ملل از بسکه یادبان [illegible] و [illegible] می آید زبان بدشنام [illegible]

تادیب چنان با سنایان بهمان [illegible] آمده [illegible] ترک [illegible] اند نمود

ام شده محبوسش گردانید در خلال این حال بحکم قادر ذو الجلال وسیله در دولت رای بلند

اقبال بوجود آمده معالجان وقت و حکیمان زمانه در معالجه دست برنج مانند آخر ما

منجم سمای سپهر احکام [illegible] حکم کرد [illegible] این عارضه در ساعت عارض [illegible] وقت

شده که اکثر زنان محرمه عصمت و بکره عفت که سوای [illegible] بکری [illegible]

بحالت نفس بگذشته تا به زبان خود بلیغ شفا میتواند بر زفت بجا دمان متل اجازت شد
که هر یکی در پی معالجه شوند چون مهم از هیچ یکی بکفایت نرسید و فایده نبخشید این مرید
رای فرمود که آن رنجه را که از خزانه مطلق آورده ام از غلبت نسیان یا روی ادویه هم ندیده باشند
تا به الفت دیگری چه رسد ما در صدد اعلاج شود در صورتیکه ایام منحوس الان با نوی زنی
تقصیر منقضی شده بحکم حکیم علی الاطلاق از بن زبان آن طوطی بوستان عصمت دریاب داد و قدر
روبه بهی آورد چون سالی دیگر رسید از سعادت معجزه عفت آن صبیه عصمت قباب فرزندی اعتبار
آورده از حقیقت العوامل بازپرسید بعرض گذرانید که در این بنت ... ملکی در وجع
در بار این لوعه میدانم چون ... وجه خیر بوجود آمده از آنجا که رای ... را رسیده
تا نیک بدیت رسیده بود فی الفور فرموده و این دخل مایه را در شکیبه کنند تا طلسم از سر گنج
حفظ بشکند چون همچنین کردند زن ناقص العقل در یک شبه بعرض عرض بهام با عوای انبار
چند فرزند دلبند آن خاتون ارجمند را به مبالغه چو کرد را نموده این گوهر یکدانه در یک بارچه
بلند حیده بر جلی اندراجیه ام لیکن بحکم حرکو هر معادن بوسکن بماند آمد در متمهد این علل
در نهای عظیم دانسته بخانه خود بر گشت دلها باخته جایدد که آخر به دخل ... انبار زان سر لعد

ان ایرلو

در پس سوء دستش قائم شعوء تالیف تحریر نقش معرض تیر صفحه دل بنگاه و بهر جه

نگه لب نقش کمال تحریر باشد جهی توفیق در پی سعادت الله تعالی و الطاف موفق احسانات اتمام

سال بجو بست نسخه گلشن نامه بعون الله تبارک و تعالی حالا تاریخ چند جو هر نو بنیاد ارجمند دل

اتمامش گفته و آورده پیر بزرگ بینش الله و الشی مند لوات میگویند قطعه خواجه

راجکرن و الشی اسود ؛؛ لکه اینا نامه تصنیف نموده ؛؛ خرد مرکفت تاریخ تمامش ؛؛

سرانجام گلشن نامه بنموده ؛؛ ایضاً خواجه راجکرن خوش فرجام ؛؛ نامه نغز را

چو داده انجام ؛؛ سال اتمام آن بگفت خرد ؛؛ نامه من بخیر باد انجام ؛؛

ایضاً چون مجمع فن راجکرن سال آنکم ؛؛ نمود خرد نامه رنگین یکتا ؛؛

جستم چو تاریخ تمامش الف ؛؛ بر گفت گلشن نامه و آن مرگ ؛؛ ایضاً

راجکرن جوار کرم خالق العباد ؛؛ تصنیف کرد نامه رنگین خوش سواد ؛؛

تاریخ اتمام بپرسیدم از خرد ؛؛ الف از غیب گفت شگفته گل مراد ؛؛ ایضاً

تصنیف نمود خواجه راجکرن ؛؛ صحیح که لطیع چون صبوحات بود ؛؛ سال اتمام

ان لطیفه خردم ؛؛ بر گفت صحیفه فتوحات بود ؛؛ کافر مان ملکسته مهران

میگویند قطع کرت لنس نامه من افتادست مارا که فیض او بخاص و عام کم بینی
بی تاریخ او از عالم غیب یافتم سر و لس آمد بگوشم گفت عم لی با عزیزی جمع الله
سهو لی و فرید میگویند کرت لنس را جکرت لی بدیعی عدد بدست نمی باشد آنکه از عدد
کرت لنس را جکرت که یک هزار و یکصد و سی در حساب می آید کم کنند یکهزار و یکصد باقی
می ماند الهی سر عمر عزیز ان تقصیر اید و بجای هر یک ثقل رب سامع کرت لنس عطا فرماید
والله عالم بالصواب تمت تمام شد کار و انجام نسخه کرت لنس نامه من تصنیف
راجکرن کا تب بخط خام مذع ذلک الصعوف العباد عبود میلی جلسه نسخه سهوم
طفولیت در روز مکتب خانه تدریس علوم نامعلوم در عهد صاحب ایکیمه ... لایح
ربیع الثانی روز چهارشنبه ۱۲ هجری وقت سه پهر مطابق آساره سدی
سمت ۱۸۲۵ با تمام رسید هر که خواند دعا طمع دارم یارا که من بنده کمینه
ره نوشته تمام بر سیاهه ... ستم
صرف کردم در کار ما ... انجام این بهر یار کار ما الهی هر که این را بخواند
یا بگفته ... وفات ... والله اعلم